18 *Shri M. Buchiah* Will the hon. Minister for Finance be pleased to state —

(1) Whether any expenditure was incurred by the Government of Hyderabad in connection with the Rajpramukh's recent visit to Delhi ?

(2) If so, what is the total amount involved ?

Dr G.S. Melkote . (1) No expenditure was incurred by the Hyderabad Government in connection with the Rajpramukh's recent visit to Delhi.

(2) The question does not arise.

CIVIL & MILITARY OFFICERS ON DEPUTATION

22. *Shri G Sriramulu :* Will the hon. Minister for Finance be pleased to state :

(1) What is the total number of Civil and Military Officers deputed from outside the State after Police Action ?

(2) What is the expenditure incurred on them since Police Action ?

(3) Now that some of them were repatriated, what will be the expenditure that may have to be incurred on the remaining officers till they also are repatriated?

Dr G S Melkote

(1) The total number of Civil Gazetted Officers including police deputed from outside the State after Police Action was 271. No information is available regarding the Military Officers

(2) The figures of expenditure incurred on them since the Police Action up to the end of March 1952 are not readily available.

(3) The expenditure on these officers during the year 1952-53 is estimated to be Rs 5 76 lakhs.

ROADS IN PARBHANI DISTRICT

29 *Shri Shamrao Madhav Rao Naik (Hingoli-General)* Will the hon Minister for Public Works be pleased to state:

(1) Whether the Government are aware that the construction of roads from Hingoli to Aundha Naganath, from Lavy to Gangakhed and from Mantha to Jalna in Parbhani district started three years back has not been completed?

(2) If so, what are the reasons for such an inordinate delay in the execution of small road works?

Shri Mehdi Nawaz Jung

(1) Yes.

(2) Reasons for the delay incompletion of these road works are as below.

(a) *Hingoli to Aundha Nagnath Road, Parbhani District*: This road was started in August 1947 Progress was hampered in the initial stages due to standing crop along the alignment and dispute about the alignment towards Aundah end The unsettled conditions during 1948-49 and virulent outbreak of small-pox around the area during April and May 1949 resulted in the dislocation of work. There were also difficulties in procuring foodgrain for the labour in sufficient quantity at controlled rates.

(b) *Gangakhed-Palam-Loha Road, Parbhani District*: The work was started in January 1947. Unsettled conditions during 1948-49, local disturbance by unsocial elements which went to the extent of even looting the camp of the contractor and difficulty in procurement of foodgrains for

the labour in sufficient quantity at controlled rate contributed towards slow progress The contractor demanded higher rates, which was rejected Consequently the contract was cancelled The work has now been resumed and in good progress

(c) *Jalna-Mantha Road, Parbhani District* The work is situated in difficult area and there was no response to the call for tenders Consequently the work was split up into two sections of six miles each The progress in first section not being satisfactory, action is being taken for the termination of the contract and to call for fresh tenders. In the second section, progress is fairly good

REPAIRS TO TANKS

54 *Shri T Ram Reddy* Will the hon Minister for Public Works be pleased to state —

(1) The total number of tanks and ponds in Narsapur taluq, Medak district, which have got breached due to untimely rains in the year 1951.

(2) Out of these the number repaired or reconstructed.

(3) The extent of Ayacut under cultivation

(4) The number of ponds or tanks not repaired and why they are not repaired

(5) The number of sources of irrigation that are still to be repaired or constructed.

(6) The period required for such repairs or construction.

(7) Since how long are the Ayacuts and revenue being affected by the breached conditions of these tanks and ponds,

Shri Mehdi Nawaz Jung

(1) Total number of tanks breached in Narsapur taluq during the heavy rains of July 1951 are 123, with an aggregate ayacut of 10,813 acres.

(2) Out of the above : (3)	*Nos.*	*Ayacut in acres.*
(i) tanks surveyed	51	3,907
(ii) works sanctioned	14	573
(iii) works repaired	3	136
(iv) Programmed for completing by 6/1952.	11	437

(4) The balance works could not be taken up due to paucity of funds as the balance remaining from Government of India loan of I G Rs 50 lacs was just sufficient to complete the works already in progress Attempts are being made to take up more Works in hand from the fresh Government of India Loan

(5) Total number of breached tanks yet to be repaired including those that breached during September 1940 are 124 numbers, with an ayacut of 11, 232 acres

(6) Three years period is required for repairing the above if sufficient funds are made available

(7) Excepting an ayacut of 645 acres affected since September 1950, the rest of the ayacut is affected since last July

CONSTRUCTION OF ROADS

56 *Shri T Ram Reddy* : Will the hon. Minister for Public Works be pleased to state

(1) Whether there is a proposal to construct roads from Sangareddy (the headquarers of Medak district) to Narsapur via Daulatabad and from Nasasapur to Tupran via Sivampet ?

(2) If so, when is the work proposed to be started and completed ?

Shri Mehdi Nawaz Jung (1) There is a proposal to construct a road from Narsapur to Tupran via Sivampet. There is no proposal via Daulatabad

(2) The road from Narsapur to Tupran has been included in the first Five Year Plan and will be taken up as soon as the plan is sanctioned and funds are available. The completion of the road will take four years.

BILLS OF CONTRACTORS

57 *Shri L R Ganerwal* : Will the hon. Minister for P.W.D be pleased to state :—

How many bills of A, B, C class contractors are yet pending for payment, for

(*a*) Building works,

(*b*) Road works

(*c*) Tank and bridge works

undertaken by the contractors during the year 1355 F to 1359 F.

(2) A district-wise and City-wise list of such A,B,C contractors whose bills are yet to be paid and the total amount to be paid ?

Shri Mehdi Nawaz Jung Information has been sought from the concerned offices In the Public Works Department, there are a large number of officers having disbursing powers Detailed information, as required is being collected from all these officers and is execpted to take more time

UNEMPLOYMENT

19 *Shri M Buchiah* Will the hon Minister for Labour be pleased to state

(1) The total number of unemployees in Hyderabad State.

(2) What measures the Government propose to take to relieve unemployment.

The Minister for Labour and Rehabilitation (Shri V.B Raju) : The Government are in possession of the information pertaining to the registered unemployed only, but not all the unemployed in the State.

The number of registered unemployed persons with the Employment Exchange is 18,495 including 4,568 ex-servicemen at the end of April 1952

(2) Measures to relieve unemployment consist of

(*a*) Regulating unemployment by registration and placement through Employment Exchange.

(*b*) Relieving unemployed by organising them into industrial and agricultural co-operatives with State assistance.

LABOUR COLONY AT RAICHUR

68. *Shri L.K. Shroff* . Will the hon. Minister for Labour, Planning and Information be pleased to state :—

(1) Whether it is a fact that the District Labour Welfare Committee of Raichur has recommended the construction of Labour Colony in Raichur ?

(2) If so, what action has been taken on this recommenation?

Shri V B. Raju : The Municipality and the local Industrialists were approached in the matter, butno recommendation was made to the Government.

(2) The question does not arise. But it may be added for the information of the House, that the State Industrial Workers' Housing Committee has recommended to the Government

under the Five Year Plan, for the construction of 200 houses in Raichur town for the factory workers This matter is under the active consideration of the Government and if funds permit, action will be taken according to the programme of the plan

Business of the House.

श्री लक्ष्मीनिवास गनेरीवाल कल आपने फरमाया था की पार्लिमान्ट का जो तरीका है वह अखतियार किया जायेगा। मै हयाड बुक् फार दि मेंबर्स (Hand-book for the Members) के पेज (Page) १ क्लाज (Clause) १३ को पढकर सुनाना चहाताहू। वह यह है की

Rule 13 at page 8 of "Parliament of India, Hand-book for Members"

"A list of questions in answer to which Government propose to lay statements on the Table of the House will be available in the Parliamentary Notice Office for perusal of Members at 10-30 a m on each day of the meeting of Parliament for which question time is allotted The name of the questioner will be shown against each question"

مسٹر اسپیکر - میں سمجھتا ہوں کہ کل میں نے جو کہا تھا اسے آنریبل ممبر نے سنا نہیں - کل میں نے اسٹیٹمنٹ کے بارے میں کہا تھا - وہاں جو الفاظ ہیں وہ اسٹیٹمنٹ کے بارے میں ہیں - اسٹیٹمنٹ کی صورت میں اس رول (Rule) کو فالو (Follow) کیا جائیگا - میں نے کل اور پرسوں اسکی وضاحت کردی تھی -

श्री लक्ष्मीनिवास गनेरीवाल पहले मुझे पूरा पढदेनेकि अिजाजत दीजिये।

"List of questions included in the list for any particular day can be obtained at the Notice Office at 10-30 a m on each day"

The question of obtaining copies is there Copies of answers are not available They are laid in the Library room or notice office whatever it is called. They have to be supplied to all the hon. Members

Mr. Speaker · It does not mean all the members but it means only the particular member who puts the questions. One or two copies of the answers may be available and it may not be possible to supply copies of answers to all the hon. Members of the House.

Dr. Channa Reddy . Even then, copies as far as 'Statements' are concerned and not replies.

श्री लक्ष्मीनिवास गनेरीवाल. लेकिन वह तो मेंबरको भी नहीं मिला। जिसको दिलवानेका हुकुम दिया जाय।

مسٹر اسپیکر ۔ جو ویسا ھی کیا جائیگا ۔ کل میں نے ھدایات دیئے ھیں ۔ کل ھاؤس میں ریلوے بورڈ اور سینٹ کے جو الکشن ہونے والے ھیں ان کے لئے نامنیشن (Nomination) کی تاریخ کل رکھی گئی تھی ۔ اور آج ودھ ڈرال (Withdrawal) کے لئے تاریخ رکھی گئی ہے ۔ کل ریلوے بورڈ کے لئے الکشن (Election) ھوگا ۔ اس سلسلے میں میرے پاس ایک درخواست آئی ہے اسے میں ھاؤس کے سامنے پڑھ دیتا ھوں ۔ یہ درخواست اسپیکر کی موسومہ ہے ۔

Sub —Mode of election—Suggestion—Proportional Representation

Sir,

We have personally explained to you that the elections to the Railway Local Advisory Committee and the Senate of the Osmania University should be by proportional representation The Constitution under which we are working makes this provision for various committees, and generally the rules are also on that basis We are of opinion that that is the spirit of the Constitution, and we should be guided by that.

It is accepted on all hands that for proper functioning of democracy, and for representation to all views, parties and groups, proportional representation is the best method. Moreover, we have tried it with success.

We, therefore, request you to have the elections by proportional representation

Dated 12-6-1952.

Your faithfully,
(Sd) V D. DESHPANDE,
Leader, Peoples Democratic Front,
M L A.(Ippaguda).

(Sd.) ANNAJIRAO GAWANE,
M.L.A , Parbhani,
Leader, United Peoples Party.

اس میں پروپورشنل ریپریزنٹیشن (Proportional Representation) کا مطالبہ کیا گیا ہے ۔ اس درخواست پر جنکی دستخطیں ھیں ان میں سری دیشپانڈے ایم ال اے (M L A.) لیڈر آف دی پیپلس ڈیموکریٹک فرنٹ (Leader of the Peoples' Democratic Front) اور شری انا جی راؤ گوانے لیڈر آف دی یونائیٹڈ پیپلس پارٹی (Leader of the United Peoples' Party) شریک ھیں ۔ ھمارے پاس ایسا کوئی رول (Rule) نہیں ہے لیکن ھاؤس کو ایسا رول بنانے کا حق حاصل ہے ۔ اس وجہ سے میں یہ مناسب سمجھتا ھوں کہ ھاؤس ھی اس کا تصفیہ کرے کہ آیا آرڈنری (Ordinary)

طریقہ ہے یعنی سنگل ٹرانسفرسل میتھڈ (Single transferable method)
یا اور کوئی طریقہ ہو ۔ چونکہ بائی الیکشن ہونے والے ہیں اور ۱۲ بجے تک
وقت ہے ۔ ممکن ہے ۱۲ بجے تک کوئی ودتھ ڈرال ہو اور اس پائنٹ
(Point) کے تصفیہ کی نوبت نہ آئے ۔ کل میں کونسچن آور (Question hour)
کے بعد یہ سوال پیش کرونگا اور ہاؤس اس کا تصفیہ کرےگا ۔

شری ایل ۔ جی راؤ ۔ جیسا کہ ابھی الکشن کے بارے میں کہا گیا کہ کل تصفیہ ہوگا میرے
خیال میں اگر آج ہی اس کا تصفیہ ہو جائے تو نامینشن پیپرس (Nomination papers)
کے سلسلہ میں پارٹیز (Parties) کو یہ سوچنے کے لئے وقت ملیگا کہ آیا وہ ودتھ
ڈرا کریں یا نہ کریں ۔

مسٹر اسپیکر ۔ میں نے کہدیا ہے کہ کل تصفیہ ہوگا ۔ آنریبل ممبرس کو کافی
نوٹس ملنی چاہئے ۔

شری وی ۔ ڈی ۔ دیشپانڈے ۔ میں ایک پائنٹ (Point) کی وضاحت
چاہتا ہوں وہ یہ کہ ودتھ ڈرال کا وقت آج ۱۲ بجے تک رکھا گیا ہے کیا اسکے بعد
کل تک بھی ودتھ ڈرال (Withdrawl) ہوسکیگی ؟

مسٹر اسپیکر ۔ یوں تو جو ٹائم مقرر ہے اسی وقت تک ودتھ ڈرا ہو جانا چاہئے ۔
لیکن اگر کوئی آنریبل ممبر چاہے تو ہاؤس کے پرمیشن سے ودتھ ڈرا ہوسکتے ہیں ۔ اگر
کوئی آنریبل ممبر کل ودتھ ڈرا ہونا چاہیں تو ووٹنگ (Voting) میں
دقت ہوگی ۔

Legislative Business

Mr. Speaker Now, we shall proceed to the Legislative work. Hon Dr. G S Melkote to introduce L. A. Bill No. X of 1952, the Hyderabad Cinema Shows Tax Bill, 1952.

I think copies of the Bill have already been supplied to the hon Members

Dr. G. S. Melkote Speaker Sir, I beg to introduce L A. Bill No X of 1952, the Hyderabad Cinema Shows Tax Bill, 1952

Mr Speaker The L A. Bill No. X of 1952, the Hyderabad Cinema Shows Tax Bill, 1952, is introduced. Hon. Dr. G. S. Melkote will now introduce L. A. Bill No. XI of 1952, the Hyderabad General Sales Tax (III Amendment) Bill, 1952.

Dr G S. Melkote Speaker Sir, I beg to introduce L A Bill No XI of 1952, the Hyderabad General Sales Tax (III Amendment) Bill, 1952

Mr Speaker L A Bill No XI of 1952, the Hyderabad General Sales Tax (III Amendment) Bill, 1952, is introduced. Hon Shri D G Bindu to move that the L A. Bill No VIII of 1952, A Bill to amend the Hyderabad City Police Act IX of 1348 F be read a first time.

شری وی- ڈی - دیشپانڈے- اس بل کے سلسلہ میں امنڈمنٹ پیس کئے جائیکے متعلق وضاحت ہو جائے تو مناسب ہے - اگر امنڈمنٹ پیش کئے جاسکتے ہیں تو کب اورکس دن پیس کئے جاسکتے ہیں - اور اسکی فرسٹ ریڈنگ (First reading) کب ہوگی -

مسٹر اسپیکر - امنڈمنٹس سکنڈ ریڈنگ (Second reading)کے بعد لائے جاسکتے ہیں اور اس وقت امنڈمنٹس کے بارے میں تصفیہ کیا جائیگا -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے- میں یہ جاننا چاہتا ہوں کہ فرسٹ ریڈنگ کب ہوگی ؟

مسٹر اسپیکر - کس بل کی فرسٹ ریڈنگ ؟

شری وی - ڈی - دیسپانڈے - میں بل نمبر ۱۰ و ۱۱ کے بارے میں پوچھنا چاہتا ہوں -

مسٹر اسپیکر - بل نمبر ۱۰ و ۱۱ پر ۱۴ یا ۱۵ تاریخ تک ڈسکشن (Disscussion) ختم کرلینا چاہئے کیونکہ ۱۶ تاریخ پرائیویٹ بزنس (Private business)یعنی ان افیشیل بلس (Un-official Bills) اور رزولیوشنس (Resolutions) کیلئے مخصوص ہے اگر ہاؤس کی یہ خواہش ہوکہ بجٹ کے ڈسکشن کے بعد ہم انہیں لیں تو مجھے کوئی عذر نہیں ہوگا -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے- میں یہ عرض کرونگا کہ یہ دونوں بلس اس قسم کے ہیں کہ انکے بارے میں کافی سوچنے کی ضرورت ہے کیونکہ یہ پالیسی کا سوال ہے - اس لئے بجٹ کے ڈسکشن کے بعد انکو لیا جائے تو مناسب ہے -

مسٹر اسپیکر - بعد میں ہی لینگے -

L.A. Bill No. VIII of 1952, A Bill to amend the Hyderabad City Police Act, IX of 1348 F.

The Minister for Home (Shri Digamber Rao Bindu) · Sir, I beg to move that Legislative Assembly Bill No. VIII of 1952, A Bill to amend the Hyderabad City Police Act, IX of 1348 Fasli be read a first time.

Mr Speaker Motion moved Now, there will be general discussion

شری ڈگمبر راؤ بندو - یہ بل پہلے سے سرکولیٹ (Circulate) ہوچکا ہے۔ امینڈمنٹس آئے ہیں انکی کاپی بھی آنریبل ممبرس کے پاس ہیں - اس بل میں دو کلازس (Clauses) ہیں - پہلا کلاز تو نامینل (Nominal) ہے اور دوسرے کلاز میں یہ دیا گیا ہے کہ

"In clause (f) of sub-section (1) of section 21 of the Hyderabad City Police Act, IX of 1348 Fasli (hereinafter referred to as the said Act,) after sub-clause (ii) the following sub-clause shall be inserted namely

(*ii-a*) the using of a loud-speaker in any public place or place of public entertainment "

اسکے بعد دوسرا کلاز ہے

"In clause (b) of section 30 of the said Act, for the words, brackets, letter and figure ' rules made under clause (b) of sub-section (1), ' the words, brackets, letters and figure ' rules made under clauses (b) and (gg) of sub-section (1)' shall be substituted "

میں مختصر طور پر اسکو واضح کردینا مناسب سمجھتا ہوں کہ سٹی پولیس ایکٹ کے تحت بغرض انتظام جو الگ الگ قواعد بنانے کا اختیار دیا گیا ہے اس میں یہ بھی اختیار شامل کرنا مقصود ہے۔

اس مناسبت سے کلاز (ف) سب سکشن (۱) سکشن (۲۱) میں یہ اضافہ کرنے کی ترمیم کی گئی ہے -

' The using of a loudspeaker in any public place or place of public entertainment '

جن امور کی روک تھام کیلئے یہ دفعہ مقصود ہے اسکے منشاء کے لحاظ سے یہ ترمیم ضروری ہے کیونکہ لاؤڈ اسپیکرس سے بھی نائز (Noise) اور ڈسٹربنس (Disturbance) ہوتا ہے کلاز (۲) کے تحت سکشن (۳۰) کلاز (بی) میں جو ترمیم پیش کی گئی ہے اس کا منشاء یہ ہے کہ سینما کے ٹکٹوں اور دوسرے انٹرٹینمنٹ (Entertainment) کے ٹکٹوں میں جو بلاک مارکٹنگ (Black Marketting) ہوتی ہے اور جو پہلے قابل دست اندازی پولیس نہیں تھی اسے اب قابل دست اندازی پولیس قرار دیا گیا ہے -. سکشن (۳۰) جو صفحہ (۴) پر آپ کے پاس ہے اس میں بتایا گیا ہے کہ قابل دست اندازی پولیس کون کون سے جرائم ہیں - چونکہ یہ مفاد عامہ کی ترمیم ہے اسلئے امید ہے کہ بغیر کسی کنٹروورسی (Controversy) کے اسے منظور کیا جائیگا -

شری - بی - ڈی - دیسمکھ (بھوکر دن (۲) عام) - جیسا کہ آنریبل منسٹر نے صفحہ دو کے حوالے سے فرمایا تھا کہ کمسنر پولس کو پلئینگ آف میوزک (Playing of music) کے سلسلہ میں کافی وسیع اختیارات دئے گئے ہیں - کلاز نمبر ۲ جس نوعیت کا ہے اسکے لحاظ سے میں سمجھتا ہوں کہ اس میں ذیلی ترمیم کرنی چاہئے - اس ضمن میں لاوڈ اسپیکر (Loud speaker) کو بھی شریک کردیا گیا ہے -

کمسنر پولیس کے اختیارات حیدرآباد میں اتنے وسیع ہیں کہ جن سے ہمارے شہری حقوق - ہماری شہری آزادیاں اور ہماری چہل پہل محدود ہوچکی ہے - ایسے قوانین سے ہماری زندگی تنگ ہوگئی ہے اور پولیس کے جھگڑوں سے ہم بیزار ہوگئے ہیں - پہلے سے جب یہ چیزیں موجود ہیں جنکا ذکر کیا گیا ہے تو پھر اس قانون میں ذیلی ترمیم کی ضرورت کیوں محسوس کی جا رہی ہے - پہلے سے پلئینگ آف میوزک وغیرہ کے سلسلہ میں قوانین موجود ہیں ہم یہاں اس لئے آئے ہیں کہ حالیہ دور میں پولس کو جو غیر معمولی اختیارات مل گئے ہیں انہیں محدود کریں - اگر اس ترمیم کو منظور کرلیں تو اسکے معنی یہ ہونگے کہ ہم پولیس کے ہاتھوں میں ایک نیا ہتیار دے رہے ہیں - آجکل زندگی کے ہر شعبہ میں پروپگنڈہ (Propaganda) ایک اہم جزو بن گیا ہے چاہے تجارت ہو یا سیاست یا کوئی خانگی کاروبار - ہر معاملہ میں پروپیگنڈہ ضروری ہے - ہم یہ چاہتے تھے کہ آنریبل منسٹر کی طرف سے کوئی ایسی ترمیم پیش ہو جو پولیس کمسنر کے اختیارات کو محدود کرے - اسکی بجائے اس میں مزید اضافہ کی ترمیم پیش کی جا رہی ہے جو مناسب نہیں ہے اس روشنی میں سکنڈریڈنگ کے بعد میں اپنی ترمیم پیش کر رہا ہوں میں سمجھتا ہوں کہ قوانین میں مزید ترمیمات کی ضرورت نہیں ہے -

شری اے - راج ریڈی - مسٹر اسپیکر سر - آنریبل ہوم منسٹر نے یہ ترمیمی بل پیش کیا ہے کہ سٹی پولیس ایکٹ کی دفعہ ۲۱ ذیلی دفعہ (۱) ضمن ایف (۲) کے تحت پلیئینگ آف میوزک سے متعلق سٹی پولس کمسنر کو جو اختیارات حاصل ہیں ان کے علاوہ پبلک پلیسس (Public Places) یا پبلک انٹرٹینمنٹ (Public entertainment) کے مقامات میں لاوڈ اسپیکر کے استعمال کے بارے میں بھی اختیارات دئے جائیں -

'licensing or controlling in respect of the following matters and where there is an apprehension of causing inconvenience, delay, danger or damage to the residents or the persons passing in the vicinity, prohibiting ·

آنریبل ممبر نے فرمایا ہے کہ اسکو بلا کسی کنٹروورسی (Controversy) کے منظور کیا جائے - میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ جب پہلے سے قواعد میں وہ چیزیں موجود ہیں جن سے مقصد پورا ہوسکتا ہے تو پھر اس امنڈمنٹ بل کی کیا ضرورت تھی ؟

میں یہ عرض کرونگا کہ پہلے سے ہی ایسے قوانین موجود ہیں جنکی وجہ سے ہم بہت
مشکلات اٹھا چکے ہیں۔ اب تک ہی ہم اسی پبلک لائف میں بہت سی مشکلات اٹھا رہے
ہیں اور اسی تجربہ کے بعد یہاں آئے ہیں۔ ہمیں چاہئے کہ سابقہ قوانین میں جو خرابیاں
ہیں انہیں دور کریں۔ اسی لحاظ سے ہمکو غور کرنا چاہئے۔ اسلئے یہ استدلال کہ یہ ترمیم
عوام کے فائدہ کے لئے لائی جا رہی ہے صحیح نہیں۔ ہمکو اسکے میرٹس (Merits)
پر بھی غور کرلینا چاہئے۔ میں میرٹس کے تعلق سے دو تین نکات کو سامنے رکھنے کی
کوشش کرونگا۔

لاوڈ اسپیکر ایک طرف پولیٹکل زندگی میں اور دوسری طرف تجارتی و انڈسٹریل زندگی
میں ایک اہم ضرورت ہے۔ تجارت پیشہ لوگ اپنی صنعت اور اسکے متعلقہ چیزوں کی اشاعت
کو عوام تک پہنچانے کے لئے لاوڈ اسپیکر استعمال کرتے ہیں۔ لاوڈ اسپیکر ہماری سماجی زندگی
میں ایک اہم لازمی ضرورت کا درجہ حاصل کرچکا ہے جس سے معزز اراکین میں سے
کوئی بھی انکار نہیں کرسکتا۔ اسکے متعلق یہ کہنا کہ سڑکوں یا پبلک پلیسس (Public Places)
پر کاروبار کے سلسلہ میں آنے جانے والوں کو تکلیف ہوتی ہے اس لئے کمشنر پولس کو
ایسا اختیار دیا جانا چاہئے کہ جسکی رو سے وہ کنٹرول کرسکے اور کسی کو منع کرسکے
اور چاہے تو کسی کو اجازت دے اور کسی کو نہ دے تو نامناسب ہوگا۔ اس قسم کے
اختیارات ایسی جماعت کو دینا درست نہوگا جو اتنک ہی کافی بدنام ہے۔ یہ کہنا کہ لاوڈ
اسپیکر سے شہریوں کو تکلیف ہوتی ہے میں سمجھتا ہوں کہ غلط ہے۔ ہماری کاروباری
زندگی میں لاوڈ اسپیکر ایک اہم جزو بن گیا ہے جبکہ ۱۲ - ۱۲ بجے رات تک بسیں
دوڑتی ہیں موٹر سیکلیں دوڑتی ہیں کیا انکے شور و غل سے آرام میں خلل واقع نہیں
ہوتا؟ پرسوں کے اخبار ہندو کے ایڈیٹوریل نمبر ۲ میں جو خبر آئی ہے اسکو آپ نے
بھی ملاحظہ فرمایا ہوگا کہ امریکہ کے سپریم کورٹ میں یہ مسئلہ پیش ہوا تھا کہ
ٹراموں پر جو لاوڈ اسپیکر لگائے جاتے ہیں وہ نہ لگائے جائیں۔ تصفیہ یہ کیا گیا کہ
یہ عوام کے فنڈامنٹل رائیٹس (Fundamental Rights) ہیں۔ عوام
لاوڈ اسپیکر کا استعمال لوگوں کے آرام میں خلل ڈالنے کے نقطہ نظر سے نہیں کرتے بلکہ
اپنی ذاتی ضروریات کے تحت کرتے ہیں۔ لاوڈ اسپیکر کا استعمال ضرورت کے تحت
ہوا کرتا ہے تماشے کے لئے نہیں۔ انڈسٹریلسٹس وغیرہ اپنے کاروبار کی اشاعت کی غرض سے
اسے استعمال کرتے ہیں ایسی چیزوں پر پابندی عاید کرنا انکے کاروبار کو متاثر کرنا ہے
اسلئے میں عرض کرونگا کہ کمشنر سٹی پولس کو ایسے غیر محدود اختیارات کا دینا درست
نہوگا۔ اس میں شک نہیں کہ کسی اختیار کو ایماندارانہ طور پر استعمال کیا جائے تو وہ
بہتر ہوسکتا ہے لیکن میں نہیں کہہ سکتا کہ کس حدتک ایسا ممکن ہے۔ میں یہ عرض
کرونگا کہ عوام کو انکے قانونی حق کے استعمال سے روکا نہیں جاسکتا۔ ایسے قانون کے نفاذ
سے انسانی فطرت ناجایز فایدہ اٹھانیکے مواقع تلاش کرتی ہے تجارت پیشہ لوگ جب
لائسنس حاصل کرنے کے لئے جائینگے تو حرص مندوں سے مقتدر لوگ ناجایز فایدہ

حاصل کرنیکی کوشش کرینگے - جب موٹر سیکل اور دیگر شور و غل مچانے والی سواریوں پر کوئی پابندی عائد نہیں کی جا رہی ہے تو پھر صرف لاوڈ اسپیکر کو راحت و آرام میں خلل کا باعث قرار دیکر امتناع عائد کرنا کس حد تک مناسب ہے ؟ وہ لوگ جو اپنی ضروریات سے مجبور ہیں اور لاوڈ اسپیکر کے استعمال کی اجازت لینا ان کےلئے ضروری ہے تو وہ ایسی اجازت کے حصول کےلئے رشوت یا اور دوسرے ذرائع کو استعمال کرنے پر مجبور ہونگے -

دوسری چیز یہ ہے کہ جیسا کہ میں نے عرض کیا پارٹیز عموماً لاوڈ اسپیکر استعمال کرتی ہیں - اس امتناع سے وہ بھی متاثر ہونگی - میں یہ نہیں کہتا کہ پارٹی ان پاور (Party in power) عمداً دوسری پارٹی کو متاثر کرینگی لیکن انسانی فطرت میں ایسی کمزوریاں ہیں - قانون سازی میں اس بات حقیقت کو ملحوظ خاطر رکھنا بھی ضروری ہے -

ان حالات کے تحت میری گذارش یہ ہے کہ اس ترمیم کی بھلائی اور برائی کو علحدہ علحدہ دو پلڑوں میں رکھتے ہوئے غور کیا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ نقصانات کا پلہ بھاری ہوگا - اسلئے میری گذارش یہ ہے کہ موجودہ قانون کو جوں کا توں رکھنا ہی بہتر ہوگا - جو چیز جیسی ہے ویسی ہی رہے تو مناسب ہے - امید کہ میری اس گذارش پر ٹھنڈے دل سے غور کرکے انصاف کیا جائیگا -

آخر میں میں عرض کرونگا کہ قطعاً ترمیمی بل کی ضرورت نہیں ہے پہلے کی طرح قانون رکھا جائے -

شری لکشمن کو نڈا - سری اسپیکر جی - آزادی ضرور عوام کو حاصل ہوئی اور اس آزادی کے ساتھ عوام کو حقوق بھی حاصل ہوئے لیکن ان حقوق کے ساتھ ساتھ ذمہ داریوں کا احساس عوام کو کس حد تک ہوا یہ چیز حالیہ کئی واقعات سے ظاہر ہے اس کا اندازہ شہر حیدرآباد میں رہنے والے لوگ بہتر طور پر کرسکتے ہیں کہ لاوڈ اسپیکر کا استعمال ہوٹلوں میں اور دوسری جگہ کس بری طرح سے کیا جا رہا ہے - راتوں میں بارہ ایک بجے تک بلند آواز سے اور اس قدر بلند آواز سے جس قدر وہ چاہتے ہیں بغیر اس کا لحاظ کئے کہ پڑوسیوں اور بیماروں پر کیا گزرے گی انہیں کسقدر تکلیف ہوگی اس کا استعمال کیا کرتے ہیں - مجھے ان تکالیف کا بخوبی اندازہ ہے کیونکہ میں عابد شاپ کے پاس رہتا ہوں - ہمیشہ دیکھتا ہوں - میرا تجربہ ہے کہ سینما اور تھیٹروں کی آواز تو خیر باہر نہیں آتی لیکن ہوٹلوں میں جو لاوڈ اسپیکر بارہ بارہ ایک ایک بجے تک لگائے جاتے ہیں انکی وجہ سے آس پاس کے رہنے والوں کی نیند حرام ہو جاتی ہے اتنا ہی نہیں بلکہ دور دور کے محلوں تک بھی آواز جاتی ہے - میں نہیں کہتا کہ وہ لوگ گانا نہ سنیں - گانا سننے کا انکو اختیار ہے - لیکن یہ گانے اسقدر زور دار آواز سے سنائے جاتے

ہیں کہ اس سے لوگوں کے آرام و سکون میں خلل واقع ہوتا ہے - اسلئے پولس کو اسکا اختیار دیا جانا کہ ان چیزوں کی روک تھام ہو ضروری ہے - بعض مواقع پر ایسا بھی ہوتا ہے کہ کسی جگہ ایک پارٹی کی میٹنگ ہو رہی ہے اور اسکے قریب ہی دوسری پارٹی بھی اپنی میٹنگ کرتی ہے - ایک پارٹی لاوڈ اسپیکر کا استعمال کرتی ہے اور دوسری پارٹی اس سے زیادہ زور دار آواز میں لاوڈ اسپیکر کا استعمال کرتی ہے جسکی وجہ سے دونوں پارٹیوں میں کلاش (Clash) ہو جاتا ہے - یہ ایسی چیزیں ہیں جن سے عوام کا سکون خطرے میں پڑ جاتا ہے - آزادی کے حقوق کے ساتھ جو ذمہ داریاں عوام پر ڈالی گئی ہیں ان ذمہ داریوں سے مواضعات کے لوگ شہر کے لوگوں کی بہ نسبت کم واقف رہتے ہیں - شہر کے لوگ اپنے حقوق کےلئے تو لڑتے ہیں لیکن اپنی ذمہ داریوں کو پورا نہیں کرتے - اس تجربہ کی وجہ سے پولس سے متعلق اس ترمیم کی ضرورت محسوس ہوئی جو آج گورنمنٹ کی جانب سے لائی جا رہی ہے - میں سمجھتا ہوں کہ اسکو شبہ کی نظر سے دیکھنا جانچ کا کوئی صحیح طریقہ نہیں ہے - پبلک اکٹیویٹیز (Public activities) صرف شہر میں نہیں بلکہ ساری ریاست میں ہوسکتے ہیں - لاوڈ اسپیکر کے متعلق یہ ترمیم پوری ریاست کےلئے نہیں بلکہ صرف شہر حیدرآباد اور سکندرآباد کی حدتک محدود ہے - سٹی پولس ایکٹ میں یہ ترمیم کی جارہی ہے - ان حالات میں جبکہ اسکی ضرورت ہے اور محض عوام کے حقوق کی حفاظت کی خاطر ہی یہ ترمیم کی جا رہی ہے تو میں نہیں سمجھتا کہ اعتراض کا کونسا موقع ہے - میں اعتراض کی کوئی معقول وجہ نہیں پاتا - شبہات ظاہر کئے گئے ہیں - ظاہر ہے کہ شبہات ہوسکتے ہیں - اکثر لوگوں کو میں نے دیکھا کہ وہ اپنی آزادی کا اوس حدتک استعمال کرنا چاہتے ہیں جس حدتک کہ اونکو موقع ملے لوگ آزادی کو اس بری طرح سے استعمال کرنا چاہتے ہیں جس سے کہ دوسروں کے حقوق کچلے جاتے ہیں - ان باتوں کی وضاحت کے بعد آپ یہ محسوس کرینگے کہ اس ایکٹ میں ترمیم کی اہمیت کسقدر بڑھ جاتی ہے - کہا جاتا ہے کہ انڈسٹریز کی اشاعت کے لئے لاوڈ اسپیکر کی سخت ضرورت ہے اور آفیسرس (Officers) کو ناجائز فوائد حاصل کرنے کے مواقع ملینگے - لیکن اب عوامی حکومت آگئی ہے - آفیسرس کی ذہنیت شہنشاہانہ تھی اب بدل رہی ہے اور ہم بدلوا رہے ہیں - لیکن یہ کام دھیمے ہوسکتا ہے - سارا ہاؤس اس سے متفق ہوگا کہ ذہنیتوں کے بدلنے کی ذمہ داری اس ہاؤس کے آنریبل ممبرس پر بھی ہے - کیوں یہ سمجھا جا رہا ہے کہ عوام کی آزادی کو کچلنے کےلئے اس ایکٹ میں ترمیم کی جا رہی ہے ؟ بجائے اسکے یہ کیوں نہیں سمجھا جاتا کہ عوام کے حقوق کی حفاظت کےلئے یہ ترمیم کی جا رہی ہے - مثلاً میں یہ کہونگا کہ جب ایک پبلک میٹنگ ہوتی ہے اور ۲۰ - ۲۵ قدم کے فاصلہ پر ہی دوسری میٹنگ بھی ہوتی ہے اور دونوں میٹنگس کے لاوڈ اسپیکرس خوب زور دار آواز میں لگائے جاتے ہیں جسکی وجہ سے کلاش ہو جاتا ہے اور پڑوس کا امن وسکون قایم نہیں رہ سکتا - کیا ان واقعات کے تحت لاوڈ اسپیکر پر پابندی ضروری نہیں ہے ؟ ہمارے عوام اپنے حقوق کے صحیح استعمال کو اور ذمہ داریوں کو اسقدر محسوس نہیں کرتے جتنا کہ دوسرے فارورڈ کنٹریز

(Forward Countries) کے عوام محسوس کرتے ھیں ۔ یہاں کے عوام اس آئی ھوئی آرا دی کے حقوق کا صحیح استعمال کرنے کے ابھی عادی نہیں ھوئے ھیں ۔ ان تمام چیزوں کا لحاظ رکھنے کے بعد میں نہیں سمجھتا کہ امنڈمنٹ کے بارے میں کسی قسم کی بحث باقی رھی ھے ۔ یہ ھوسکتا ھے کہ اختلاف چند سرکلس (Circles) کی حد تک ھو ۔ اگر کسی خاص سرکل کو کوئی اعتراض ھو تو اسکو آئندہ ھر نوٹ پر اٹھایا جاسکتا ھے ۔ اس ترمیم کے بعد تجربہ ھوگا کہ مزید کیا ترمیم اس ھاؤس کے سامنے لائی جاسکتی ھے ۔ لاؤڈ اسپیکر پر اس امتناع سے ضروری کاموں پر کوئی اثر پڑتا ھو اور عہدہ دار ان اختیارات کا بیجا طور پر استعمال کرتے ھوں تو اسکے متعلق کوئی ترمیم ھاؤس میں لائی جاسکتی ھے۔ محض شبہات کی بناء پر میں نہیں سمجھتا کہ لاؤڈ اسپیکر پر جن وجوھات کے تحت پابندی کی ضرورت ھے اون وجوھات کو نظر انداز کیا جاسکتا ھے ۔ محض اس لئے کہ پولس سے تعلق ھے مخالفت کا جذبہ رکھنا میں سمجھتا ھوں درست نہیں ھے ۔ ان واقعات کے تحت مجھے یقین ھے کہ ھاؤس اس امنڈمنٹ کی ضرورت کو محسوس کریگا ۔

شریمتی شاھجہاں بیگم (برگی) - ابھی ابھی میرے معزز رکن نے لاؤڈ اسپیکر کے بارے میں کئی باتیں کہیں ۔ انوریبل منجس سے یہ کہا گیا کہ اس امنڈمنٹ کی وجہ سے رشوت ستانی میں اضافہ ھوگا ۔ میں نہیں سمجھتی کہ جایز حقوق کے لئے بھی رشوت دینی پڑتی ھے ۔ رشوت تو صرف ناجایز کاموں کے لئے دینی پڑتی ھے جس سے دینے والا بھی خوش اور لینے والا بھی خوش ھوتا ھے ۔ لاؤڈ اسپیکر کے لئے اگر اجازت مانگی جائے تو میں نہیں سمجھتی کہ آفیسر کنسرنڈ (Officer concerned) رشوت کھانیکی کوشش کریگا ۔ جائز چیز کے لئے رشوت نہیں مانگی جاتی ۔ کسی ناجائز چیز کو پورا کرنے کے لئے ھی رشوت کے ذریعہ کام نکالنے کی کوشش کی جاتی ھے ۔ ھمارے بیوپاری بھائی سڑکوں پر ریکارڈنگ میں جس طرح لاؤڈ اسپیکر کا استعمال کرتے ھیں اس سے کافی نقصان ھوتا ھے ۔ مشیرآباد کے راستے پر اگر آپ جاکر دیکھیں تو معلوم ھوگا ۔ حال ھی کا واقعہ ھے کہ کباڈی گوڑہ میں لاؤڈ اسپیکر کی گاڑی ریکارڈنگ کرتی ھوئی جا رھی تھی ایک معصوم بچہ اسکے پیچھے بھاگا ۔ اس پر سے ایک بہت بڑی بس اس طرح گزر گئی کہ اس کا بھیجہ نکل گیا ۔ آپ سوچ سکتے ھیں کہ محض لاؤڈ اسپیکر کی وجہ سے کتنے ایکسیڈنٹس (Accidents) ھوتے ھیں ۔ لاؤڈ اسپیکر پر محض اس وجہ سے پابندی عاید نہیں کی جا رھی ھے کہ پولیٹیکل پارٹیز اسکے ذریعہ اپنے و چار لوگوں کے سامنے رکھتے ھیں بلکہ اسکو روکنے کے لئے تو پولس کے پاس دوسرے بہت سے طریقے ھیں ۔ لاؤڈ اسپیکر پر پابندی اس پس منظر سے نہیں لگائی جا رھی ھے کہ اس پابندی کے پس منظر میں کئی برائیاں ھیں ۔ میرے خیال میں یہ پابندیاں ضروری ھیں جن کے لئے یہ امنڈمنٹ پیش کیا گیا ھے ۔ رھا رشوت کا سوال تو میں کہونگی کہ ھمیں اپنے آپکو انسان بنانیکی کوشش کرنی چاھئے ۔ ھمیں ڈیموکریسی میں انصاف، ایمانداری اور سچائی کو صحیح روپ دینا چاھئے ۔ یہ ظاھر ھے کہ ھم نے انگلینڈ یا امریکہ کا کوئی آدمی

تو رشوت نہیں لے رہا ہے - رشوت لینے والے بھی ہندی بھائی ہیں اور دینے والے بھی ہندی بھائی - بلکہ میں تو یہ کہونگی کہ رشوت دینے والے کا دوش زیادہ ہے - اگر مجھ سے کوئی رشوت مانگے تو میں تو اسکے منہ پر تھپڑ ہی ماردونگی - چاہے مجھے عدالت میں ہی جانا پڑے اور عدالت میں بھی میں یہ کہونگی کہ اس نے مجھ سے رشوت مانگی تھی - مجھ سے آج تک کسی نے رشوت نہیں مانگی - رشوت دینے کی ضرورت کسکو پڑتی ہے رشوت دینے والے جب رشوت دیتے ہیں تو اس سے لینے والوں کا حوصلہ بڑھ جاتا ہے اور یہی لوگ انہیں رشوت دے دے کر لالچی بناتے ہیں - میں سمجھتی ہوں کہ ہمارے معزز بھائی انکے حالات کو پراگندہ کرنے کی بجائے انکو ایمانداری سکھائیں اور انکی زندگی کو بہتر بنائیں تو ٹھیک ہوگا - پبلک کو سدھارنے کےلئے جب کوئی ایسا اسڈمنٹ لایا جاتا ہے تو میں نہیں سمجھ سکتی کہ کیوں اسکی مخالفت ہوتی ہے - ہمارے لوگوں میں ابھی اپنی عقل نہیں ہے کہ وہ خود بخود ٹھیک سے کچھ کونسس کریں - میں دیکھتی ہوں کہ اکثر جگہ درگاہوں پر قوالیاں ہوتی ہیں تو لاؤڈ اسپیکر استعمال کیا جاتا ہے - رات کے ۲ - ۳ بجے تک گڑ بڑی ہوتی رہتی ہے اسلئے آس پاس کے ہزار ڈیڑھ ہزار آدمی شور کی وجہ سے رات بھر نہیں سوسکتے - ان میں بیمار بھی ہوتے ہیں اسکی کاپی کرتے ہوئے بھجن بھی آجکل ایسے ہی ہو رہے ہیں - چار چار بجے تک بھجن ہوتے رہتے ہیں کوئی روک نہیں سکتا - دوسرے مقامات پر ایسا نہیں ہوسکتا - مدراس کو لیجئے - بمبئی کو لیجئے - بمبئی میں تو ساڑھے نو بجے کے بعد بیانڈ تک نہیں بجایا جاسکتا - بیانڈ بجانے کےلئے لائسنس لینا پڑتا ہے - حتی کہ میت کو دفن کرنے میں سلاد یا بھجن کےلئے بھی لائسنس کی ضرورت ہوتی ہے - وہاں ایسے نیوسنس (Nuisance) کی اجازت نہیں دیجاتی - ہم یہاں دیکھتے ہیں کہ ہاسپیٹل کے سامنے سے بھی موٹر ریکارڈنگ کرتی ہوئی چلی جاتی ہے حالانکہ وہاں " احتیاط " کے بڑے بڑے بورڈ لگے ہوتے ہیں کہ ہارن بھی نہیں بجایا جاسکتا - لیکن بیوپاری بھائی اپنی ترقی کےلئے بیماروں کی تکلیف کا بھی خیال نہیں کرتے - میرے خیال میں جب ایسی چیزوں کو روکنے کےلئے اسڈمنٹ لایا جا رہا ہے تو کسی کو اعتراض نہونا چاہئے - میں ہاؤس سے التجا کرتی ہوں کہ اس اسڈمنٹ کو قبول کرلیا جائے -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - اس سلسلہ میں میں مختصراً کچھ باتیں عرض کرونگا - ایک آنریبل ممبر نے کہا کہ حکومت کی طرف سے کوئی بل آئے تو اسکی مخالفت کی جاتی ہے - میں یہ عرض کرونگا کہ " مخالفت کےلئے مخالفت " اس کا کوئی قائل نہیں - اسٹی بل کے اسٹیٹمنٹ آف آبجکٹس اینڈ ریزنس کے فقرہ (۲) میں جہاں یہ کہا گیا ہے کہ ٹکٹس کی بلاک مارکٹنگ کو کاگنیزیبل آفیس (Cognisable offence) قرار دیا جائے تو اس سلسلہ میں کوئی مخالفت نہیں کی گئی - ہر ایک انسان کو محسوس کرتا ہے کہ بلاک مارکٹنگ کا انسداد ہونا چاہئے - چنانچہ کسی آنریبل ممبر نے اسکی مخالفت نہیں کی - یہ خیال کہ حکومت کی طرف سے آنے والی ہر چیز کی مخالفت کی جاتی ہے غلط ہے

لاؤڈ اسپیکر کے سلسلہ میں جو پوائنٹ ہاؤس کے سامنے پیش ہے اس سلسلہ میں آنریبل
ممبرس نے آرگیومنٹس پیش کئے ۔ اس میں گانے پر زیادہ زور دیا گیا ہے میں بھی گانے
کو زیادہ نہیں چاہتا ۔ تھوڑا بہت چاہتا ہوں لیکن میوزک کے سلسلہ میں جو دفعہ ۲۱
ضمن الف (۲) میں کہا گیا ہے کہ

'The playing of music in public streets or public places'

اسکے بعد جو ترمیم اضافہ کی جاری ہے وہ یہ ہے

"The using of a loudspeaker in any public place or place of public entertainment"

اس میں پہلے سے پراویژن (Provision) موجود ہے کہ کسی پبلک
اسٹریٹ یا پبلک پلیس میں اگر میوزک ہوتی ہے تو اسکو کنٹرول کیا جاسکتا ہے چاہے
تو بند بھی کیا جاسکتا ہے ۔ لہذا سوال میوزک بند کرنے کا نہیں ہے ۔ البتہ لاؤڈ اسپیکر
کے استعمال سے کبھی کبھی مجھے بھی تکلیف ہوتی ہے ۔ اس پر جو پابندی کا سوال ہے
موجودہ قانون میں اس کے لئے پراویژن موجود ہے ۔ مزید ترمیم کی گنجائش نہیں ۔ اصل
میں جو بات لاؤڈ اسپیکر کی پابندی سے پیدا ہوتی ہے وہ پبلک میٹنگ اور پرچار پر پابندی
ہے ۔ اگر کوئی انڈسٹری یا کمپنی رات میں کافی دیر تک لاؤڈ اسپیکر استعمال کرتی رہے
تو اس پر پابندی عائد کی جاسکتی ہے ۔ لیکن جہاں سوال پرچار کا آتا ہے عوام کو اپنی
صنعتوں کے پروپیگنڈہ کا جس طرح حق حاصل ہے اسی طرح سے پبلک میٹنگس میں
لاؤڈ اسپیکر کے استعمال کی گنجائش ہونی چاہئے ۔ اس سلسلہ میں جو دلائل پیش کئے گئے
ہیں وہ ایسے ہیں جیسے کہ پہلے زمانے میں جلسہ عام کو روکنے کے لئے حکومت پیش
کیا کرتی تھی ۔ لیکن اس زمانے میں ہمارے ارکان نے اسکے خلاف پر زور آواز اٹھائی تھی
تو آج اس طرح پبلک میٹنگس پر پابندی عاید کرنا مناسب نہوگا ۔ پارٹیز کے پروپیگنڈے
اور پرچار میں اور میٹنگس میں لاؤڈ اسپیکر انتہائی ضروری آلہ ہے ۔ پولس ایکشن کے
بعد یہ اور زیادہ اہم ہوگیا ہے ۔ ایسے حالات میں انڈائرکٹلی (Indirectly)
یہ ہوسکتا ہے کہ لاؤڈ اسپیکر کے استعمال پر پابندی عاید کرکے میٹنگس کو روک دیا
جائے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ لاؤڈ اسپیکر پر جو پابندی عائد کی جا رہی ہے وہ انڈائرکٹلی
پبلک میٹنگس پر آتی ہے ۔ اس لحاظ سے لاؤڈ اسپیکر کی پابندی کے لئے جو بل آیا ہے اسکی
ضرورت نہیں ہے ۔ میرا خود ذاتی تجربہ ہے کہ ہم میٹنگس کی اجازت کے لئے جاتے ہیں
تو کبھی اجازت ملتی ہے اور کبھی نہیں ملتی ۔ آپ کیوں یہ محسوس کرتے ہیں کہ عوام
کو اپنی ذمہ داریوں کا احساس نہیں اور وہ صحیح طور پر لاؤڈ اسپیکر کا استعمال نہ
کرسکینگے ؟ اگر کہیں بیجا استعمال ہو رہا ہوتو آپ موجودہ قوانین کے تحت بھی اسے
بند کروانے کا پورا حق رکھتے ہیں ۔

کہ ایسی ممبر نے یہ کہا کہ ایک دوسرے کے قریب منعقد ہونے والے جلسوں میں لاؤڈ اسپیکر کی وجہ سے دو پارٹیوں میں جھگڑا ہوتا ہے ۔ جمہوریت میں تو ہر پارٹی کو حق ہے اور آنریبل ممبر کو معلوم ہے کہ اسکے باوجود بھی جمہوریت کو بہتر طریقہ مان لیا گیا ہے کیونکہ یہی ایک راستہ ایک دوسرے کو سمجھنے کا ہے ۔ موجودہ قوانین میں ہی پولس کو اس میں خلل ڈالنے والوں کو روکنے کیلئے کئی اختیارات حاصل ہیں ۔ انکے پاس سکشن ۱۴۴ ہے ۔ کرفیو آرڈر ہے جسکا آجکل بیجا استعمال بہت زیادہ ہورہا ہے اور جو عوام کو انکے جائز حقوق سے باز رکھنے کیلئے استعمال کیا جارہا ہے ۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ آپ آخر کتنے آلات چاہتے ہیں ؟ جو موجودہ قوانین ہیں وہی اسکے لئے بہت کافی ہیں ۔ اسکے باوجود ایک نیا ہتیار ایجاد کرنا جسکا بیجا استعمال ہونیکا امکان ہو کہانتک درست ہوسکتا ہے ؟ میں سمجھتا ہوں کہ لاؤڈ اسپیکر پر پابندی لگانے کیضرورت نہیں کیونکہ اس سے پبلک میٹنگس پر پابندی عائد ہوتی ہے ۔ میں محسوس کرتا ہوں کہ جو پراویزن لاؤڈ اسپیکر پر پابندی لگانے کیلئے جاتا جارہاہے اسکا پبلک پروسیشن (Public Procession) اور پبلک میٹنگس کو روکنے میں استعمال کئے جانیکا امکان ہے ۔ ہر سوال کے دو پہلو ہوتے ہیں ۔ انٹرٹینمنٹ میں لاؤڈ اسپیکر کے بیجا استعمال کا امکان ہے ۔ لیکن آپ اس پر کنٹرول کرسکتے ہیں ۔ اسکے لئے لاؤڈ اسپیکر کے استعمال پر پابندی لگانے کی ضرورت نہیں ۔ بلکہ میں تو یہ کہونگا کہ اس سے شہری آزادی میں خلل آئیگا اس لئے بہتر ہوگا کہ لاؤڈ اسپیکر کے بارے میں جو پراویژن رکھا گیا ہے اسے نکال دیا جائے ۔

ایک چیز جسکا میں یہاں ذکر کرنا مناسب سمجھتا ہوں وہ رشوت ستانی ہے ۔ رشوت عام طور پر نہیں دیجاتی لیکن جیسا کہ ایک آنریبل ممبر نے فرمایا کہ جب کسی نسیسٹی (Necessity) پر پابندی عائد کیجاتی ہے تو اس نسیسٹی کو پورا کرنے کیلئے یہ راستہ بھی آتا ہے ۔ جب عوام کو عذر یا شکایت ہو تو پابندی عاید کرنا ضروری ہے لیکن پابندی کی وجھہ سے جب کوئی رکاوٹ پیدا ہوجائے تو وہاں رشوت اپنا اثر دکھاتی ہے ۔ رام راج کے لحاظ سے یہ پابندی ٹھیک ہے لیکن ہم جس راج میں ہیں اس راج کے متعلق عرض کرنا نہیں چاہتا ۔ اس راج میں رشوت چلتی ہے ۔ میں اپنی خوش قسمت سمجھتا ہوں جنہیں رشوت دینے کی ضرورت محسوس نہ ہوئی مگر اسکے کیا وجوہات ہیں میں نہیں کہہ سکتا ۔ لیکن ہم جب اپنی ضروریات کیلئے جاتے ہیں تو ہم سے تو رشوت کا مطالبہ کیا جاتا ہے ۔ ہاں آجکل ذرا کم ہو رہا ہے شاید اسلئے کہ ہم یہاں ہاوز میں آتے ہیں لیکن عام طور پر رشوت کا دور دورہ ہر جگہ ہے ۔ اسکو حتی الامکان کم ہونا چاہئے اور ہمیں اسکے مواقع کو بھی کم کرنا چاہئے ۔ اسلئے اس بل پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے میں یہ مناسب سمجھتا ہوں کہ لاؤڈ اسپیکر پر پابندی عائد نہ کیجائے ۔ کم ازکم اسلئے کہ اس سے جلسہ عام پر

پابندی ہوجاتی ہے ۔ اسکا لحاظ کرتے ہوئے اسمیں ایسی مناسب ترمیم کیجائے کہ سٹریٹ میٹنگس پر پابندی کا امکان نہ رہے ۔

شری سرینواس راؤ اکہیلیکر (حیدرآباد ۔ عام) ۔ میرے لائق دوست نے کہا کہ لاؤڈ اسپیکر پر پابندی عائد ہوتی ہے اور اسکے لئے کلاز موجود ہے ۔ میں یہ بتادینا چاہتا ہوں کہ لاؤڈ اسپیکر کا استعمال صرف شہروں کیلئے نہیں ہوتا ۔ اس لحاظ سے قانون میں جو کلاز موجود ہے اس سے لاؤڈ اسپیکر پر پوری طرح کنٹرول نہیں ہوسکتا ۔ میں نہیں سمجھتا کہ اس چیز کو اسطرح کیوں محسوس کیا جارہا ہے ۔ اپوزیشن اس ترمیم سے یہ مطلب کیوں لیتی ہے کہ اس سے جلسہ عام پر پابندی عائد ہوگی ؟ میں یہ بتلادینا چاہتا ہوں کہ قانون میں اسی وقت ترمیم کی ضرورت محسوس ہوتی ہے جبکہ کسی چیز میں زیادتی ہوکر خرابیاں پیدا ہوسکنا امکان پیدا ہوجائے اور کنٹرول کی ضرورت محسوس ہو ۔ بڑے شہروں میں ٹرافک میں زیادتی ہوئے پر کنٹرول کرنا ضروری ہوجاتا ہے اور اسکے قاعدے بنائے جاتے ہیں لیکن اسکا یہ مطلب تو نہیں ہوتا کہ ٹرافک کی آزادی سلب کرلیگئی ۔ کسی چیز کو اسطرح سوچنا مناسب نہیں ۔ کسی قانون کے وضع کرنیکا یہ مطلب نہیں کہ عوام کی آزادی سلب کیجائے ۔ آپ دیکھتے ہیں کہ ''کیوسسٹم'' (Queue System) اکثر جگہوں پر جاری کیا گیا ہے ۔ اسکا یہ مطلب نہیں کہ لوگوں کو تکلیف ہو جیسا کہ لکشمی کونڈا صاحب نے کہا کہ ہمارے پاس آزادی تو آئی ہے مگر اس پر کنٹرول کرنا بھی ضروری ہے ۔ کنٹرول کے معنے یہ نہیں کہ آزادی کو سلب کیا جائے ۔ آپ غور کیجئے کہ اگر کسی دواخانے کے بازو جلسہ عام ہو تو ایسی صورت میں اس پر کنٹرول کرنا ضروری ہے یا نہیں ۔ اگر کنٹرول نہ ہو اور دواخانے کے بازو لاؤڈ اسپیکر کے ذریعہ شور کیا جاتا رہے تو اس سے یقینا بیماروں کو حرج ہوگا ۔ اگر اسکے معنے یہ لئے جائیں کہ آزادی سلب کیجارہی ہے تو یہ صحیح نہوگا ۔ کسی مدرسہ میں تعلیم ہوتی ہے اسکے بازو جلسہ عام منعقد کر کے گڑبڑ کیجائے تو کیا اس سے بچوں کی تعلیم متاثر نہوگی ؟ کیا یہی شہری آزادی ہے ؟ یہ کہنا کہاں تک درست ہے کہ یہ ہماری شہری آزادی ہے اور یہ ہمارا حق ہے اور اس حق کو روکنے کا کسی کو کیا حق ہے ؟ ہمیں اس پر غور کرنا چاہئے ۔ کنٹرول کے معنے یہ نہیں ہیں کہ کسی جماعت کو جلسہ عام کرنے سے روک دیا جائے ۔ کسی جماعت کو اسکے اصولوں کے پرچار سے محروم کیا جائے ۔ مگر ہوتا یہ ہے کہ کسی مقام پر کوئی پارٹی جلسہ کرتی ہے تو اسکے دس قدم کے فاصلہ پرھی ایک دوسری پارٹی اپنا جلسہ منعقد کرتی ہے جس میں لاؤڈاسپیکر زوردار کئے جاتے ہیں ۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ کلاش ہوجاتا ہے نہ انکی آواز سنائی دیتی ہے اور نہ انکی ۔ ان ھی امور کے پیش نظر یہ قانون ضروری ہے ۔ اسکے معنے یہ نہیں کہ جلسوں پر ھی کنٹرول عائد کیا جائے ۔ بلکہ مطلب یہ ہے کہ دواخانوں مدرسوں اور ایسے مقامات پر بھی لاؤڈ اسپیکر استعمال نہوں اور کوئی جھگڑے کی صورت پیدا نہو ۔ ایسی صورت میں اس امنڈمنٹ پر محض اپوزیشن کیلئے اپوز کرنا مناسب نہیں ۔

اس ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ی محدود نہیں ـ کہ انہیں قائم ر ـ ـ ـ ـ ملئے ھی نہ پرمیم

پسس کی جا رہی ہے ـ

شریمتی شانتا بائی (مکیمل آ ـ ما کوڑ عام) ـ مسٹر اسپیکر سر ـ جو آنریبل ممبر یہ کہتے ہیں کہ ہمیں رسوب دیکر لائسنس حاصل کرنا ہوگا میں ان سے یہ پوچھتی ہوں کہ جب ایک صاف راستہ انکے سامنے ہے تو کون انکا راستہ روک رہا ہے ـ تعجب ہے کہ انہیں رسوب دیکر کام چلانا پڑتا ہے ـ حکومت چاہتی ہے کہ کنٹرول کرے اسکی مخالفت کی کوئی وجہ نہیں ـ اس سلسلہ میں میں اپنا ذاتی تجربہ بیان کرتی ہوں ـ میرے ہاسپٹل میں ایک زچگی کا کیس تھا ساڑھے چار نمبر بجر تھا اور دوا خانہ کے بازو ہی لاؤڈ اسپیکر کے ذریعہ گڑبڑ کی جارہی تھی ـ میں نے باہر جا کر گڑبڑ کرنے والوں سے کہا تھا کہ بھائی میٹرنٹی ہوم میں زچاؤں کو تکلیف ہو رہی ہے ـ مہربانی کرکے آپ یہ گڑبڑ روک دیجئے تو ان لوگوں نے جواب دیا کہ آپ روکنے والے کون ہیں ـ اس پاپولر گورنمنٹ میں کوئی نہیں روک سکتا ـ اس لئے ہم چاہتے ہیں کہ لاؤڈ اسپیکر پر کنٹرول کیا جائے ـ جو لوگ کہتے ہیں کہ ہمیں اس کےلئے رسوب دینی پڑتی ہے تو میں کہونگی کہ انہیں آنریبل ممبر کے پاس جا کر شکایت کرنی چاہئے ـ بہر حال اس کنٹرول سے سب کو آسانی ہوگی ـ اسلئے جو اسٹدمنٹ بل پیش ہوا ہے اسکی میں تائید کرتی ہوں تا کہ لاؤڈ اسپیکر کے استعمال پر کنٹرول ہوسکے ـ

* شری داور حسین ـ مسٹر اسپیکر سر ـ اس وقت جو بل پیش ہے اس پر غور کرتے ہوئے ہمیں بعض فنڈامنٹل پرنسپلس پر غور کرنا چاہئے ـ کسی اسٹیٹ کو قانون بنانے کی ضرورت اس وقت پیش آتی ہے جبکہ کسی حق کی حفاظت کرنے کی ضرورت محسوس ہو ـ صورت یہ ہے کہ قانون سازی کے ذریعہ کسی چیز کے پازیٹیو یعنی مثبت طور پر استعمال کا حق ہے لیکن اسکے نگیٹیو استعمال سے نقصان پہنچتا ہے ـ مخالفت کرنے والے اسکے نگیٹیو پہلو کو پیش کرکے اسکی ضرورت کو غلط ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں جہاں تک میں نے آنریبل ممبرس کی اسپیچس سنی ہیں وہ بھی اس بات سے متفق ہیں کہ بعض صورتوں میں لاؤڈ اسپیکر کے آزادانہ استعمال سے کسی نہ کسی کے حق کی خلاف ورزی ہوتی اور نقصان پہنچتا ہے جیسا کہ ابھی ایک محترمہ ممبر نے فرمایا کہ دوا خانہ کے قریب اور مدرسوں کے قریب لاؤڈ اسپیکر کا آزادانہ استعمال ہوتا ہے مریضوں کے آرام اور بچوں کی تعلیم کو پیش نظر نہیں رکھا جاتا ـ جب یہ استعمال کسی شخص کےلئے باعث تکلیف ہوتا ہے تو اس شخص کا یہ حق ہے کہ حکومت سے اس بات کی توقع کرے کہ وہ اسکے حق کی حفاظت کےلئے ضروری تدابیر اختیار کرے ـ اس وقت جو بل ہاؤس کے سامنے پیش ہے اس میں سوائے اس قسم کے حق کی حفاظت کے کوئی اور چیز پیش نظر نہیں ـ اس قسم کے حقوق کی حفاظت کی ضرورت کو تسلیم کیا جاتا ہے یہ بحث کہ جلسوں کے انعقاد کے حق کی خلاف ورزی ہوگی تو میں کہونگا کہ اگر کوئی

---

*Confirmation not received.

ایسی صورت پیدا ہوتو اس پر غور ہوسکتا ہے لیکن جب عام طور پر سٹیزنس کے حقوق کے تحفظ کے لئے ایک پابندی لگانے کی تجویز پیش کی جارہی ہے تو اسکے انگیز پہلو کو پیش کرتے ہوئے پارٹیوں کو نظر انداز کیا جانا مناسب نہیں ۔ اس میں شک نہیں کہ پبلک اسپیچس میں لاؤڈ اسپیکر کے استعمال کا حق ہے لیکن میں ہاؤس کو یہ بتلا دینا چاہتا ہوں کہ جہاں پانچ آدمیوں کے جلسے کے لئے لاؤڈ اسپیکر کے پندرہ بگے لگادئے جائیں اور یہ کوشش کی جائے کہ اسکے ذریعہ اپنی آواز ان کانوں میں بھی ٹھونس دی جائے جو اسکو سننا نہیں چاہتے یا ایسے لوگوں کو بھی بیدار کردیا جائے جو سورہے ہوں تو کیا یہ طریقہ مناسب ہوسکتا ہے ۔ ۲۰ آدمیوں کے جلسہ کے لئے ایسے لاؤڈ اسپیکرس لگائے جاتے ہیں جو دس ہزار آدمیوں کے جلسے کے لئے بھی کافی سے زیادہ ہوں تو اس کا مقصد صرف یہ ہوتا ہے کہ جو لوگ اس کا اثر نہیں لینا چاہتے انکے کانوں تک کسی نہ کسی طرح اپنی آواز پہنچادی جائے ۔ کیا یہ مناسب ہوسکتا ہے ۔ ان ہی امور کے پیش نظر لاؤڈ اسپیکر کے عام استعمال پر پابندی عاید کرنیکی تجویز ہاؤس کے سامنے پیش ہے ۔

ایک آنریبل ممبر نے فرمایا کہ جب گانوں پر پابندی ہے تو لاؤڈ اسپیکر پر پابندی کی چنداں ضرورت نہیں ۔ مگر لاؤڈ اسپیکر صرف گانوں ہی کے لئے استعمال نہیں ہوتا ۔ اسکے علاوہ گانوں کے لئے بھی لاؤڈ اسپیکر کا ایسا استعمال جو پبلک نیوسنس کی حد تک پہنچ جائے درست نہیں ہوسکتا ۔ اس پر پابندی عاید کرنا ضروری ہوجاتا ہے ۔ ہوٹلس میں جو لاؤڈ اسپیکر استعمال کئے جاتے ہیں انکی آواز صرف ہوٹل میں کھانے پینے والوں کی حد تک ہی محدود نہیں رکھی جاتی بلکہ راستہ چلنے والوں اور آس پاس کے مدرسوں اور دواخانوں پر بھی مسلط کی جاتی ہے ۔ پولس کمشنر کے پاس اسکے انسداد کے لئے کوئی قانون موجود نہیں ہے اور جو اختیارات ہیں ناکافی ہیں ۔ موجودہ بل کے بموجب اس میں ترمیم ضروری ہے کیونکہ لاؤڈ اسپیکر کے موجودہ طرز استعمال سے یا " مال پراکٹس " سے یہ ضروری ہوگیا ہے کہ عوام کے حقوق کے تحفظ کے لئے لاؤڈ اسپیکر کے استعمال پر کچھ نہ کچھ پابندی عاید کی جائے ۔ آنریبل ممبرس کی اسپیچس سے بھی میں نے یہی محسوس کیا کہ وہ اسباب کو تسلیم کرتے ہیں کہ بعض صورتوں میں لاؤڈ اسپیکر کا استعمال نیوسنس ہو جاتا ہے ۔ لہذا میں بل کی تائید کرتے ہوئے یہ کہونگا کہ لاؤڈ اسپیکر کے استعمال پر ضرور پابندی عائد کی جائے ۔

श्री वामनराव देशमुख (मोमिनाबाद जनरल) माननीय अध्यक्ष महाराज, नामदार गृहमन्त्र्यानी लाअुडस्पीकरचा अुपयोग करण्याबाबत नियंत्रण ठेवण्यासबधीचा ज्यादा अधिकार पोलिस कमिशनरला देण्यासबंधी जुन्या कायद्यात जी अमेंडमेंट सभागृहासमोर आणली आहे त्या बाबतीत येथे बरीच चर्चा झाली लाअुड स्पीकरसबधी पूर्वीच्या ज्या काही कल्पना मला येथे आठवत आहेत त्या मी सागणार आहे

लोकमान्य टिळकांनी २३ मार्च १९२२ मध्यें असे सागितले होते की जनतेने लाअुडस्पीकर-प्रमाणे कार्य केले पाहिजे म्हणजे ज्याप्रमाणे लाअुडस्पीकर आपला आवाज दूरवर नेतो त्या-

प्रमाणे ब्रिटिश सत्तेविरुद्ध आपले विचार जनतेत पोहोचविण्यासाठी [illegible]
रोजी हैदराबाद राज्यात पोलिस ॲक्शन सुरु होण्यापूर्वी आणि [illegible]
सामील होतो मला चागले आठवते की त्या वेळी अेका प्रसगी [illegible]
होते की निजामाची ही जुलमी राजवट बदलण्यासाठी आपण प्रत्येकाने [illegible]
आपण आपला आवाज लाअुडस्पीकरसारखा मोठा करून आपले म्हणणे जनतेपर्यंत पोहोचविले पाहिजे

आजच्या लोकशाही युगात आपले म्हणणे जनतेपर्यंत नेण्याचे लाअुडस्पीकर [illegible] प्रभावी साधन आहे हैदराबादमध्ये बऱ्याच जाहीर सभा होत असतात, आणि अशा प्रकारच्या कायद्याचा अुपयोग विरोधी पक्षाची तोंडे बद करण्यासाठीहि होअू शकतो अशा स्थितीत आमचा आवाज जनतेपर्यंत पोहचू शकला नाही तर या स्वातत्र्याचा आम्हाला काय अुपयोग ?

आज मत्रिमडळात असणाऱ्यानी निजामाच्या कारकीर्दीत काग्रसमध्ये बरेच काम केले आहे तेव्हा त्याना अशा प्रकारच्या कायद्याचा कसा दुरुपयोग होअू शकतो याची चागली कल्पना असेल जनतेवर आपले राज्य टिकविण्यासाठी भाडवलदारी समाजरचनेमध्ये लोक असली बधने घालतात, व अशा तऱ्हेचे कायदे पास करून घेतात

विरोधी पक्ष प्रमुख श्री व्ही डी देशपाडे यानी आपल्या भाषणात सागितले की जुन्या प्रकारच्या कायद्यात असल्या प्रकारची अमेडमेंट आणण्याची काहीच आवश्यकता नाही माझेहि तसेच मत आहे, आणि म्हणून मी नामदार मत्र्याना अशी विनती करतो की त्यानी आपली ही अमेडमेंट परत घ्यावी

* شری مرلیدھر راؤ کامٹیکر (بھالکی) - مسٹر اسپیکر - سر - اتنک جوتقاریر ہوئی ھیں انہیں سنے کے بعد میں یہ سمجھتا ہوں کہ بعض آنریبل ممبرس نے اس اسپرٹ کو نہیں سمجھا ھے جسکے تحت یہ امنڈمنٹ موو کیا گیا ھے - میں آپکو وہ زمانہ یاد دلانا چاہتا ہوں جبکہ راسنگ شروع کیجارھی تھی - بڑے بڑے سر سیر دو دو سیر کھانے والے یہ پکار رھے تھے کہ راسنگ سے انسان مرجائیںگے ختم ھوجائیںگے - ۲ چھٹانک کھانے سے سارے لوگ مرجائیںگے لیکن تاریخ شاھد ھے آج تک ۲ چھٹانک کھانے سے کوئی نہیں مرا - میں آپکی توجہ اس بل کے اسٹیٹمنٹ آف آبجکٹس اینڈ ریزنس کی طرف دلانا چاھتا ہوں جس میں صاف طور پر پہلی لائین میں کہا گیا ھیکہ لاؤڈ اسپیکر کا استعمال خصوصاً رات کے وقت جبکہ دنیا آرام سے سوتی رھتی ھے اوس وقت ان کو ڈسٹرب کرنے کے لئے استعمال کیا جائے تو اوسکو روکنا چاھئے - اور دوسرے اسلئے کہ لاؤڈاسپیکر کے استعمال کی وجہ سے ٹرافک میں رکاوٹ پیدا ھوتی ھے لہٰذا اوسکو روکنے کیلئے یہ پابندی عاید کی جانی چاھئے - میں پوچھنا چاھتا ہوں کہ کیا رات کے ایک دو تین اور چار بجے تک لاؤڈ اسپیکر کا استعمال کرنا مناسب ھے - میں سمجھتا ہوں کہ اپوزیشن کا یہ آرگیومنٹ غلط اور لغو ھے اور بیوپاریوں کی ھمدردی کے لئے یہ آرگیومنٹ اٹھایا گیا ھے - لاؤڈ اسپیکر کا اسطرح استعمال کہ چوراھوں پر کھڑے ھوکر پبلسٹی کرتے رھیں

*Confirmation not received

اور بچے جمع ہوجائیں ۔ بچوں کا ایکسیڈنٹ ہو اور وہ ہلاک ہوجائیں کیا مناسب ہے؟ میں سمجھتا ہوں کہ یہ آرگیومنٹ ملک کے مفاد کے خلاف ہے۔ قواعد جو بنائے جارہے ہیں اونکے تحت رات کے بارہ بجے کے بعد لاؤڈ اسپیکر کے استعمال کی اجازت نہیں ہے کہا یہ جارہا ہے کہ ہم مخالفت کی خاطر مخالفت نہیں کر رہے ہیں ۔ دیکھئے کہ ہم نے ٹکٹوں کی بلاک مارکٹنگ کے انسداد کے بارے میں کوئی اختلاف نہیں کیا ۔ لیکن میں یہ کہونگا کہ ۱۲ بجے کے بعد ریڈیو کے استعمال پر پابندی عاید کیجائے تو آپ اسکا مطلب یہ کیوں سمجھ رہے ہیں کہ میٹنگس پر پابندی عاید کرنا مقصود ہے ۔ آپ یہ کیوں خیال کررہے ہیں کہ کسی موٹر پر لاؤڈاسپیکر لگا کر راستے سے گزرنے کی اجازت نہیں دیجائیگی

شری وی ۔ ڈی ۔ دیسپانڈے ۔ یہ ہمارا تجربہ ہے ۔

شری مرلیدھر راؤ کامٹیکر ۔ آپ کو ہماری نیک نیتی پر بھروسہ کرنا چاہئے ۔ کیونکہ ہم کو بھی اس قانون کی پابندی کرنا پڑیگا ۔ میں یہ عرض کرونگا کہ اسٹیٹمنٹ آف آبجکٹس اینڈ ریزنس (Statement of objects and Reasons) کو پڑھکر اس پر اعتراض کریں تو اچھا ہوگا ۔ جو قواعد بنائے جائینگے اسی اسپرٹ سے بنائے جائینگے ۔ اگر آپ اسکو منظور نہیں کر رہے ہیں تو وہ ملک کی کوئی خاص خدمت نہ ہوگی ۔

شری بی ۔ رام کشن راؤ ۔ اگر عالیجناب اجازت دیں تو میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ سٹی پولس ایکٹ امنڈمنٹ بل کے سلسلہ میں جو تقاریر ہوئی ہیں انہیں سنکر میں نے یہ محسوس کیا کہ شاید میں اس پر کچھ کہوں تو آنریبل ممبرس کی تشفی ہوجائیگی اور وہ مزید مباحث کی ضرورت محسوس نہیں کریں گے ۔

(*iii*)	City Hospital (Chaderghat)	24
(*iv*)	Sultan Bazar Hospital	72
(*v*)	Golconda Hospital .	85
	Total .	1,431

(*b*) The average number of patients provided with free diet, milk and fruits in the above Hospitals are as follows —

(*i*)	Osmania General Hospital .	850
(*ii*)	Victoria Zenana Hospital	400
(*iii*)	City Hospital (Chaderghat)	24
(*iv*)	Sultan Bazar Hospital .	72
(*v*)	Golconda Hospital .	85
	Total .	1,431

(*c*) Effective supervision is being maintained by the Steward or Sister in charge who supervises the receipts and disbursement of food and also by the R.M Os

(*d*) The accounts are being checked periodically by the R.M Os and Superintendents of the respective Hospitals The Audit Section of the Accountant-General's Office also checks these accounts.

Discussion on the Mode of Election to the Local Advisory Committee, Central Railway, Secunderabad and the Senate of Osmania University.

مسٹر اسپیکر - میں نے کل کہا تھا کہ الکشن کا موڈ (Mode) کیا ہونا چاہئے اس بارے میں هاؤس تصفیہ کریگا - آج میں وہ چیز هاؤس کے سامنے رکھونگا -

ایک آنریبل ممبر - سنائی نہیں دے رہا ہے -

مسٹر اسپیکر - کل میں نے کہا تھا کہ لوکل اڈوائزری کمیٹی سنٹرل ریلوے اور عثمانیہ یونیورسٹی سینیٹ کے لئے اس ہاؤس سے ارکان منتخب کرنے کا کیا طریقہ ہوگا - اس بارے میں ہاؤس تصفیہ کریگا - میں نے یہ کہا تھا کہ کوئسچن آور کے بعد یہ مسئلہ ہاؤس کے سامنے رکھا جائیگا - اس بارے میں جو رولس ہمارے پاس ہیں ان میں کوئی ایسا پراویژن نہیں اس لئے یہ مسئلہ ہاؤس کے سامنے رکھا گیا ہے -

We have to decide whether the mode of election of two members to the Local Advisory Committee, Central Railway, Secunderabad and four members to the Senate of the Osmania University should be by proportional representation by a single transferable vote or ordinary

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - اس سوال پر میں اپنی رائے ظاہر کردینا چاہتا ہوں میں اپنی رائے ظاہر کرتے ہوئے صرف . . . . .

Mr Speaker I have only raised the question before the House I did not put any motion for discussion

What is meant by proportional representation and the ordinary method of voting is known to all members I do not think that we should spend much time over this point.

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - میرا پروپوزل یہ ہے کہ جس طرح اسٹیمیٹس کمیٹی اور اکونٹس کمیٹی کیلئے ہاؤز میں الکشن ہوئے تھے اسی اصول کے تحت انتخابات عمل میں لائے جائیں اور پروپورشنل ریپریزینٹیشن کے ذریعہ الکشن ہو تو درست ہوگا -

مسٹر اسپیکر - میں نے کل ہی کہدیا تھا کہ اسٹیمیٹس کمیٹی کے بارے میں رولس موجود ہیں - اس بارے میں ہمارے پاس رولس موجود نہیں ہیں اس وجہ سے میں نے یہ پوائینٹ ہاؤس کے سامنے رکھنا مناسب سمجھا -

شری جی - ہنمنت راؤ - یہ جو رولس تیار کئے گئے ہیں ان میں ریلوے بورڈ اور عثمانیہ یونیورسٹی سینیٹ کے بارے میں اسٹیمیٹس کمیٹی کی طرح الکشن کی وضاحت کیوں نہیں کی گئی -

مسٹر اسپیکر - خیر نہیں کی گئی یہ واقعہ ہے اس میں جانے کی ضرورت نہیں -

شری گوپال راؤ اکبوٹے (چادرگھاٹ) - جہاں تک میرے معلومات کا تعلق ہے جب خود اس اسٹیٹیوشن میں پروپورشنل ریپریزنٹیشن (Proportional Representation) کا

کوئی جگہ نہیں رکھا گیا ہے تو میں نہیں سمجھتا کہ لیجسلیچر کیوں پروپورشنل ریپریزنٹیشن کے ذریعہ انتخابات کرے ۔ جہاں ہم اپنے نمائندے بھیج رہے ہیں وہاں پروپورشنل ریپریزنٹیشن کا طریقہ رائج نہیں ہے تو کوئی وجہ نہیں کہ اس کے لئے هاؤز میں ہم یہ طریقہ اختیار کریں ۔ لہذا میں اس تحریک کی مخالفت کرتا ہوں ۔

شری وی ۔ ڈی ۔ دیشپانڈے ۔ ۔ آنریبل ممبر نے ابھی جیسا کہ ذکر کیا میں بتاؤنگا کہ وہاں کی نوعیت اور اس هاؤز کی نوعیت جداگانہ ہے ۔ انہوں نے یہ نہیں کہا ہے کہ کس طرح هاؤز نمایندوں کا انتخاب کرے ۔ یونیورسٹی میں پارٹی بیسس کی گورنمنٹ نہیں ہے جیسا کہ لیجسلیٹو اسمبلی یا پارلیمنٹری گورنمنٹ میں مختلف خیالات کے لوگ اور مختلف پارٹیاں ہوتی ہیں ۔ اگر حکومت یہ مناسب سمجھتی ہے کہ کمیٹی میں مختلف خیالات اور مختلف جماعتوں کی نمایندگی ہو تو اسکے لئے پروپورشنل ریپریزنٹیشن ضروری ہے جس طرح کہ اسٹینڈنگ کمیٹی کیلئے عمل ہوا ہے ۔ ہم عثمانیہ یونیورسٹی رولس کے پابند نہیں ہیں ۔ ہم یہاں اپنے ویور کو ریپریزنٹ کرتے ہیں ۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ پروپورشنل ریپریزنٹیشن ہی ایک ایسا طریقہ ہے جس سے ہم ڈیموکریسی کو قائم رکھ سکتے ہیں ۔

Shri V B. Raju The representation that is given in the University is for the Assembly as a whole and not for individuals or parties If these committees are to be elected within the framework of the House, it is in the fitness of things that as far as possible all shades of opinion are represented But where the House as a whole is to be represented, there is no question of a particular shade of opinion being given representation It is the representation of the Assembly as such and therefore this argument in favour of giving representation to all shades of opinion or to all the political parties in the House will not hold good. No rules have been provided for giving proportional representation and the opinion of the House as a whole will have to be taken into consideration and I do not think much more light can be thrown by this discussion The representation is for the House as a whole and not on a party basis.

شری اناجی راؤ ۔ مسٹر اسپیکر سر ۔ اس سوال پر جو اس وقت هاؤز کے سامنے ہے اپنے خیالات ظاہر کرتے ہوئے میں یہ کہونگا کہ هاؤز کی جانب سے آج تک جتنے بھی الکشنس ہوئے ہیں وہ سب پروپورشنل ریپریزنٹیشن (Proportional Representation) کے طریقہ پر ہوئے ہیں ۔ لیکن میں نہیں سمجھتا کہ ریلوے کی اڈوائزری کمیٹی (Advisory Committee) اور عثمانیہ یونیورسٹی سینیٹ کیلئے اراکین کے انتخابات میں کیوں اسکی مخالفت

کہجارہی ہے ۔ گورنمنٹ نہ ادعا نوکری ہے کہ وہ ڈیموکریٹک (Democratic) گورنمنٹ ہے اور اپوزیشن سے کوآپریشن (Co-operation) چاہتی ہے ۔ کیا کوآپریشن کا یہی طریقہ ہے کہ دوسری پارٹیز کو کمیٹیز میں اپنے خیالات ظاہر کرنے کا موقع نہ دیا جائے ؟ کیا یہی ڈیموکریسی ہے ؟ ایک طرف تو یہ کہا جاتا ہے کہ ہم ڈیموکریٹک اصولوں پر چلنا چاہتے ہیں اور دوسری طرف اپنے اثر سے کام لیکر دوسری پارٹیوں کو اپنے ویوز (Views) ظاہر کرنے سے باز رکھا جاتا ہے ۔ میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا یہی ڈیموکریٹک اسپرٹ (Democractic spirit) ہے ؟ اگر یہی ڈیموکریسی ہے تو کیوں نہ نامینیٹڈ ممبرس (Nominated Members) بھیج دئے جائیں ۔ لیکن الکشن کا لفظ یہاں موجود ہے اور الکٹ (Elect) کرنے میں ظاہر ہیکہ ایک ہی پارٹی کے لوگ آجائینگے ۔ اسلئے میں اپیل کرونگا کہ اس اسپرٹ سے کام نہ لیا جائے ۔ تمام ویوز کے لوگوں کو اپنے خیالات کے اظہار کا موقع دیا جانا چاہئے ۔ اسلئے پروپورشنل ریپریزنٹیشن کے ذریعہ ان اراکین کا انتخاب ہونا ضروری ہے تاکہ ہر پارٹی کو ان کمیٹیز میں اپنے خیالات ظاہر کرنے کا موقع ملے ۔

شری پریندر جی ۔ اسمبلی کے موجودہ دستور میں جب ایسا کوئی قانون نہیں ہے اور فینانس کمیٹی کے سوائے دوسری کمیٹیوں کیلئے عام قاعدے رائج ہیں تو وہی عام قاعدہ استعمال کیا جانا چاہئے ۔ ابھی حال ہی میں بمبئی کے لیجسلیچر اور پارلیمنٹ میں جو انتخاب ہوا ہے وہ اسی طریقہ پر ہوا ہے جسکی کہ میں تائید کر رہا ہوں ۔ جب بمبئی کے لیجسلیچر اور پارلیمنٹ میں یہی اصول رائج ہے تو میں نہیں سمجھتا کہ اپوزیشن کی جانب سے جس نمائندگی کا مطالبہ کیا جارہا ہے وہ صحیح ہوسکتا ہے ۔ معمولی طریقہ انتخاب جمہوریت کے اصولوں کے مغائر بھی نہیں ہوسکتا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ جب ہمارے ہاں کوئی ایسا قانون یا قواعد نہیں ہیں تو ہمیں ان ہی قواعد پر عمل کرنا چاہئے جو عام طور پر رائج ہیں ۔ مجھے امید ہیکہ ہاؤس معمولی طریقہ انتخاب کی تائید کریگا ۔

Mr Speaker : I do not think we should have a discussion on this question Already we have spent much time over it

شری راجہ رام ۔ میں اس سلسلہ میں ایک امپارٹنٹ پوائنٹ بیان کرنا چاہتا ہوں ....

مسٹر اسپیکر ۔ اگر کوئی امپارٹنٹ پوائنٹ تھا تو کل ہی بیان کیا جانا چاہئے تھا جب میں نے کہا تھا کہ ہاؤز میں اسکا تصفیہ کیا جائیگا ۔ میں نے اس چیز پر تھوڑی دیر کیلئے بحث کی اجازت دی لیکن اگر ہم ڈسکشن (Discussion) ہی میں کافی وقت صرف کریں تو مناسب نہ ہوگا ۔

شری ذاجی شنکر - چونکہ یہ ایک اہم مسئلہ ہے اسکا سٹل (Settle) کیا جانا ضروری ہے - معزز ارکان کو ایسے حالات کے اظہار کا موقع دیا جانا چاہئے -

مسٹر اسپیکر - ۱۰ بجے ہمیں الکشن شروع کرنا ہے - اس پر ہوسوالی بحث کو میں روکنا تو نہیں چاہتا مگر خیال رہے کہ میں ½ ۱۰ بجے کا وقت مقرر کرچکا ہوں - اس سے پہلے ووٹنگ (Voting) لی جائیگی لہذا دو چار منٹ اس پر بحث ہوسکتی ہے -

شری راجہ رام - ہاوس کا اتنک یہ طریقہ رہا ہےکہ اس میں اتنک جتنی کمیٹیاں بنی ہیں وہ پروپورسنل ریپریزنٹیشن (Proportional Representation) کے ذریعہ ہی بنی ہیں - آج جب ہمارے سامنے دو کمیٹیوں میں ہمارے نمائندے بھیجنے کا سوال پیش ہوا ہے تو اسکے لئے بھی پروپورسنل ریپریزنٹیس کے ذریعہ ہی الکشن ہونا ضروری ہے - آنریبل ممبر فار چادرگھاٹ نے کہا کہ یونیورسٹی کی سینٹ کیلئے جہاں تک انہیں علم ہے سیدھے سادھے طریقہ پر ووٹنگ ہوتی ہے میں اسکو مانتا ہوں مگر اسمبلی ایک الکٹورل کالج (Electoral College) ہے - ہم نے یہاں ایک طریقہ اختیار کیا ہے اسی طریقہ کو اختیار نہ کرنا کوئی معنے نہیں رکھتا - ایک دوسرے آنریبل ممبر نے کہا کہ بمبئی میں آرڈینری سسٹم (Ordinary System) اختیار کیا جاتا ہے اور پارلیمنٹ میں بھی ایسا ہی ہوتا ہے - میں آپ کو بمبئی اسمبلی کا ایک رزولیوشن (Resolution) پڑھکر سناتا ہوں جس سے انکا اسٹیٹمنٹ (Statement) غلط ثابت ہوگا -

From Rules for the election of representatives on the Assembly and the Senate of the Bombay University.

The following resolution was passed by the Legislative Assembly (Bombay) on the 19th August, 1937,

"That this Assembly do adopt for the purpose of election of representatives of the Assembly on the University Senate, the following rule as authorised by the Statute 162 framed under the Bombay University Act, *mutatis mutandis* framed for the election of the members to the Public Accounts Committee" (Page 133 of the L A Debates)

پبلک اکونٹس کمیٹی (Publice Accounts Committee) کیلئے پروپورشنل ریپریزنٹیشن کا طریقہ اختیار کیا جاتا ہے اور یہ طے پایا ہے کہ سینٹ کیلئے

بھی وھی طریقه اختیار کیا جائے۔ جب ھمارے سامنے دوسرے اسمبلی کی روایات موجود ھیں تو یہاں اس پر عمل نہ کیا جانا کیا معنے رکھتا ھے ؟ اس میں جسٹفکیشن بھی ھے اور پولٹیکل مائنارٹیز (Political Minorities) بھی آگے بڑھ سکتی ھیں ۔

Mr Speaker Time is over, please

شری لکشمن کو نڈا - مسٹر اسپیکر - سر - اسارے میں بحث ھوچکی ھے - اس سلسله میں بہت سے آرگیومنٹس دئے گئے ھیں میں اپنی رائے کا اظہار کرنا نہیں چاھتا ۔ .

شری ھمت راؤ - بہت ساری نہیں ھوئی - کم ھوئی -

مسٹر اسپیکر - یہ کوئسچن اوپیس (Opinion) کا ھے - میں اسے ووٹ کے لئے آپ کے سامنے رکھتا ھوں -

The question is " that the mode of election of two members to the Local Advisory Committee, Central Railway, Secunderabad, and four members to the Senate of the Osmania University shall be by proportional representation by single transferable vote "

گویا لوکل اڈوائزری کمیٹی سنٹرل ریلوے بورڈ سکندر آباد کملئے دو ارکان اور عثمانیه یونیورسٹی کیلئے چار ارکان کا انتخاب پروپورشنل ریپرزنٹیشن بائی سنگل ٹرانسفر یبل ووٹ (Proportional Representation by single Transferable vote) کے ذریعه کرنے کی تائید میں جو ارکان ھوں وہ مہربانی کر کے کھڑے رھیں ۔

The Secretary will count the votes if there is no objection. If there is any objection other method will have to be adopted.

Shri V.D. Deshpande . We have belief in the Secretary and he can count

(Pause for counting)

اور جو مخالف ھیں وہ مہربانی کر کے کھڑے رھیں ۔

Shri Guruva Reddy . May I point out Sir, that the hon. Minister cannot enter now while the counting is going on

Shri V.B. Raju · He has already entered the house.

Mr Speaker 62 votes are in favour of proportional representation by single transferable vote and 90 are against it. (Loud and continued cheers from Treasury Benches).

Shri V D Deshpande As against the undemocratic attitude of the Congress Party .

Mr Speaker No remarks now This is after all the decision of the House and this is the democratic method.

(Shri V D Deshpande rose in the seat).

Mr Speaker . Order ! Order !

Shri V D Deshpande I declare on behalf of the Opposition that we are not going to take part in the elections and we are going to walk out as a protest

Mr Speaker : Whatever the hon Member wants he can do

This is a protest against democracy and against the House. (Cheers from the Treasury Benches)

(At this stage, the Opposition Members walked out).

An hon Member from Opposition . (While leaving) This is not a protest against democracy, but this is a protest against the Ruling Party

(Pause)

Mr. Speaker We shall have elections at 10.30 A.M as declared before

At 10.30 A.M., the ballot papers will be distributed.

The House then adjourned for recess till Half Past Ten of the Clock.

The House re-assembled after recess at Half past ten of the Clock

[Mr Speaker in the Chair]

Election to Local Advisory Board, Central Railway Secunderabad.

Mr Speaker We shall now proceed to the election of two members to the Local Advisory Board, Central Railway, Secunderabad There were four candidates standing for this election, *viz*

1 Shri G Hanumantha Rao
2 ,, Madhav Rao Nerilikar.
3 ,, Shri Laxminivas Ganeriwal
4 ,, K R Veeraswamy

Out of these, Shri G Hanumantharao and Shri Madhav Rao have withdrawn their candidatures Therefore, the candidates that are left are Shri Laxminivas Ganeriwal and Shri K.R Veeraswamy, and as there are only two candidates for these two seats, no polling is necessary. I, therefore, declare Shri Laxminivas Ganeriwal and Shri K R Veeraswamy as elected

Regarding the withdrawals, the House will probably remember that although we had fixed the time as 12 noon yesterday, day before yesterday a Member made a suggestion that withdrawals might be accepted even after They have therefore been accepted till 10-30 a m that is before the commencement of the election today

Election to the Senate of Osmania University.

Mr Speaker . The next item is election of four members to the Senate of the Osmania University There were eight candidates in all for this, *viz*

1 Shri Gopalrao Ekbote.
2 Smt Masooma Begum.
3 Shri M. Narsingrao
4 ,, S Pratap Reddy
5 Smt Rajamani Devi
6 Shri. Syed Akhtar Hussain.
7. ,, Udhavrao Patil.
8. ,, Gurva Reddy.

Out of these eight, four have withdrawn their candidatures, *viz.*

1. Smt Rajamani Devi.
2. Shri Syed Akhthar Hussain
3. ,, Udhavrao Patil
4. ,, Gurva Reddy

Therefore, there are only four candidates remaining. As there are only four seats for which election has to be held and as there are only four candidates, no polling is necessary I, therefore, declare

1. Shri Gopalrao Ekbote
2. Smt. Masooma Begum.
3. Shri M Narsing Rao.
4. ,, S Pratap Reddy

as duly elected to the Senate of the Osmania University.

Election to the Committee on Estimates.

Mr Speaker Regarding the election to the Estimates Committee, there are three candidates :

1. Shri Chander Rao B.M.
2. ,, G Rajaram.
3. ,, Mohammed Ali Moosavi.

Out of these three, one has to be elected to the Estimates Committee. This election will be by a single transferable vote as has been laid down in our Rules. Now, the ballot papers will be distributed and then the hon. Members .. . .

Shri B Ramakrishna Rao : May I know, Sir, whether you have any information as to the hon. Members, who have not participated in other elections, are going to take part, in this election because their candidates have not withdrawn, and this is by single transferable vote.

Mr Speaker : I have no information of any kind. We have fixed as 10-30 a.m. the time for election and the order chosen was,

firstly, election to the Advisory Board, Central Railway, Secunderabad, secondly, election to the Senate of the Osmania University and, thirdly, election to the Committee on Estimates.

(Pause)

We shall now adjourn for recess.

Dr. Chenna Reddy I submit that the election should be conducted at the time fixed.

Mr. Speaker We shall have recess and proceed with the election later

The House then adjourned for recess till Half past Eleven of the clock.

The House re-assembled after recess at Half past Eleven of the Clock.

[Mr Speaker in the Chair]

Mr. Speaker We shall now proceed to the Election of a Member to the Committee on Estimates

Election to the Committee on Estimates will be conducted on the basis of proportional representation by means of a single transferable vote, under sub-rule (3) of Rule 117-B of the Rules of the Hyderabad Legislative Assembly Ballot papers bearing the names of the candidates proposed for election will be issued to each hon Member by the Secretary The Elector is expected to mark the order of preference, such as 1, 2 and 3 in figures against the names of candidates. As only one candidate is to be elected, the elector should only mark one preference and not more than one.

The Secretary will now distribute the ballot papers

شری وی۔ ڈی دیشپانڈے - اسٹمٹس کمیٹی (Estimates Committee)
کےلئے اراکین کا الکسن سیکرٹ بلٹ (Secret Ballot) کے ذریعہ
ہوا تھا - یہ رائے دھی کمرے میں بلٹ باکس رکھکر ہوئی تھی - اس سے ممبرس
کو کوئی دیکھے بغیر رائے درج کرنے کا موقع ملا تھا - میں استدعا کرتا ہونکہ اب بھی
یہی طریقہ اختیار کیا جائے - الگ کمرے میں ووٹنگ کی جائے تو مناسب ہوگا

مسٹر اسپیکر- ہاں وھی طریقہ اختیار کیا جائیگا جو پہلے اختیار کیا گیا تھا - لیکن کیا یہ مناسب نہ ہوگا کہ ممبرس علاحدہ جاکر لکھکر لائیں اور یہاں بیالٹ باکس (Ballot Box) میں سلپ ممبرس ڈالدیں -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - مگر اس میں سیکریسی (Secrecy) نہیں رھیگی -

مسٹر اسپیکر - فولڈ (Fold) کرنے کے بعد سیکریسی ھو جاتی ھے -

شری وی - ڈی -دیشپانڈے- ھم چاھتے ھیں کہ وھی طریقہ فالو (Follow) کیا جائے تاکہ سکریسی کا موقع رھے -

اگریکلچر اینڈ سپلائی منسٹر (ڈاکٹر چاریڈی)- تو کیا صرف سکریٹری صاحب کے کمرے ھی میں سکریسی ھوسکتی ھے ؟

Shri V B Raju But it will take a lot of time.

Mr Speaker True, it may take a lot of time.

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - ڈیموکریسی کے اصول بدل رھے ھیں -

Mr Speaker . No such remarks.

شری بی - رام کشن راؤ - اسپیکر سر- عالی جناب نے جب یہ قبول کرلیا ھے کہ کمرے میں رائے شماری ھوگی تو مجھے کچھ کہنا نہیں ھے - لیکن میں کہونگا کہ لابی (Lobby) کے جو روبس ھیں وھاں جاکر اگر سلپ پیپرس پر لکھکر لائیں اور یہاں ڈالدیں تو اس سے بھی کافی سکریسی ھوسکتی ھے - اگر میرے آنریبل دوستوں اور جناب نے ایسے فیصل کیا ھے تو مجھے کوئی عذر نہیں گو اس میں کافی وقت لگیگا -

Mr Speaker Will we be able to finish it within one hour ? If so, we shall fix the time at 12-30

شری بی - رام کشن راؤ- اب ۱۱ بجکر ۳۰ منٹ ھوئے ھیں - ۱۲ بجکر ۳۰ تک یہ ووٹنگ ختم ھو جائیگی -

شری اناپی را ؤ گوانے - میں سمجھتا ھونکہ ایک گھنٹہ کافی ھوگا -

Mr. Speaker · I want to allot one full hour for voting. So we shall meet again at 12-40 when the results of voting will be declared.

Dr Chenna Reddy Am I to take it, Sir, that there will be no further discussion after that?

Mr. Speaker Of course, if time permits, we shall try to finish the second reading of the Bill to amend the Hyderabad City Police Act We have already discussed it for a very long time and so we can try to finish the second reading of the Bill

Dr Chenna Reddy There will be only a few minutes time left to us after the results of voting are declared Instead of taking up the second reading of the bill, I suggest we shall adjourn for the day

The Minister for Rural Reconstruction (Shri Devisingh Venkatsingh Chawhan) I would suggest that the actual voting should be held between 4 to 5 p m or 5-30 p.m. and the House should now go on with its usual business

(Cries of ' no ', ' no ')

Mr Speaker If it is the desire of the House that only election work should be done now, and not legislative work the result of the voting will be declared at 12-45 and then we shall rise for the day

The House then adjourned for recess till Forty five minutes past Twelve of the clock.

The House re-assembled after recess at Forty five minutes past Twelve of the Clock.

[MR Speaker in the chair]

Mr. Speaker . We have to appoint scrutineers and I think we could have the same two persons, namely Shri Guruva Reddy and Shri Gopal Rao Ekbote. I hope they will agree to this.

श्री. माणिकचंद पहाडे · मै अेक अैसी चीज पूछना चाहता हू जो आज की कारवाअी से संबध नही रखती वह यह है की जो क्वशेन्स होते है वे हमें अैन वक्त पर दिये जाते है। अगर पहले से दिये जायें तो हम को सहुलत होगी।

مسٹر اسپیکر - کیا آنریبل ممبرس کو کوئسچنس ایک دن پہلے شام کو نہیں ملتے ؟

کئی ممبرس - نہیں ملتے -

مسٹر اسپیکر - بات یہ ہے کہ بعض لوگوں کا پتہ نہیں معلوم ہے اور دوسرے یہ
کہ پریس کی جانب سے دیتیں ہیں - اسکی کوشش کی جائیگی کہ کم سے کم پہلے دن
شام تک آپکو کوئسچیس ملجائیں -

ایک آنریبل ممبر - پہلے سشن میں ملتے تھے - اب نہیں ملتے -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - پہلے تو ہمارے گھروں پر یا کوارٹرز پر بھیجے
جاتے تھے اب پیجن ہول (Pigeon Hole) میں رکھے جاتے ہیں -

مسٹر اسپیکر - - آج سے پہلے دن ڈلیوری کا انتظام کیا جائیگا -

According to the report of the scrutineers there are two ballot papers regarding which decision has to be taken. Both the scrutineers agree that one paper is valid and about the other, one of the scrutineers says it is valid and the other says it is not. They have left this issue to the decision of the Speaker The point is that the voter has put figure (I) at one place and in another place he has merely crossed Of course, our rule says that he should put the figures As he has not given his vote to two members and given it only to one member, I hold this vote valid Still, I do not think that brings any material change in the result So, I would now read the result

Shri Chander Rao, B M	6 votes valid plus 1 vote now declared valid, total 7.
Shri Raja Ram	56 votes valid, invalid votes 5.
Shri Mohamed Ali Moosavi .	Valid votes 87

Shri Mohamed Ali Moosavi is declared elected to the Committee on Estimates.

Now we adjourn to meet on Monday morning at Nine of the Clock.

The House then adjourned till Nine of the Clock on Monday, the 16th June, 1952.

Vol. II
No. 5



Monday
16th June, 1952

HYDERABAD LEGISLATIVE ASSEMBLY DEBATES

Official Report

CONTENTS

Price: Eight Annas

GOVERNMENT PRESS
HYDERABAD-DN.
1952

HYDERABAD LEGISLATIVE ASSEMBLY

MONDAY, THE 16TH JUNE 1952.

(Fifth day of the Second Session.)

THE HOUSE MET AT NINE OF THE CLOCK
[MR SPEAKER IN THE CHAIR]

Starred Questions and Answers

Mr Speaker We shall now take up Questions.

DESTRUCTION OF CROPS BY BEASTS

* 90. *Shri A Raja Reddy* (Sultanabad): Will the hon. Minister for Agriculture and Supply be pleased to state

(1) Whether crops are destroyed this year by wild beasts in Sultanabad taluq ?

(2) Whether farmers have no guns to fight the wild beasts ?

(3) If so, what action has been taken towards this part of the 'Grow More Food' Scheme ?

(4) Whether any facilities have been provided for ryots to acquire guns easily ?

The Minister for Agriculture and Supply (*Dr Chenna Reddy*) :

(1) This is a normal source of damage in areas adjacent to forests Presumably, some damage may have been caused this year in parts of the Taluq bordering forest areas.

(2) It is true that most of the farmers have no fire arms.

(3) Proposals for organising Shikar parties, giving rewards for killing wild animals, requisitioning the services of Police in case of large-scale damages, etc are under consideration, of Government

(4) Collectors are empowered to issue licences for muzzle-loading and breech-loading guns and rifles.

Shri A Raja Reddy : Does the Government propose to relax certain restrictions in the matter of getting guns in view of the changed conditions.

Dr. Chenna Reddy I might suggest that this question should be addressed to the hon Home Minister

شری عبدالرحمن (ملك پیٹھ) - کیا یہ صحیح ہیکہ اس سلسلہ میں عوام نے اپنی مشکلات کا اظہار اخبارات کے ذریعہ کیا تھا - لیکن اسکے باوجود حکومت نے کوئی انتظام نہیں کیا -

Dr Chenna Reddy In cases which have been brought to our notice, necessary action has been taken

شری عبدالرحمن - یہ جو کہا گیا ہے کہ اس سلسلہ میں ایکشن لیا گیا ہے تو کیا آنریبل منسٹر بتاسکتے ہیں کہ کس کس ضلع میں ایکشن لیا گیا ہے ؟

Dr. Chenna Reddy I cannot say at this stage the different actions taken at different stages

شری کے - وینکٹ رام راؤ (چنا کنڈور) - کیا آنریبل منسٹر بتاسکتے ہیں کہ ابراھیم پٹن کے تحصیلدار صاحب اور ڈپٹی صاحب کے پاس ایک سکایت پیش کیگئی تھی کہ وائلڈ بیسٹس (Wild beasts) فصل خراب کر رہے ہیں اسکے باوجود انہیں مزل لوڈنگ گنس (Muzzle-loading guns) واپس نہیں دیگئیں -

Dr Chenna Reddy · I do not know where that representation was made and if the complaint is brought to my notice I will certainly look into it

شری عبدالرحمن - ابراھیم پٹن تعلقہ میں جو بندوقیں سپلائی کیگئی تھیں وہ دوبارہ کیوں واپس لے لی گئیں ؟

Dr. Chenna Reddy Nothing like that as yet

شری گوپڈی گنگاریڈی (نرمل - عام) - اگر مہربانی کر کے آنریبل منسٹر ہندی میں جواب دیں تو مناسب ہوگا -

Dr Chenna Reddy It would facilitate my enquiring into it if specific cases are brought to my notice

شری اناجی راؤ (پربھنی) - پربھنی ضلع میں خاص طور پر جنتور تعلقہ میں سوروں کی وجہ سے فصل کو بہت نقصان پہنچا ہے اسلئے وہاں کے لوگوں نے بندوقوں کے لئے درخواست دی تھی اسکا کیا انتظام کیا گیا ہے ؟

Dr. Chenna Reddy : If this would have been brought to my notice earlier, I would have definitely looked into it.

شری لکشمی کونڈا (آصف آباد ۔ عام) ۔ فی الواقعی سوروں کی وجہ سے فصلیں خراب ہو رہی ہیں ۔ کیا اس بارے میں آنریبل منسٹر کچھ سوچ رہے ہیں ؟

Dr Chenna Reddy These details I have already submitted to the House Certainly, there are different cases in different parts of the State and necessary steps are being taken in facilitating the giving of guns by empowering the Collectors and also by arranging Shikar parties, etc

شری داجی شنکر راؤ (عادل آباد) ۔ ہتیاروں کی سپلائی کا کیا طریقہ ہے ؟ ہتیار کی سپلائی کن لوگوں کو کیجاتی ہے ؟ کیا اسکے لئے کوئی طریقہ معین کیا گیا ہے ؟

Dr Chenna Reddy It is at the discretion of the District Collectors who are authorised to do this

شری جے ۔ رام ریڈی (نرساپور) ۔ بندوں کے لئے تعلقدار صاحب سنگاریڈی کے پاس درخواستیں پیش کی گئیں ۔ باوجود ایکسال ہونے کے ابتک بندوق سپلائی نہیں کیگئی ۔ اس تاخیر کی کیا وجہ ہے ؟

Dr. Chenna Reddy I am sorry, I do not have any specific information about this But I assure the House that I will see to it that no delay is caused in such cases

Mr Speaker Let us proceed to the next question

ALL INDIA CONFERENCE OF SOCIAL SERVICE

* 86 *Shri A Raja Reddy* : Will the hon. Minister for Social Service be pleased to state

(*i*) Whether the Hyderabad Branch of the All India Conference of Social Service is a Government organisation ?

(*ii*) If not, why Government servants like Tahsildars are collecting monies from the ryots for the organization like Government demands ?

سوشیل سرویس منسٹر (شری شنکر دیو) یہ گورنمنٹ کا آرگنائزیشن نہیں ہے اس کا گورنمنٹ سے کوئی سمبندھ نہیں ہے ۔ تحصیلداروں کو اس کے سمبندھ میں کوئی ادھیکار نہیں دیا گیا ہے ۔

شری وینکٹ رام راؤ ۔ کیا یہ صحیح ہے کہ کریمنگر تعلقہ کی سوشیل سرویس کمیٹی (Social Service Committee) کے سکریٹری خود وہاں کے تحصیلدار صاحب ہیں ؟

شری شنکر دیو ۔ اسکے لئے نوٹس کی ضرورت ہے ۔

شریمتی شاہ جہاں بیگم (برگی) - کیا سوشیل سرویس میں گورنمنٹ سرونٹس بھی حصہ لے سکتے ہیں؟

شری شنکر دیو - گورنمنٹ کی جانب سے کوئی ممانعت نہیں ہے -

شری سری پت راؤ (بیڑ) - کیا یہ صحیح ہے کہ سوشیل سروس کمیٹی کے ارکان افسروں کے ذریعہ چندے وصول کرتے ہیں؟ . . . .

• شری عبدالرحمن - اور تحصیل پٹواریوں کے ذریعہ بھی سوشیل سروس کیلئے زبردستی چندے وصول کئے جاتے ہیں؟

شری شنکر دیو - زبردستی تو چندے وصول نہیں کئے جاتے -

شری لکشمی کونڈا - گورنمنٹ کی جانب سے کیا کوئی ایسے احکام دئے گئے ہیں کہ سرکاری ملازمین سوشیل کاموں میں حصہ نہ لیں؟

شری شنکر دیو - سرکار کی طرف سے ایسے کوئی ممانعی احکام نہیں ہیں -

شری مادھو راؤ نیرلیکر - (ھنگولی - محفوظ) سوشل سرویس کیلئے چندے وصول کرنے کی کیا گورنمنٹ کی جانب سے اجازت دیگئی ہے؟

شری شنکر دیو - شخصی طور پر اگر کوئی چندے لے تو اسکے لئے اجازت کی ضرورت نہیں ہے -

شری عبدالرحمن - جو چندے سوشیل سرویس کیلئے وصول کئے گئے ہیں وہ کیا کئے گئے؟

شری شنکر دیو - اسکے لئے نوٹس کی ضرورت ہے -

شری ادھو راؤ پٹیل (عثمان آباد - عام) - سوشیل سرویس کے لئے چندے جمع کرنے میں کیا تحصیلدار صاحبین اپنی پوزیشن کا استعمال نہیں کر رہے ہیں؟

شری شنکر دیو - یہ خبر غلط ہے -

شری اناجی راؤ - کیا آنریبل منسٹر کے پاس ایسی شکایتیں وصول ہوئی ہیں کہ چندوں کے نام سے رشوتیں بھی لیجاتی ہیں؟

شری شنکر دیو - ایسی کوئی شکایت نہیں آئی -

شری گروا ریڈی (سدی پیٹھ) - اگر سرکاری ملازمین کو اسطرح چندے وصول کرنے کی اجازت دیجائے تو کیا وہ اپنے عہدہ کا لحاظ استعمال نہ کرینگے؟

شری شنکر دیو - قطعی نہیں کرسکتے -

شری راجی شنکر راؤ - سوشیل کانفرنس کے لئے جو رولس (Rules) بنائے گئے ہیں اسکے تحت ایک کتنی کمیٹیاں بنائی گئی ہیں ؟

مسٹر اسپیکر - اس سوال کا جواب دینے کی ضرورت نہیں کیونکہ سوشل سرویس کا تعلق گورنمنٹ سے نہیں ہے اس لئے اسکے جواب کی ذمہ داری گورنمنٹ پر نہیں ہے -

شری سری راملو - کیا آنریبل منسٹر جانتے ہیں کہ منتھنی کے ایک تحصلدار نے سات ہزار روپے میٹرنیٹی کیلئے جمع کئے تھے لیکن وہ لاپتہ ہوگئے ہیں ؟

شری شنکر دیو - میں سمجھتا ہوں کہ اسکا کوئی سمبندھ (सबध) اس سوال سے نہیں ہے -

Mr. Speaker : We shall proceed to the next question.

Rehabilitation Camps

* 91 *Shri G Hanumantha Rao* (Mulug) . Will the hon. Minister for Social Service be pleased to state

Whether and if so, how many persons died in the Rehabilitation camp in Warangal ?

شری شنکر دیو - ورنگل کے ساتھ سوا سڈلی کے کیمپ میں کچھ لوگ مرگئے ہونگے -

شری کے - ایل نرسمہا راؤ (یلندو - عام) - کیاسوشیل سرویس کیمپ کے جو اراکین بیمار ہوگئے تھے ان کے لئے کچھ انتظام کیا گیا تھا ؟

شری شنکر دیو - پوری طرح سے کیا گیا تھا -

شری لکشمن کونڈا - کیا وہاں فی الواقعی کچھ لوگ مرے ہیں ؟

شری شنکر دیو - چھان بین کرنے سے معلوم ہوا کہ جتنے مرے ہیں ان سے زیادہ پیدا ہوگئے ہیں -

شری راجی شنکر راؤ - جتنے مرے ہیں کیا انکی تعداد آپ بتاسکتے ہیں ؟

شری شنکر دیو - اس کے لئے نوٹس کی ضرورت ہے -

شری راجی راؤ - کیا چھان بین کرتے وقت برتھ (Birth) کا حساب بھی رکھا گیا ہے ؟

شری شنکر دیو - جی ہاں -

شری وی۔ ڈی۔ دیشپانڈے (اپاگوڑہ) - اس سلسلہ میں اخبارات میں خبر آئی تھی کہ ایم پیز (M Ps) اور ایم ایل ایز (M L As) نے وہاں جاکر دیکھا ہے اور ان کے کہنے کے مطابق تقریباً دس ہزار آدمی مرگئے ہیں - حکومت کے ریکارڈ کی روسے کیا فیگرس (Figures) ہونگے ؟

شری شنکر دیو - اسکا کوئی آدھار نہیں ہے یہ بالکل بیس‌لس انفرمیشن (Baseless information) ہے -

شری داجی شنکر راؤ - آپ نے جو فیگرس دئے ہیں کیا وہی صحیح ہوسکتے ہیں اور دوسرے ممبرس پر بھروسہ نہیں کیا جاسکتا ؟

مسٹر اسپیکر - جو انفرمیشن آنریبل منسٹر کی جانب سے دیا جارہا ہے اس کو صحیح سمجھنا چاہئے - اس پر کوئسچنس (Questions) نہیں کئے جاسکتے -

شری عبدالرحمن - ایم پیز اور ایم ایل ایز کی تحقیقات میں جو مواد ظاہر کیا گیا ہے اگر وہ غلط ہے تو کیا حکومت کی جانب سے اسکی تردید کیگئی ہے ؟ اور اگر کیگئی ہے تو کب کیگئی اور کس اخبار کے ذریعہ کیگئی ہے ؟

شری شنکر دیو - اسی وقت کیگئی ہے جب کہ کوئسچن آیا تھا -

شری کے - یل - نرسمہوان راؤ- ایم پیز اور ایم ایل‌ایز کی جو تحقیقاتی کمیٹی مقرر ہوئی تھی کیا اس نے حیدرآباد میں رہکر رپورٹ دی یا وہاں جاکر انکوائیری (Enquiry) کر کے رپورٹ دی ؟

شری شنکر دیو - اسمبلی کیطرف سے ایسی کوئی کمیٹی مقرر نہیں کیگئی ہے -

شری لکشمن کونڈا - ان اموات کی کیا کوئی خاص وجہ تھی یا عام ؟

شری شنکر دیو - میں بتلاچکا ہوں کہ وہ نیچرل ڈیتھ (Natural death) مرے ہیں -

شری کٹھ رام ریڈی (نلگنڈہ - عام) - کتنے مرے ہیں کیا اسکے بارے میں آپکے پاس انفرمیشن ہے ؟

شری شنکر دیو - نہیں ہے -

شری کٹھ‌رام ریڈی - میں یہ معلوم کرنا چاہتا تھا کہ ریہابلیٹیشن کیمپس (Rehabilitation Camps) میں آخر کتنی اموات واقع ہوئی ہیں ؟ آخر تعداد کیا ہے؟

شری شسکر دیو - ورنگل میں ایسے آٹھ کیمپس (Camps) ھیں - اگر کسی پرسکولر کیمپ (Particular camp) کے بارے میں آپ جاننا چاھتے ھیں تو اسکے لئے نوٹس دیجئے -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - یہ انفرمیشن چاھا جارھا ھے کہ ھر کیمپ میں کتنے آدمی مرے ھیں ،

شری شسکر دیو - اسکے لئے نوٹس دیجائے -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - یہ ایک اھم سوال ھے اور اسکے متعلق اخبارات میں بھی اطلاع آچکی ھے لیکن اسکے بارے میں کیا آنکو معلومات نہیں ھیں ؟

چیف منسٹر (شری - بی رام کشن راؤ) - اگراجازت ھوتو میں انٹروین (Intervene) کروں - اس سوال پر جس طرح بحث کیجارھی ھے وہ محض پروپگنڈہ کیلئے کی جارھی ھے جیسا کہ منسٹر فار سوشل سروس نے کہا ھے - میں اتھاریٹی کے ساتھ کہہ سکتا ھوں کہ ابتداً میں جب کہ کیمپ قائم کیا گیا تھا بیس پچیس ڈتھس (Deaths) کالرا (cholera) کیوجہ سے ھوئی تھیں اسکے ادھار پر ایک عمارت تعمیر کرنیکی کوشش کی جارھی ھے - اسکے سوا کوئی دوسری چیز نہیں - اگر کوئی پرٹیکولر (Particular) خبر ھوتی تو اسکے ڈیٹیلس (Details) بتائے جاتے - اس سلسلہ میں میں نے پریس کانفرنس میں ڈیٹلس بتائے ھیں اور اسکی تردید کی ھے - میں نے خود ان سے کہا تھا کہ وہ میرے ساتھ چلیں اور کیسے ڈتھس ھوئے ھیں مجھے بتلائیں - اس طرح بیسلس (Baseless) طریقہ پر حکومت کو بدنام کرنیکی کوشش کی جارھی ھے - میں معزز ارکان سے یہ خواھش کرتا ھوں کہ وہ اس طریقہ سے باز آئیں اور حکومت کی مدد کریں تو بہتر ھوگا -

شری لکشمن کونڈا - فی الوقت جو کوسچن پیش کیا گیا ھے اسمیں یہ صاف طور پر ھیکہ کتنے ڈتھس ھوے ھیں - اس سلسلے میں کیا پرٹیکولرس (Particulars) حاصل نہیں کئے گئے ؟

شری شسکر دیو - ھر ایک کیمپ میں کتنے ڈتھس ھوئے ھیں یہ ڈیٹیل طور پر معلوم کرنے کیلئے کافی ٹائم کی ضرورت ھے - اس وقت جنرل طور پر بتلا یا جاچکا ھے کہ برتھس (Births) زیادہ ھوئے ھیں -

شری کٹھ رام ریڈی - اسکا مطلب یہ ھیکہ اب تک جتنی اموات ھوئی ھیں انکی فہرست آپکے پاس موجود نہیں ھے -

مسٹر اسپیکر - آنریبل منسٹر نے کہدیا ھیکہ انفرمیشن کلکٹ (Collect) کیا جارھا ھے -

شری شنکر دیو - سوال میں یہ نہیں بتایا گیا ہیکہ فلاں ڈیٹ سے فلاں ڈیٹ تک مواد کمزور ہے - سوال جنرل طور پر کیا گیا ہے اس لئے جواب بھی جنرل طور پر دیا گیا -

شری وی- ڈی- دیشپانڈے - سوال یہ تھا کہ کیسے لوگ مرے ہیں- یہ ایک پرٹیکولر کوسچن (Particular Question) ہے لیکن اسکے باوجود بھی تحت کے ڈپارٹمنٹ والوں نے آنکو مواد نہیں دیا - ہم جانتے ہیں کہ وہاں ایک ہزار ڈتھس (Deaths) ہوئے ہیں -

شری - بی- رام کشن راؤ - یہ الگیشن (Allegation) غلط ہے کہ ایک ہزار سے زیادہ ڈتھس ہوئے ہیں - پرائمافیسی (Primafacie) جو بھی ہوگا بتلادیا جائیگا-

شری وی- ڈی دیشپانڈے - کیا یہ مناسب ہیں کہ اسکی تحقیقات ہم - ایل - اے کی ایک کمیٹی بنائی جاکر کیجائے ؟

شری بی - رام کشن راؤ - کوئی ضرورت نہیں - اگر آنریبل ممبر چاہتے ہوں تو میرے ساتھ چلیں اور دکھائیں کہ کیا ڈفکٹس (Defects) ہیں - اس سے بڑھکر میں کوئی ضرورت محسوس نہیں کرتا -

شری جی - ہممت راؤ - میں نے جو کوسچن رکھا ہے وہ صاف ہے- الکس کے زمانے میں مجھے ریہابلیٹیشن سنٹر (Rehabilitation centre) کے دیکھنے کا اتفاق ہوا تو میں نے وہاں دیکھا کہ ... ...

مسٹر اسپیکر - کوسچن آور (Question Hour) میں ڈسکشن نہیں کیا جانا چاہئے - آنریبل منسٹر نے یہ فرمایا کہ انفرمیشن کلکٹ (Collect) کیا جارہا ہے - انکے پاس پورا انفرمیشن کیوں نہیں آیا یہ علحدہ مسئلہ ہے - لیکن میں سمجھتا ہوں کہ سوال پرڈ سکس نہیں ہوسکتا -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ اگر ہم اسٹیٹمنٹ کے ذریعہ یہ ثابت کردیں کہ ایک ہزار سے زیادہ ڈتھس ہوئے ہیں تو کیا آنریبل ممبر تحقیقاتی کمیٹی قائم کرینگے ؟

شری بی - رام کشن راؤ- یہ غلط ہے - جب حکومت یہ جانتی ہے کہ یہ بیسلس پروپگنڈہ (Baseless Propaganda) ہے تو پھر کمیٹی کے قیام کی کوئی ضرورت نہیں ہے -

شری کنٹھ رام ریڈی- جب انفرمیشن ہی کلکٹ نہیں کیا گیا ہے تو پھر کیسے کہا جاتا ہے کہ یہ الیگیشن (Allegation) بیسلس (Baseless) ہے؟

مسٹر اسپیکر - انفرمیشن کلکٹ (Collect) ہو رہا ہے -

شری بی - رام کشن راؤ - انفرمیشن کلکٹرس کے پاس موجود ہے - یہ نہیں کہ ہمارے پاس کوئی انفرمیشن ہی نہیں ہے -

شری پنی ریڈی (ابراهیم پٹن - عام) - چیف منسٹر کس بیسس (Basis) پر کہہ رہے ہیں کہ یہ غلط ہے "

شری بی - رام کشن راؤ - میں ورنگل سے . . . .

Mr Speaker I would like to close the Question Hour

شری جی - ہمت راؤ - میرا ایک سپلیمنٹری کوسچن رہ گیا ہے - سوشیل سروس منسٹر صاحب کے پاس کوئی ایسی تعداد نہیں ہے یہ بتانے کیلئے ہم تیار نہیں - ہم جانتے ہیں کہ گورنمنٹ کے پاس تعداد موجود ہے مگر وہ ظاہر کرنا نہیں چاہتی کیونکہ اس سے انکا بھانڈا پھوٹ جائیگا - وہاں تین سال کا بچہ بھی زندہ نہیں ہے - گورنمنٹ یہ کہتی ہیکہ اپوزیشن اس واقعہ کو پروپگنڈہ کی بیس سے یوز (use) کرتی ہے - مگر یہ خیال غلط ہے - اسکے لئے ایک تحقیقاتی کمیٹی قائم کی جانا ضروری ہے . . . .

مسٹر اسپیکر - یہ مسئلہ بعد میں آسکے گا -

شری وی - ڈی دیشپانڈے - میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جب کوسچن آور کے دوران میں ایسے سوالات آئیں جن پر ڈسکشن ضروری ہو تو کیا ہم یہ امید کرسکتے ہیں کہ ایسے سوالات پر ڈسکشن کیلئے ۱-۲ گھنٹہ کا وقت رکھا جاسکے گا ؟

مسٹر اسپیکر - میں نے اس سلسلے میں نئے رولس (Rules) بنائے ہیں جو ایک ہفتہ کے اندر اندر شائع کردئے جائینگے - ان رولس کے لحاظ سے ہفتہ میں ایک دن خاص ڈسکشن کیلئے رکھا جائیگا - اس وقت ایسے مسائل آسکینگے -

ایک آنریبل ممبر - پولیس ایکشن کے بعد کئی ہزار لوگ بے گھر ہوچکے ہیں .

مسٹر اسپیکر - میں نے اس مسئلہ کو ختم کردیا ہے -

Unstarred Questions and Answers

HYDERABAD CO-OPERATIVE COMMERCIAL CORPORATION

71. *Shri L R. Ganeriwal* (Ramayanpeth) : Will the hon. Minister for Agriculture and Supply be pleased to state :—

(1) What were the assets and liabilities of the Hyderabad Co-operative Commercial Corporation, Ltd., when it was taken over by the Supply Department ?

(2) What provisions have been made for safeguarding the interests of the creditors of the Hyderabad Co-operative Commercial Corporation, Ltd.?

Dr. Chenna Reddy (1) The assets taken over by the Civil Supplies Department from the Hyderabad Co-operative Commercial Corporation comprise of grains, godowns, office registers, records, lorries accessories, etc, etc., and amounts receivable by the Hyderabad Co-operative Commercial Corporation

The liabilities comprise of amounts payable by the Hyderabad Co-operative Commercial Corporation The accounts as on the date of taking over are under preparation

(2) The Government of Hyderabad having taken over the assets of the Hyderabad Co-operative Commercial Corporation has accepted to meet the liabilities of this organisation thereby ensuring the interests of the creditors of the Hyderabad Co-operative Commercial Corporation.

Discussion on the Non-official Resolution No. I.

مسٹر اسپیکر - اب اسکے بعد رزولیوشنس (Resolutions) پیس ہونگے - آج کے ایجنڈے میں پہلا رزولوشن آنریبل ممبر سری دیسپانڈے کا ہے جسے وہ آپکے سامنے پیش کرینگے -

Shri V D Deshpande I beg to move the following resolution namely

This assembly recommends to the Government that immediate legislation and other steps be taken up in the matter of —

(*a*) Fixing of basic wage to all the employees in the factory and in the fields

(*b*) One month's leave with pay

(*c*) Linking up of Dearness allowance with the cost of Living Index Number.

(*d*) Providing of Bonus Fund compulsorily out of profits

(*e*) Other social security measures like old age pension, security of service, etc.

(*f*) Compulsory recognition of Unions by the employers, and

(*g*) Provision to meet unemployment through allowances and other measures.

Mr Speaker : The resolution is moved.

*شری وی۔ ڈی دیسپانڈے۔ میں نے ھاؤس کے سامنے جو قرارداد پیش کی ھے اس کا مقصد یہ ہےکہ کارخانوں اور کھیتوں میں کام کرنے والے مزدوروں کیلئے ضروری قوانین بنائے جائیں۔ آج کے حالات میں انکے لئے جو چیزیں ضروری ھیں انھیں عمل میں لایا جائے۔ اس رزولیوشن میں میں نے جو الفاظ استعمال کئے ھیں وہ یہ ھیں کہ

"Immediate legislation and other steps be taken up in the matter of"

جہاں قوانین کی ضرورت ھے وھاں قوانین بنائے جائیں اور جہاں ضرورت ھو دوسری تدابیر اختیار کی جائیں۔ اس سلسلہ میں میں یہ عرض کردینا چاھتا ھوں کہ مزدوروں کا سوال سنٹر (Centre) کے تحت آتا ھے اور اسٹیٹس (States) کو بھی اس سلسلہ میں حق ھیکہ وہ قوانین بنائیں۔ کانکرنٹ لسٹ (Concurrent list) میں بتایا گیا ھے کہ حسب ذیل چیزوں میں اسٹیٹ لیجسلیچر بھی قوانین بناسکتا ھے۔

"Social Security and social insurance, employment and unemployment

Welfare of labour including conditions of work, provident funds, employers' liability, workmen's compensation, invalidity and old age pensions and maternity benefit"

"Vocational and technical training of labour in factories and collieries."

And in the State List there is a provision for

"Relief of the disabled and unemployed"

اس سلسلہ میں حیدرآباد لیجسلیچر کو حق ھے کہ وہ ضروری قوانین بنائے۔ اس وجہ سے یہاں کی حکومت کے سامنے یہ مسئلہ پیش کیا گیا ھے۔ اس سلسلہ میں بنیادی طور پر دستور ھند میں جو پراویژنس (Provisions) موجود ھیں وہ مختصر طور پر آپ کے سامنے رکھنا چاھتا ھوں۔ دستور کے دفعات ۳۹-۴۱-۴۲-۴۳اور ۴۳ میں مزدوروں کے تعلق سے یہ چیزیں رکھی گئی ھیں کہ . . . . .

In Directive Principles of State Policy

Art 39 "The State shall, in particular, direct its policy towards securing —

(*a*) that the citizens, men and women equally, have the right to an adequate means of livelihood,

(*b*) that the ownership and control of the material resources of the community are so distributed as best to subserve the common good;

(*c*) that the operation of the economic system does not result in the concentration of wealth and means of production to the common detriment,

---

*Confirmation not received.

(*d*) that there is equal pay for equal work for both men and women ,

(*e*) that the health and strength of workers, men and women, and the tender age of children are not abused and that citizens are not forced by economic necessity to enter avocations unsuited to their age or strength ,

(*f*) that childhood and youth are protected against exploitation and against moral and material abandonment ''

یہ آرٹکل ۳۹ کے تحت براویژن (Provision) رکھا گیا ہے دفعہ ۴۱ میں کہا گیا ہے کہ

Art 41 The State shall, within the limits of its economic capacity and development, make effective provision for securing the right to work, to education and to public assistance in cases of unemployment, old age, sickness and disablement, and in other cases of underserved want

آرٹکل ۴۲ کے تحت یہ کہا گیا ہے کہ

Art 42 The State shall make provision for securing just and humane conditions of work and for maternity relief

آرٹکل ۴۳ کے تحت یہ کہا گیا ہے کہ

Art 43 The State shall endeavour to secure, by suitable legislation or economic organisation or in any other way, to all workers, agricultural, industrial or other-wise, work, a living wage, conditions of work ensuring a decent standard of life and full enjoyment of leisure and social and cultural opportunities and, in particular, the State shall endeavour to promote cottage industries on an individual or co-operative basis in rural areas

دستور کے جو دفعات میں نے آپ کے سامنے بتلائے ہیں ان سے ظاہر ہے کہ دستور کا یہ منشاء ہے کہ ملک کے اندر بیروزگاری نہ ہو۔ ہر ایک کو روزگار مہیا کرنیکی حکومت جلد سے جلد کوشش کرے۔ اسکے ساتھ ساتھ دستور کا یہ بھی مقصد ہے کہ ہر شخص کو جو ضروری روزگار ملنا چاہئے اس کا موقعہ فراہم کیا جائے۔ اس سلسلہ میں حکومت ضروری قوانین نافذ کرے۔ بوڑھوں کے لئے انکی خدمت کے معاوضہ میں پنشن کا انتظام کرے بچوں کے لئے تعلیم کا انتظام کرے۔ رہنے کیلئے گھروں کا انتظام کرے۔ اس سلسلے میں حکومت یہ دیکھے کہ کسی کو تکلیف ہو۔ ملک کی دولت خاص طبقوں میں زیادہ مقدار میں جمع نہ ہوتی جائے۔ اس طرح دستور ہند کا یہ مقصد ہے کہ ملک کے اندر ہر آدمی کو روزگار ملے۔

یہ بھی مقصود ہے کہ ہر شخص کو روزگار فراہم ہو۔ ہر آدمی کو کام ملے ذرائع معاش مہیا کریں۔ جب اس طرح سے دستور کے تحت یہ چیزیں صاف صاف ظاہر کردیگئی ہیں تو ہمارا بھی یہ فرض ہوجاتا ہے کہ ہم بھی اس سلسلہ میں جلد از جلد اس کو مجلس کے سامنے پیش کریں تاکہ بچوں کی تعلیم کا انتظام ہوسکے۔ گھروں کا انتظام ہوسکے اور ایسے اسباب مہیا ہوں جنکی وجہ سے دولت کسی ایک جگہ جمع نہ ہوجائے بلکہ دولت کی تقسیم منصفانہ ہو۔ اس سلسلہ میں جو رزولیوشن اب ہاوس کے سامنے رکھا گیا ہےاس پر غور کیا جائے تو مناسب ہے۔

اس سلسلہ میں حکومت حیدرآباد کی طرف سے ایک کمیٹی قائم کیگئی تھی جسکے صدر مسٹر رنگیر تھے کمیٹی نے تحقیقات کرنے کے بعد یہ خیال ظاہر کیا کہ بیسک ویجز (Basic Wages) کا سوال چار طریقوں سے حل کیا جاسکتا ہے۔

۱ - ان ایکٹ منٹ - Enactment

۲ - آربٹریشن کورٹ - Arbitration Court

۳ - جنرل ویجس بورڈس - General Wages Boards

۴ - اسپیشل ٹریڈ بورڈ - Special Trade Board

ان چار طریقوں کے ذریعہ سے مسائل کو حل کرنے کی کوشش کیجاسکتی ہے۔ اتنا مواد فراہم کرنے کے بعد انہوں نے سفارش کی ہے کہ حیدرآباد ریاست کیلئے بنیادی اجرت ۲۶ روپیہ اور مہنگائی بھتہ ۲۴ روپیہ مقرر کیا جائے۔ حیدرآباد کی حکومت نے ۲۶ روپیہ بنیادی اجرت گورنمنٹ کے کارخانوں کے مزدوروں کیلئے تو مان لیا ہے لیکن جو خانگی کارخانے والے مزدور ہیں انکے لئے ابھی کوئی بنیادی اجرت مقرر نہیں کیگئی ہے۔ چونکہ میں مزدوروں کے ساتھ کام کرتا ہوں اسلئے مجھے اسکا تجربہ ہوا ہے کہ اس قانون کے نہ ہونے کی وجہ سے لیبر آفیسرس کو بھی مشکلات پیش آتی ہیں کیونکہ وہ خانگی کارخانہ داروں پر کوئی پریشر (Pressure) نہیں ڈال سکتے کہ وہ بنیادی اجرتیں دینے کیلئے رضامند ہوجائیں۔ ناندیڑ میں لیبر آفیسر نے فیاکٹری کے مالکوں کی ایک کانفرنس بلائی تھی۔ اس کانفرنس میں جیننگ فیاکٹری کے مالک ایک پارسی صاحب تھے جنکا نام مجھے اسوقت یاد نہیں ہے۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ کمیٹی کی یہ رپورٹ ایک ریکمنڈیٹری (Recommendatory) نوعیت رکھتی ہے۔ چاہیں تو اسکو ہم مان سکتے ہیں اور نہ چاہیں توکچھ بھی نہیں۔ جبکہ حکومت نے ایک تحقیقاتی کمیٹی مقرر کی اور مواد فراہم کر لیا ہے تو یقیناً بنیادی اجرت ۲۶ روپئے مقرر ہونی چاہئے۔ اسلئے ہمارے پاس کوئی ایسا طریقہ ہوناچاہئے کہ مالک کارخانہ بنیادی اجرت کو قبول کرلے۔ یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ مالک یہ کہتے ہیں کہ ہم اتنی اجرت نہیں دیسکتے۔ بار بار کارخانے کے مالکوں کے سامنے یہ سوال آتا ہے

لیکن کیا میں یہ پوچھ سکتا ہوں کہ جب یہ لوگ بازار جا کر کپاس خریدتے ہیں تو اسوقت جو بھاؤ انہیں بتایا جاتا ہے اسکو قبول نہ کر کے بغیر خریدے واپس آجاتے ہیں اور اپنا کارخانہ بند کردیتے ہیں ؟ جب اس معاملہ میں ایسا نہیں کرتے تو پھر مزدوروں کے معاملہ میں انہیں کیوں اصرار رہتا ہے ؟ انہیں اس معاملہ میں بھی کپاس کے بھاؤ کی طرح مزدوروں کے مطالبات کو قبول کرنا چاہئیے ۔ کم ازکم انکے مطالبات کو اس حد تک تو قبول کرنا چاہئیے کہ ان بیچاروں کو زندگی کیلئے جو چیزیں ضروری ہیں انکے حاصل کرنے کیلئے آسانی ہوجائے ۔ ہمیں ایک ایسا نظام قائم کرنا چاہئیے جسمیں ہر آدمی کیلئے روزگار کا انتظام کیا جاسکے تب ہی ہم اسکو ایک ولفیر اسٹیٹ (Welfare State) کہہ سکینگے ۔ بنیادی اجرت کو اگر حکومت لازمی قرار دے تو کارخانے کے مالکوں کو یہ کہنے کا موقع نہ رہیگا کہ ہم اتنی اجرت نہیں دے سکتے جسطرح راسٹیریل (Raw Material) کی جو بھی قیمت قرار پائے کارخانے کے مالک اسے دینے کیلئے تیار ہوجاتے ہیں اسیطرح مزدوروں کی بنیادی اجرتیں دینے کیلئے بھی انہیں تیار ہونا چاہئیے ورنہ انہیں کارخانے کے چلانے کا حق نہیں رہیگا ۔ میں اسکو مانتا ہوں کہ انڈسٹریلسٹس (Industrialists) کو بیرونی مال کے کامپٹیشن کی وجہ سے نقصان ہوتا ہے لیکن انہیں اس نقصان کی پابجائی مزدوروں کی اجرتوں سے نہیں کرنی چاہئیے ۔ اگر انڈسٹریلسٹس کو کچھ نقصان ہو رہا ہو تو حکومت کا فرض ہے کہ انکی مدد کرے لیکن ساتھ ہی حکومت کو چاہئیے کہ وہ کارخانوں کے مالکوں کو ان سادی چیزوں کے مان لینے کیلئے مجبور کرے ۔ کمیٹی کی سفارشات کے تحت ۲۶ روپیہ بیسک ویج (Basic Wage) کافی نہیں ہے ۔ انڈکس نمبر (۱۶۰) (Index number) کے تحت بنیادی اجرت ۴۲ روپیہ دینی چاہئیے لیکن چونکہ کمیٹی نے یہ محسوس کیا کہ مالکان کارخانہ جات اتنی اجرت نہیں دیسکتے اسلئے اس نے ۲۶ روپیہ پگار (पगार) دینے کی سفارش کی ۔ غور طلب یہ ہے کہ کارخانہ دار لاکھوں روپیہ نافع کمانے کے باوجود مزدوروں کو بنیادی اجرت دینے کیلئے تیار نہیں ہیں ۔ اسلئے میں سمجھتا ہوں کہ اس سلسلہ میں حکومت کو چاہئیے کہ ضروری قانون بنائے ۔ جب میں نے میونسپل ورکرس (Municipal Workers) کا سوال عہدہ داروں اور منسٹر کے سامنے رکھا تو افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ ہمارے ہاں اتنے فنڈس نہیں ہیں کہ ۲۶ روپیہ پگار دے سکیں بعض وقت تو گورنمنٹ یہ کہتی ہے کہ میونسپلٹی گورنمنٹ کا جزو نہیں ہے لیکن جب اسکے بجٹ کا مسئلہ آتا ہے تو حکومت کہتی ہے کہ وہ ہماری منظوری سے تیار ہوگا ۔ آپکو احساس ہونا چاہئیے کہ وہاں غریب مزدور کام کرتے ہیں ۔ غریب مزدوروں کے لئے آپ کے پاس فنڈ نہیں ہے تو آپکو فنڈس مہیا کرنے چاہئیں ۔ جو اصول قائم ہو اسکے مماثل میونسپل ورکرس کو بھی پگار ملنا چاہئیے ۔ حکومت کی طرف سے یہ کہا جاتا ہے کہ چونکہ میونسپالٹی گورنمنٹ کنسرن (Government concern) نہیں ہے اسلئے یہ لاگو نہیں ہوتا ۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہ گورنمنٹ کنسرن ہے اس لئے

ہیں ۔ ۲ روپیہ بنیادی اجرت دینی چاہئے اور اسکے لئے ضروری فنڈس حکومت کو فراہم
کرنے چاہئیں ۔ اگر ضرورت ہو تو گریڈیڈ ٹیکزیشن (Graded Taxation) بڑے طبقہ
پر عائد کیا جاسکتا ہے ۔ آپکے حافظہ کو تازہ کرنے کیلئے میں دستور ہند کی دفعات کو
پڑھ کر سنانا چاہتا ہوں ۔ دستور ہند میں کہا گیا ہے کہ بنیادی اجرت دینے کیلئے جو
کچھ کارروائی ضروری ہو کرنی چاہئے ۔ ملک میں مالدار بھی ہیں اور غریب بھی ہیں ۔
حکومت اس سلسلہ میں ضروری قدم اٹھائے تا کہ میونسپل ورکرس (Municipal Workers)
اور دوسرے گروہوں مزدوروں کو بنیادی اجرت کے دینے کا انتظام ہوسکے ۔
جس طرح ہمارے فنڈامنٹل سوک رائیٹس (Fundamental Civic rights) ہیں
اسی طرح یہ بھی ہمارے رائیٹس (Rights) ہیں ۔ لیکن اگر ہم زندہ نہیں رہ سکے
تو کوئی کام بھی نہیں کرسکتے ۔ اس بارے میں حکومت زیادہ سے زیادہ توجہ دے
تو ٹھیک ہوگا ۔ دوسری چیز جو میں آپکے سامنے رکھنا چاہتا ہوں وہ فیکٹری لیبررس
(Factory Labourers) کے ساتھ ساتھ کھیت مزدوروں کا مسئلہ ہے جن کے
لئے بیسک ویجس (Basic Wages) مقرر کرنے کی ضرورت ہے ۔ اس سلسلہ
میں مینیمم ویجس ایکٹ (Minimum Wages Act) سنہ ۱۹۴۸ع میں نافذ
کیا گیا ۔ فیر ویجس بل (Fair Wages Bill) پیش کیا گیا جو انڈر کنسیڈریشن
(Under Consideration) ہے ۔ لیبررس کے لئے فیر ویجس قائم کرنے کے
سلسلہ میں یہ جو بل پیش کیا گیا ہے میں سمجھتا ہوں کہ ایک بڑا ٹاسک ہے ۔ جیسا
کہ مجھے معلوم ہے اس میں یہ کہا گیا ہے ۔

"Fixing of basic wage to all the employees in the factory and in the fields."

اس میں اگریکلچرل لیبر (Agricultural Labour) کے لئے ڈسمبر سنہ ۵۳ع
تک مینیمم ویجس قائم کرنے کے لئے کہا گیا ہے ۔ ہمارے اسٹیٹ کے جو اگریکلچرل لیبررس
ہیں ان کے حالات کا مطالعہ کر کے ان کیلئے کیا اجرت رکھی جائے یہ طے کرنا ہمارا
کام ہوگا ۔ اس سلسلہ میں حکومت کو فوری ضروری تدابیر اختیار کرنا چاہئے اور
اس سلسلہ میں حکومت کو جلد از جلد قدم اٹھانا چاہئے ۔ گنگا پور تعلقہ میں بہت کم
معاوضہ پر کھیت مزدور دن بھر کام کرتے ہیں لیکن اسکے دوسرے طرف بمبئی اسٹیٹ کے
علاقہ میں مزدور کو روزانہ دو ڈھائی روپیہ ملتے ہیں ۔ چونکہ گنگا پور میں زمینداروں
اور ساہوکاروں کی مونا پلی (Monopoly) ہے اسلئے وہاں روزانہ سوا روپیہ
پر ان مزدوروں کو کام کرنے کے لئے مجبور کیا جاتا ہے ۔ صرف اتنا ہی نہیں بلکہ ان
مزدوروں کو قرضہ بھی دیا جاتا ہے اور اس قرضہ کے تحت ان مزدوروں کو ۲-۳ سال تک
کام کرنے پر مجبور کیا جاتا ہے ۔ آپ کہتے ہیں کہ قرضہ کیوں حاصل کرتے ہیں ۔ مگر
ہمیں دیکھنا چاہئے کہ ان کی بھی تو ضروریات ہیں ۔ بیماری ۔ بچوں کی شادی وغیرہ
کے سلسلہ میں وہ لوگ قرضہ لینے پر مجبور ہوتے ہیں ۔ اس کا سلسلہ سالہا سال جاری رہتا
ہے اس لئے مناسب ہوگا کہ ان کھیت مزدوروں کے مسائل کو لیجسلیشن (Legislation)

کے دریعہ حل کیا جائے اور ان کے لئے اجرت مقرر کی جائے ۔ کارخانہ کے مزدوروں سے زیادہ کھیت کے مزدور اسکے مستحق ھیں ۔ ان کے لئے زمین بھی مہیا کرنی چاھئے ۔ زمین کے مہیا کرنے کی اسکیم پر غور کرنا اور انکے لئے بنیادی اجرت کم از کم ۲۶ روپیہ مقرر کرنی چاھئے اور مہنگائی بھتہ ۴۲ روپیہ ھونا چاھئے ۔ ایک آرڈر کے دریعہ ان کی بنیادی اجرتیں طے کردینی چاھئیں ۔ میں سمجھتا ھوں کہ یہ ایک اچھا قدم ھوگا ۔ دوسری چیزوں کی بہ نسبت یہ زیادہ اھم اور بنیادی مسئلہ ھے ۔ حکومت کو جلد از جلد ریگے کمیٹی (Rege Committee) کی سفارشات کو لاگو کرنا چاھئے ۔ صرف بنیادی اجرت کا سوال ھی نہیں بلکہ اسکے ساتھ ساتھ جیسا کہ دستور ھند میں لکھا گیا ھے انکو ٹھیک طریقہ سے زندگی بسر کرنے کے لئے ایسا پگار مقرر کرنا چاھئے جو ان کے لئے پیٹ بھر روٹی مہیا کرسکا ضامن ھو ۔ چنانچہ ایسے بیسک (Basic) اور مینیمم ویجز (Minimum Wages) مقرر کرنے چاھئیں جن سے ان کی زندگی آرام سے بسر ھوسکے ۔ یہ ایک ضروری قدم ھے جو حکومت کو فوری اٹھانا چاھئے ۔

دوسری چیز جو میں یہاں رکھہ رھا ھوں وہ " ون منتھس لیو وتھ پے " (One month's leave with pay) ھے ۔ اسمبلی کے اندر ھم ۳-۴ گھنٹے کام کرتے ھیں اور دوسرے آفیسر ۶ گھنٹہ کام کرتے ھیں ۔ دوسرے افسروں کو رخصت وغیرہ کی سہولتیں حاصل ھیں مثلاً بیماری کی رخصت، کیا ژول لیو (Casual leave) اور دوسرے اقسام کی لیو (Leave) ان کو ملسکتی ھے ۔ لیکن مزدور کارخانہ کے اندر صبح سے شام تک کام کرتا ھے خون پسینہ ایک کرتا ھے اور ملک کی دولت پیدا کرتا ھے اس کے لئے ھم اگر اس چیز کی ضرورت کو محسوس نہ کریں تو افسوس ھے ۔ ان کو بھی تو آخر ریسٹ (Rest) کی ضرورت ھوگی ۔ کچھ آرام کی ضرورت ھوگی اس کا خیال نہیں کیا جاتا ۔ مزدور تحریک سے میرا تعلق پچھلے ۱۰ سال سے ھے ۔ جب بھی میں کارخانہ داروں سے ملتا ھوں تو وہ شکایت کرتے ھیں کہ مزدور زیادہ کام نہیں کرتے ۔ امریکہ اور انگلینڈ کے اندر مزدور زیادہ کام کرتے ھیں ۔ لیکن میں یہ عرض کرونگا کہ یہاں کے مزدور کے بارے میں کیا کوئی ایک ڈاکٹر کی طرح یہ بھی غور کرتا ھے کہ ان کو جو غذا دیجاتی ھے اور ان کے رھنے سہنے کا جو انتظام ھے کیا وہ اس قابل ھے کہ ان کی ایفیشیسی (Efficiency) کو بڑھاسکے ؟ کیا آدھا پیٹ کھا کر ایفیشیسی برقرار رکھی جاسکتی ھے ؟ ممکن ھے کوئی ایڈیلسٹ (Idealist) آدھا پیٹ کھا کر اپنا کام کرسکے لیکن وہ بھی زیادہ دن نہیں کرسکتا ۔ اول مزدوروں کو تو صبح سے شام تک کام کرنا پڑتا ھے ۔ بعض کو تو راتوں میں بھی کام کرنا پڑتا ھے ۔ انکے آرام کا کوئی انتظام نہیں ۔ اگر وہ اپنی زندگی کی ضروریات کے سلسلے میں کسی دن کارخانہ نہ جائیں تو غیرحاضری پڑتی ھے انہیں اپنی زندگی کی ضروریات کی تکمیل کے لئے موقع دیا جانا چاھئے ۔ آپ انکے لئے جو قوانین بناتے ھیں وہ بھی ایسے ھی ھیں جیسے کہ اگر کسی بیل کو زور سے پیٹا جائے تو وہ بھی زور سے دوڑتا ھے ۔ مزدور کو رخصت مع پگار کا لالچ دیا جاتا ھے تاکہ وہ اس

لالچ میں زیادہ دن کام کرے - حالانکہ قانون میں ۱۰ دن کی رخصت معہ تگار رکھی گئی ہے - مگر اسکی پہلی شرط یہ ہے کہ کوئی مزدور آٹھ دن سے زیادہ گھر پر نہ رہے - مزدور صبح سے شام تک کام کرنا رہتا ہے - اسے اپنے رہنے سہنے کا انتظام کرنا پڑتا ہے اور بیمار ہونےکی صورت میں ڈاکٹر سے علاج کروانے کیلئے بھی پیسے نہیں ہوتے - میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ وہ اپنی ان ضروریات کی تکمیل کے لئے اگر ۸ دن بلا اجازت گھر پر رہجائے تو اسے ۱۰ دن کی رخصت مع تنخواہ کا بھی مستحق کیوں نہیں سمجھا جاتا ؟ حالانکہ فیکٹری ایکٹ میں نہ ۱۰ دن کی جو ترمیم آئی ہے اس سے پہلے کے قانون میں ۱۰ دن رکھے گئے تھے اور یہ دس دن ہی اچھے تھے - آنریبل ممبرس آف دی اسمبلی کے سامنے اس وضاحت کی اس لئے ضرورت ہے کہ وہ ممکن ہے اس سے واقف نہوں کہ کارخانوں میں مزدور کو فی سال ۲۰۳ دن یا ۲۰۶ دن کام کرنا پڑتا ہے - پہلے قانون کے تحت کوئی مزدور ۲۳۰ دن پورا کام کرے تو اسکو ۱۰ دن کی رخصت معہ تگار کے مل سکتی تھی - جدید قانون میں دس دن کے بجائے ۱۰ دن کئے گئے ہیں لیکن اسکے باوجود شرط اتنی کڑی رکھی گئی ہے کہ کوئی مزدور ۲۵ یا ۳۰ دن سے زیادہ غیرحاضر نہیں رہ سکتا - آپ ہی بتلائیے کہ ہم اچھے حالات میں رہنے والے لوگ بھی سال بھر میں کافی رخصت کی ضرورت محسوس کرتے ہیں توکیا اس مزدورکو سال میں ۲۵ دن سے زیادہ رخصت کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی ؟ کیا کبھی آٹھ دس دن گھر پر بغیر اجازت کے رہنا نہیں پڑتا ؟ کارخانے کے مزدوروں کو کبھی ایسی ضرورت ہو ہی جاتی ہے - کبھی کسی کا بھائی مرجاتا ہے - کسی کا باپ مرجاتا ہے - کسی کی ماں مرجاتی ہے - وہ گھر چلاجاتا ہے - ایسی صورت میں بغیر اجازت گھر جانیکی شکایت ہوتی ہے - اور آٹھ دن سے زیادہ ہوجانیکی صورت میں اسکی ۱۰ دن کی رخصت کا حق بھی ختم ہوجاتا ہے - پہلے قانون میں یہ نہیں تھا - پہلے قانون میں یہ تھا کہ سال میں ۲۳۰ دن حاضر رہے تو چاہے وہ اجازت حاصل کرے یا نہ کرے وہ رخصت کا مستحق ہوجاتا تھا - موجودہ قانون کے تحت وہ اجازت کے ساتھ ۲۵ دن غیرحاضر رہ سکتا ہے اور اسمیں بغیر اجازت کے ۸ دن سے زیادہ نہیں رہ سکتا - میں عثمان شاہی ملز کا صدر ہوں - میں نے دیکھا ہے کہ . . . .

مسٹر اسپیکر - عثمان شاہی ملز کے صدر یا . . . .

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - معاف کیجئے میرا مطلب یہ تھا کہ میں عثمان شاہی ملز ورکرس یونین (Osmanshahi Mills Workers' Union) کا صدر ہوں- میں نے مزدوروں سے معلوم کیا ہے - مزدور یہ کہتے ہیں کہ ۱۰ دن کی رضا ہوں چاہئے لیکن اس شرط کے ساتھ ۱۰ دن بھی ٹھیک نہیں - یہ ۱۰ دن تو ہیں مگر ایسے کہ "گھی دیکھا بڑگا نہیں دیکھا" معلوم تو ہوتا ہے کہ ۱۰ دن مل رہے ہیں - مزدور یہ دیکھ رہے ہیں کہ پہلے کم ازکم ۱۰ دن تو ملسکتے تھے - میں یہ تفصیلات آپ کے سامنے اور آنریبل لیبر منسٹر کے سامنے اس وجہ سے رکھ رہا ہوں کہ آپ کو یہ معلوم ہو کہ کارخانہ کے مزدور کیا دقتیں محسوس کر رہے ہیں - یہ کانکرنٹ لسٹ (Concurrent list)

میں ہے اور فیکٹریز ایکٹ (Factories' Act) بھی کنکرنٹ لسٹ کے تحت
آتا ہے - حیدرآباد کا لیجسلیچر اسکا مجاز ہے کہ وہ ترمیم کرے اور اگر نہیں کرسکتا اور
منسٹر قانونی یہ مشورہ دیدے کہ یہ ہمارے ہاتھ میں نہیں تو وہ اس مسئلہ کو آگے
ریپرزنٹ (Represent) کرے - ہم چاہتے ہیں کہ جو کوئی مزدور ۱۰ یا ۲
دن کام کرتا ہے اسکو ایک دن کی رضا پگار کے ساتھ دی جانی چاہئیے - اگر یہ نہ ہو تو
اسکے معنی یہ ہونگے کہ عملاً مزدوروں کو مع پگار کے رخصت نہیں ملسکے گی اور
اس طرح کے قاعدوں سے کوئی فائدہ نہوگا - جو شرط رکھی گئی ہے اسکو لچکدار بنایا
جائے تاکہ مزدوروں کے لئے کافی گنجائش رہے - اس سلسلے میں بمبئی میں مل اونرز
اسوسی ایشن (Millowners' Association) اور مزدوروں کے
درمیان ایک معاہدہ ہوا تھا - اگر کارخانہ دار اچھی سہولتیں دیتے ہیں تو قانون کو
رکاوٹ نہیں بنایا جانا چاہئیے - یہاں بھی لیبر منسٹر کو چاہئیے کہ وہ کارخانہ داروں کو
تیار کریں - ۸ دن کی بجائے ۲۲ یا ۲۰ دن کی غیر حاضری کی صورت میں بھی رخصت
مل سکے ایسا معاہدہ ہونا چاہئیے - نندا صاحب جب بمبئی میں منسٹر تھے تو انہوں نے
سنہ ۱۹۴۸ع میں مل اونرز سے یہ معاہدہ کرایا تھا - یہی اقدام یہاں بھی ہونا چاہئیے
تاکہ مزدوروں کو رخصت مل سکے - یہ پہلی چیز تھی جو میں عرض کرنا چاہتا تھا -

دوسری چیز یہ ہے کہ ۱۰ دن کی رخصت کافی نہیں - ایک مہینے کی رخصت
مع پگار ہونا چاہئیے - آپ چاہتے ہیں کہ ملک کی پیداوار بڑھے ملک کی دولت میں
اضافہ ہو ہم بھی یہی چاہتے ہیں لیکن اسکے ساتھ ہم یہ بھی چاہتے ہیں کہ ہمارا مزدور
بھی ایسا ہی پیدا کرے جتنا کہ امریکہ کا مزدور پیدا کرتا ہے - مگر اس کے لئے ویسے حالات
پیدا کرنا ضروری ہے - مزدوروں کو اتنی فرصت اور اتنا آرام دیجئے کہ وہ تازہ توانا بن سکیں -
افسوس ہے کہ ہمارے پاس اس کا کوئی انتظام نہیں ہے - ایسٹرن (Eastern)
یورپ کے علاقوں میں بڑے بڑے راجاؤں مہا راجاؤں کے محلوں کو سینیٹوریمس
(Sanatoriums) میں تبدیل کیا گیا ہے اور مزدور وہاں معہ پگار رخصت پر
بھجوائے جاتے ہیں - ان مقامات پر مزدور تفریح کرکے اپنی طاقت بڑھا کر واپس آتے
ہیں اور اپنی بڑھی ہوئی طاقت سے زیادہ افشنسی (Efficiency) کے
ساتھ کام کرتے ہیں - یہ طریقہ ہمارے لئے بھی ضروری ہے - بمبئی گورنمنٹ نے مدرسوں
کی حد تک یہ انتظام کیا ہے کہ انہیں لوناوڑا اور مہابلیشور جیسے مقامات پر بھیجتی ہے
تاکہ وہ اپنے دماغ کو ٹھیک کرکے بچوں کو پڑھا سکیں لیکن جس طرح دماغ کو آرام
کی ضرورت ہے اسی طرح جسم کے لئے بھی آرام ضروری ہے - اسی طرح کارخانہ کے
مزدوروں کو ایک مہینے کی رضا مع پگار دیں تو اس سے پروڈکشن (Production)
میں کمی تو ہوگی - انکے دماغ اور جسم کو تازگی پہنچنے اور انکی طاقت
بڑھنے سے وہ اور زیادہ پروڈکشن کرسکینگے - اسلئے ایسے قاعدے ہونے چاہئیں کہ
مزدور پندرہ دن کی رضا سے استفادہ کرسکیں - اس سوال پر اس لحاظ سے بھی غور کیا

جائےکہ باقی گورنمنٹ سرونٹس کے لئے آپ کیا سہولتیں دیتے ہیں - وہ تو روزانہ چھ گھنٹے کام کرتے ہیں لیکن مزدوروں کو آٹھ گھنٹے کام کرنا پڑتا ہے - ان کےلئے رضا کا مناسب انتظام ضروری ہے -

دوسری چیز مہنگائی بھتہ ہے - اسکے بارے میں مجھے یہ عرض کرنا ہےکہ اس سلسلے میں ریگے کمیٹی نے جو تحقیقات کی ہیں اس میں بتایا گیا ہےکہ ریاست حیدرآباد میں ڈیرس الوس (Dearness Allowance)کمازکم ۲۶ روپیہ ہونا چاہئے شہر حیدرآباد میں ۲۶ اور دیہات میں ۲۴ - یہاں ڈیرس الوس مختلف مقامات پر مختلف طریقوں سے دیا جاتا ہے اس سلسلہ میں کوئی بنیادی کام نہیں کیا گیا ہے جسکی رو سے اسکو یکساں بنایا جاسکے - جیسےجیسے مہنگائی بڑھتی ہے اسی لحاظ سے مہنگائی بھتہ بھی بڑھنا چاہئے - ریگے کمیٹی نے بھی اپنی رپورٹ میں یہ بتایا ہےکہ مہنگائی کے ساتھ ساتھ مہنگائی بھتہ بھی بڑھانا ضروری ہے کیونکہ موجودہ صورت یہ ہےکہ اب کے ۱۰۰ روپیہ ۱۰ سال پہلے کے ۲۰ روپیوں کے برابر ہیں - اس لحاظ سے اگر اب کسی کو(۱۰۰) روپیہ دئے جاتے ہوں تو ریل ویجس (Real Wages) کے لحاظ سے وہ ۲۰ روپیہ ہی سمجھے جائینگے - حقیقت یہ ہےکہ مہنگائی بڑھتی جا رہی ہے اور خاص کر مزدور اس مہنگائی سے متاثر ہو رہے ہیں - اب انہیں جو ویجس دئے جا رہے ہیں وہ ریئل ویجس کے اعتبار سے بہت کم ہیں- جیسے جیسے مہنگائی بڑھتی ہے اسی لحاظ سے مزدوروں کے پگار اور ڈیرس الوس میں اضافہ ہونا چاہئے تاکہ کمپلیٹ نیوٹرالائزیشن (Complete Neutralisation) ہوسکے - یہ مسلمہ ہےکہ نیوٹرالائزیشن کہیں ۷۰ فیصد اورکہیں ۵۰ فیصد ہوا ہے احمد آباد میں ۱۰۰ فیصد ہوا ہے - اس اعتبار سے کارخانوں میں مزدوروں کو جو اجرت ملتی ہے وہ ریئل ویجس (Real Wages) کے لحاظ سے کم ہے - مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہےکہ ریگے کمیٹی کی سفارشات سنہ ۱۹۵۰ع میں سامنے آئی ہیں جس میں کہا گیا ہےکہ جلد سے جلد تحقیقات کرکے مہنگائی کے ساتھ ساتھ مہنگائی الوس کو بھی بڑھانا چاہئے لیکن اس سلسلہ میں اتنک کچھ بھی نہیں ہوا - اس سلسلہ میں ۲۸ - ۲ - ۵۱ تک کام کیا گیا - آگسٹ ۱۹۵۱ع تک جیسا کہ میں نے پڑھا تین میٹنگس ہوئے - اگر آگسٹ ۵۱ع تک انکے یہ میٹنگس ہوچکے تھے تو پھر میں یہ سمجھنے سے قاصر ہوں کہ اب جبکہ ایک سال ختم ہو رہا ہے حکومت نے کیا قدم اٹھایا - کیا حکومت اسکی وضاحت کریگی - کیا حکومت یہ سمجھتی ہے کہ مہنگائی خود بخود ختم ہو جائیگی ؟ کم سے کم اب تو ایسے امکانات نہیں ہیں - درمیان میں سلمپ (Slump) ضرور آیا تھا قیمتیں ضرورگری تھیں - ہمیں امید تھی کہ قیمتیں گری جائینگی - لیکن قیمتیں پھر چڑھ گئیں - مہنگائی بدستور قائم ہے اسلئے مہنگائی بھتہ کا سوال بدستور قائم ہے - مہنگائی کے ساتھ مہنگائی بھتہ کو بھی بڑھنا چاہئے کیونکہ قیمتیں پھر بڑھ رہی ہیں - اسلئے میں لیبر منسٹر صاحب سے یہ عرض کرونگا کہ وہ ریڈٹیپیزم(Red Tapism)کو ختم فرماکر جلد سے جلد اس چیز کو عمل میں لانے کی کوشش کریں -

اسکے بعد میں ایک دو چیزیں عرض کرکے اپنی تقریر ختم کرونگا - بونس کا سوال اٹھایا گیا ہے - اس سوال کو اس طرح سے رکھنے کی وجہ یہ ہے کہ مجھے اس سلسلہ میں تجربہ ہوا ہے کہ مختلف وجوہات بتلاکر مزدوروں کو بونس نہیں دیا جاتا - چنانچہ عثمان شاہی ملز میں دو سال پہلے بونس کا سوال اٹھایا گیا تھا - اوس وقت حکومت کی طرف سے یہ پابندی عاید کی گئی تھی کہ شیرہولڈرس (Share holders) کو چھ فیصد سے زیادہ ڈویڈنڈ (Dividend) نہیں دینا چاہئے - اس وجہ سے ریزرو فنڈ (Reserve Fund) کو بونس شیرز (Bonus Shares) میں تبدیل کردیا گیا - جس شخص کا ایک شیر تھا اوس کو مزید تقریباً ایک شیر مفت میں دیا گیا - بتلا میرا ایک شیر تھا تو مجھے ہوئے دو شیر ملگئے - پہلے ½ ۵ فیصد ڈویڈنڈ دیا جاتا تھا اور اب ۹ فیصد ڈویڈنڈ دینا پڑتا ہے - حکومت نے یہ راستہ اس لئے نکالا ہے کہ کسی طرح شیر ہولڈرس کو زیادہ فائدہ دیا جائے - لیکن جب مزدوروں کے بونس کا سوال آتا ہے تو اوسکو بالائے طاق رکھا جاتا ہے اور منافع شیر ہولڈر میں تقسیم کردیا جاتا ہے - اس طرح تقریباً ۳۰ لاکھ روپیہ شیر ہولڈرس میں تقسیم کیا گیا - انڈسٹریل ٹرسٹ فنڈ چونکہ حکومت کے تحت ہے اسلئے اسپر خاص توجہ کی ضرورت ہے - ہوتا یہ ہے کہ جو پرافٹ (Profit) ہوتا ہے اس میں ایسی کوشش کی جاتی ہے کہ مزدوروں کو بونس بانٹنے کا کوئی موقع باقی نہ رہے - بونس اسلئے دیا جاتا ہے کہ بنیادی اجرتیں کافی نہیں ہوتیں اور مہنگائی بھتہ کافی نہیں ہوتا - اسلئے بونس کی شکل میں اس کا تکملہ کیا جاتا ہے بمبئی انڈسٹریل ٹرسٹ فنڈ (Bombay Industrial Trust Fund) کا یہ فیصلہ ہے کہ بونس ضروری ہے - اجرت کی کمی کو پورا کرنے کے لئے بونس دیا جانا چاہئے - انڈسٹریل ٹرسٹ فنڈ کا فیصلہ صحیح ہے - حکومت کو اس بارے میں سوچنا چاہئے - کم ازکم انڈسٹریل ٹرسٹ فنڈ کے تحت جو کنسرنس (Concerns) ہیں انکے متعلق سوچنا چاہئے - میں امید کرتا ہوں جس طرح پرافٹ (Profit) سے ڈویڈنڈ کا انتظام کیا جاتا ہے اسی طرح مزدوروں کو بھی انکی محنت پر ڈویڈنڈ قائم کیا جانا چاہئے - مالکان ایسے ایسے طریقوں سے کیلکولیشنس (Calculations) کرسکتے ہیں جن سے یہ بتاسکیں کہ پرافٹ نہیں ہوا ہے - مینجمنٹ بورڈ کی جانب سے یہ کہا جاتا ہے کہ ۱۰ فیصد ڈپریسیشن چارج (Depreciation Charge) دیا گیا - ۲۰ فیصد ریزروفنڈ (Reserve Fund) میں ہے - اور ساڑھے بارہ فیصد مینیجنگ کمیٹی کا کمیشن ہے وغیرہ وغیرہ - اور ایک دو لاکھ کا ڈویڈنڈ دیا گیا ہے - اسلئے کچھ نہیں بچا - لہذا بونس نہیں دیا جاسکتا - جب مزدوروں سے زیادہ محنت کا مطالبہ کیا جاتا ہے تو اسکی ضرورت ہے کہ مینجمنٹ کے ساتھ مزدوروں کے نمائندوں کو اسوسی ایٹ (Associate) کرنے کا موقع دیا جائے تاکہ وہ یہ دیکھیں کہ واقعی فایدہ ہو رہا ہے یا نہیں - مجھے ناندیڑ میں تجربہ ہوا - ناندیڑ میں کپاس کی خریدی کے سلسلہ میں ۲۰ لاکھ روپیہ کا نقصان بتایا گیا - لیکن اگر مزدوروں کے نمایندوں کو ان کے ساتھ اسوسی ایٹ کرنے کا موقع دیا جاتا تو میں یقین سے بتلا سکتا

ہوں کہ وہ ایسا نہیں ہوسکتا ۔ حکومت کو اس کے لئے راستہ نکالنا چاہئے اور مزدوروں کے نمایندوں کا کوآپریشن (Co-operation) حاصل کرنا چاہئے ۔ میں یہ عرض کرونگا کہ پرافٹ میں مزدوروں کے لئے بونس کا حصہ رکھا جانا چاہئے ۔ بونس کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ چونکہ اجرت ناکافی ہوتی ہے اسلئے بونس کے ذریعہ اوسکی تکمیل ہوسکے۔ اس کو دھیان میں رکھکر حکومت کو غورکرنا چاہئے ۔ بمبئی میں یہ جو ورک اوٹ (Work-out) کیا گیا ہے کہ ۱۰ فیصد ڈپریسییشن اور ۲۰ فیصد ڈویڈنڈ اور ۲ فیصد سیلنگ کمیٹی کا کمیشن نکالنے کے بعد ایسا منافع نہیں بچا کہ بونس دیا جاسکے تو بھلا ایسی باتوں کو مزدور کیسے قبول کرسکتے ہیں ؟ ڈیرنس الونس بونس سے کم ملتا ہے تو کیا پرافٹ شیرنگ اسکیم (Profit Sharing Scheme) کے لئے مزدور تیار نہ ہونگے ؟ اس چیز کو سامنے رکھتے ہوئے اگر پرافٹ شیرنگ اسکیم بنائی جائے اور مزدوروں کے نمایندوں اور کارخانہ والوں کا اسوسی ایشن (Association) ہوتو یہ سوال حل ہوسکتا ہے ۔ سوشل سیکورٹی (Social Security) اورسوشل انشورنس (Social Insurance) کے سلسلہ میں ہاؤزنگ اسکیم (Housing Scheme) آرہی ہے ۔ آنریبل منسٹر اس کو واضح کرنے والے ہیں اسلئے میں اپنے خیالات ظاہر نہیں کرونگا صرف یہ عرض کرونگا کہ ہمارے پاس جو اعداد ہیں اس لحاظ سے ہاؤزنگ کا جو انتظام ہے وہ کہیں بھی ۳ فیصدی سے زیادہ نہیں ہے۔ مزدوروں کے لئے ۳۰ فیصدی سے زیادہ گھروں کے انتظام کا پروپوزل ریگے کمیٹی کی سفارشات میں تھا ۔ سربور سیر ملز میں ۲۷ فیصد ہورنگ کا انتظام ہے اور الوین کمپنی میں ۲۳ فیصد اور بعض جگہ تو ۱۰ فیصد ہورنگ کا انتظام ہے ۔ شہر حیدرآباد میں یوں بھی مکانات کا انتظام نہایت تکلیف دہ ہے چنانچہ ایم ایل اے کے کوارٹرس کے سلسلہ میں بھی بہت تکالیف ہوئیں یہ اس کا ثبوت ہے ۔ جو مزدور کارخانوں میں کام کرتے ہیں ان کے لئے ضرورت اس کی ہے کہ جلد سے جلد کوئی انتظام کیا جائے ۔ اسکیم یہ ہے کہ ۱۰ ہزار مکانات پانچ سال میں تیار کئے جائیں ۔ میں عرض کرونگا کہ ۱۰ ہزار مکانات پانچ سال میں تیار بھی ہوں تو وہ ناکافی ہیں اس لئے ضروری ہے کہ حکومت کوئی ایسی اسکیم سوچے جس سے جلد از جلد گھروں کا انتظام ہوسکے ۔ آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ باندیڑ میں عموماً ٹین کے مکانات ہیں ۔ مکانات کی دیواریں ٹین کی ہیں اور اوپر ٹین ہے جو مزدور ۸ گھنٹے کارخانے میں کام کرتا ہے وہ ان ٹین کے مکانات میں کسطرح اپنی زندگی گزار سکتا ہے ؟ ان حالات کو پیش نظر رکھتے ہوئے زیادہ سے زیادہ ہاؤزنگ اسکیم پر توجہ کی ضرورت ہے ۔

اسکے بعد مڈیکل ایڈ (Medical aid) کے بارے میں کچھ عرض کرونگا ۔ کل کوئسچن آور (Question hour) میں مڈیکل ڈپارٹمنٹ سے متعلق چند سوالات آئے تھے ۔ کہا گیا کہ جب دوا کے لئے جائیں تو ڈاکٹر صاحب گھر پر آنے کے لئے کہتے ہیں ۔ حکومت کو چاہئے کہ ڈاکٹروں کو ریزیڈینشیل (Residential)

طور پر رکھیں اس کے لئے ۳ - ۴ سو روپیہ زیادہ بھی دینا پڑے تو اس زاید خرچ کو
برداشت کرنا چاہئے تاکہ وہ پرائیوٹ پراکٹس (Private Practice) نہ کریں۔
باندیڑ میں چار ہزار مزدور کام کرتے ہیں جن کے لئے صرف ایک ڈاکٹر ہے - ہونا تو یہ
چاہئے کہ ہر دو ہزار مزدوروں پر ایک ڈاکٹر ہو - فیکٹری ایکٹ کے تحت بھی یہی ہونا
چاہئے - باندیڑ کے ڈاکٹر پرائیوٹ پراکٹس کرتے ہیں - ایسا پارٹ ٹائیم ڈاکٹر
(Part time doctor) کیا چار ہزار مزدوروں کے لئے کافی ہوسکتا ہے ؟
ضرورت ہے کہ مڈیکل ایڈ کے سلسلہ میں کوئی قدم اٹھایا جائے -

مزدوروں کے لئے کوئی گرایجویٹی (Gratuity) کی اسکیم نہیں ہے - غور
کیجئے کہ کیا ہمیں بڑھاپا نہیں آئیگا ؟ اہلکاروں کے لئے تو ایسی اسکیم ہے - ایک
مزدور ۲۰ سال کار خانہ میں کام کرتا ہے اسکو بڑھاپا آگھیرتا ہے تو اسکو یہ کہکر
نکالدیا جاتا ہے کہ تم بوڑھے ہوگئے ہو اب کام نہیں کرسکتے - اسکے چھوٹے چھوٹے
بچے ہوتے ہیں - بیوی ہوتی ہے - انکا کوئی لحاظ نہیں کیا جاتا - اوسے نوکری سے
نکالدیا جاتا ہے اور کوئی گرایجویٹی بھی نہیں دیجاتی - ۲۰ سال تک جو شخص ملک
کی دولت کے پیدا کرنے میں ہاتھ بٹاتا ہے اسے جب بڑھاپا آتا ہے تو آپ اس کے لئے کوئی
انتظام نہیں کرتے - تو پھر بتائے کہ مزدوروں میں کس طرح حوصلہ پیدا ہوسکتا ہے کہ
وہ ملک کی دولت کو بڑھائیں - فوج کے لوگوں کو تو پنسن دیجاتی ہے تاکہ ضعیفی میں
انکا سہارا ہو تو کیا مزدوروں کو اسکی ضرورت نہیں ؟ آجکل کے حالات میں پراویڈنٹ
فنڈ (Provident Fund) کی اسکیم بھی ناکافی ہے اس کا عمل کار خانوں
کی حدتک ہونے والا ہے جیساکہ میں نے ابھی پڑھا ہے -

"Social Security and Social insurance, employment and unemployment, welfare of labour including conditions of work, provident fund, employers' liability, workmen's compensation, invalidity and old age pensions and maternity benefit."

However, initially, it has been applied to six major industries namely:—

Textiles, Iron and Steel, Cement, Engineering, Paper and Sugar Industries.

ان چھ انڈسٹریز کے سلسلہ میں اب امپلائیر پراویڈنٹ فنڈ ایکٹ سنہ ۱۹۵۲ع کی ایک
اسکیم آرہی ہے یہ ناکافی ہے - کیا صرف ان چھ انڈسٹریز میں ہی ہمارے مزدور کام
کرتے ہیں ؟ ایسی بات تو نہیں ہے - بلکہ یہ سوال تمام مزدوروں سے تعلق رکھتا ہے
اس لئے تمام مزدوروں کی حدتک سوچنا چاہئے - میں یہ تو نہیں کہتا کہ یہ تمام باتیں
فوراً ہی ہو جانی چاہئیں بلکہ آپ چاہیں تو ایک دو اسٹیجس (Stages)
میں اسکی تکمیل کرسکتے ہیں اور کم از کم کار خانے کے مزدوروں کے لئے گرایجویٹی
(Gratuity) اور پراویڈنٹ فنڈ (Provident Fund) کا انتظام کرسکتے

هیں 'ور اس اسکیم کو ایک ریٹراسپکٹیو افکٹ (Retrospective effect)کے
ساتھ لاگو ہونے کا انتظام کرسکتے ہیں ۔ ہمارے پاس یونین میں روزانہ بوڑھے لوگ
آتے رہے اور یہ کہتے رہے کہ ہمیں علحدہ کردیا گیا ہے حالانکہ ہم ابھی کام کرنے کے
قابل ہیں ۔ ہم کام کرنا چاہتے ہیں لیکن علحدہ کردیا گیا ہے اور کوئی پنشن یا گرایچویٹی
بھی نہیں دینگے ۔ ہمیں وہ وقت یاد رکھنا چاہئیے جبکہ ہم بھی بوڑھے ہو جائینگے۔
اس وقت ہمارا کیا حال ہوگا ؟ ان تمام حالات کو پیش نظر رکھتے ہوئے گرایچویٹی اور
اولڈ ایج پنشن (Old age Pension) سے متعلق اسکیم بنانی چاہئیے تاکہ
بڑھاپے کی زندگی یہ غریب آسانی سے سر کرسکیں ۔

میں ایک دو چیزیں اور عرض کرونگا جو کمپلسری آرگنائزڈ یونین (Compulsory
Organised Union) کی بابتہ ہیں آپکو معلوم ہے کہ شاہ آباد میں ۴۸ دن
تک ہڑتال ہوتی رہی اور ہر مزدور نے یونین کا ساتھ دیا ۔ سو فیصد مزدور یونین کے
ساتھ تھے چنانچہ الکٹریسٹی اور واٹر ورکس کے مزدوروں نے ہڑتال کی ۔ مزدوروں پر
لاٹھیاں برسیں ۔گولیاں چلائی گئیں ۔ انکو گرفتار کیا گیا ۔ دفعہ ۱۴۴ نافذ کیا گیا ۔ لیکن
اسکے باوجود ۴۸ دن تک مزدوروں نے ہڑتال کی ۔ پھر بھی مالک یہی کہتا رہا کہ ہم
اس یونین کو نہیں مانینگے ۔ میں حکومت سے پوچھنا ہوں کہ جب دستور کے تحت انٹرنیشنل
فلاڈلفیا چارٹر (International Philadelphia Charter) اور انٹرنیشنل
مزدور اداروں کے قانون کو مانتے ہیں تو پھر کیوں مزدوروں کی یونین کو تسلیم نہیں
کیا جاتا ؟ میں نے لیبر کمشنر سے بات چیت کی ۔ انہوں نے کہا کہ ہم کیا کریں قانون
ہمیں کوئی سہارا نہیں دے رہا ہے اس سلسلہ میں حکومت کو راست قدم اٹھانا چاہئیے۔
اگر آپ چاہیں تو سیکریٹ بیلٹ (Secret Ballot) لیا جائے ۔
ہم اس کےلئے تیار ہیں ۔ اس ذریعہ سے معلوم کیا جائے کہ کونسی یونین مزدوروں کی
یونین ہے ۔ قانون کے تحت صنعتی عدالت میں انڈسٹریل ڈسپیوٹ ایکٹ
(Industrial Dispute Act) کے تحت ہم یہ سوال نہیں لیجاسکتے۔لیبر منسٹر بھی یہی کہتے
ہیں کہ قانون ہمکو کوئی سہارا نہیں دے رہا ہے ۔ مالک کہتا ہے کہ ہم آپکی یونین
کو تسلیم نہیں کرینگے ۔ جب ایسے حالات ہوں توکسطرح سوشیل ولفیر اسٹیٹ
(Social Welfare State) قائم ہوسکتا ہے ؟ مارچ سنہ ۱۹۲۶ع میں
جو ٹریڈ یونین ایکٹ بنایا گیا تھا اور اس میں سنہ ۱۹۴۸ع میں ترمیم ہوئی تھی اس پر
عمل نہیں کیا گیا۔ اس میں مزید ترمیم کرنے کا خیال ظاہر کیا جا رہا ہے ۔
آپ سوچتے رہتے ہیں ۔ آپکی اسکیمیں ہیں۔ اسکیموں کا سلسلہ تو چلتا رہتا ہے ۔ یہ
سلسلہ ختم نہیں ہوتا ۔ لیکن مزدور اپنے مالک سے لڑ تو نہیں سکتا ۔ مالک اسے نکال
دیتا ہے ایسی صورت میں مزدور کے ہاتھ میں صرف ایک ہی ہتیار ہے لیکن آپ نے
اس پر بھی پابندیاں لگا رکھی ہیں اور قانون کے تحت آپ نے اسکے اسٹرائک کے حق کو
بھی نا ممکن بنا دیا ہے ۔ اسنشل سرویسس (Essential Services) کا
سلسلہ چلتا ہی رہتا ہے اور اسٹرائکس اس کی آڑ میں نہیں ہوسکتے ۔ عثمان شاہی ملز

اور اعظم جاہی ملز کے مزدوروں کا یہی حال ہے - ذرا اسپشل سروس کو ختم کرکے دیکھئے
تو معلوم ہوگا کہ کیا نتائج برآمد ہوتے ہیں - جب ہم رکگنیشن آف دی یونین
(Recognition of the Union) کے لئے جاتے ہیں تو حکومت کہتی ہے
کہ اسبارے میں تحقیقات ہونگی - جب اسپشل سروس کی مدت ختم ہوتی ہے تو آپ پھر
چھ مہینے بڑھا دیتے ہیں اور رکگنیشن کے لئے جاتے ہیں تو یہ کہا جاتا ہے کہ تحقیقات
ہونگی - آپ یہاں تو اس طرح ڈٹے رہتے ہیں لیکن مٹھی بھر کارخانہ داروں کے سامنے
آپ گھٹنے ٹیک دیتے ہیں - کیا یہ ضروری چیزیں حکومت نہیں کرسکتی ؟ جبکہ حکومت جب
ملک کی بھلائی کے لئے کام کرنا چاہتی ہے تو اسے یہ محسوس کرنا چاہئے کہ کارخانہ دار
جو مزدوروں کا حق نہیں دیتے وہ ان سوشل ایلیمنٹس (Unsocial elements) ہیں انکے
سامنے آپ گھٹنے ٹیک دیتے ہیں - شاہ آباد میں ایک سو مزدور ملکر یہ چاہتے ہیں کہ
انکی یونین کو رکگنائز (Recognise) کیا جائے یہ انکا حق ہے - انکے
حق کو تسلیم کیا جائے نہیں تو وہ کام نہیں کرینگے - لیکن اس کا اثر کچھ بھی نہیں ہوتا -
کانگریس نے اپنے مینیفسٹو (Manifesto) میں یہ تو بتایا تھا کہ
مزدوروں کے مفادات کو پیش نظر رکھا جائیگا لیکن عملاً کچھ نہیں کیا جاتا - مجھے یہ
عرض کرنا ہے کہ اگر حکومت ایک سوشل ولفیر اسٹیٹ (Social Welfare State)
بنانا چاہتی ہے تو مزدوروں کو قانوں کے تحت سہولتیں فراہم کرے اور انکی بھلائی کا
خیال رکھے - اگر اس سلسلہ میں آپ سیکرٹ بیلٹ لینا چاہیں تو لے سکتے ہیں مجھے
کوئی اعتراض نہیں ہے - یونین کا رکگنائز کیا جانا ضروری ہے یہ میرا دعوی ہے -
اگر آپ میرے ساتھ چلیں تو معلوم ہوگا کہ میرے کہنے پر کام ہوتا ہے یا نہیں لیکن اسکے
باوجود بھی آپ ہماری امداد نہیں کرتے اس لئے میں عرض کرونگا کہ کمپلسری رکگنیشن
آف دی یونین (Compulsory Recognition of the Union) ہونا چاہئے -

مسٹر اسپیکر - ایک گھنٹہ ہوچکا ہے یہ لیبر کونسچن ہے میں اس پر پابندی
تو عائد کرنا نہیں چاہتا لیکن اس سلسلہ میں اور معزز ارکان کی بھی تقاریر ہونگی ان
کے لئے بھی ٹائم ہونا ہے - میں اس پر آنریبل ممبر کو توجہ دلانا چاہتا ہوں

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - آخری چیز میں ان امپلائمنٹ (Unemployment)
کے بارے میں پانچ دس منٹ عرض کرکے اپنی تقریر ختم کرتا ہوں -
اس سلسلہ میں " حیدرآباد گورنمنٹ بلیٹن آن اکنامک افیرس
(Hyderabad Government Bulletin on Economic affairs) میں لیبر
کمشنر صاحب نے اپنے افسروں سے جو کہا ہے وہ آپکے سامنے پڑھکر سناتا ہوں

"A Blue-print for meeting unemployment in the urban areas among skilled workers and educated persons is being worked out by the Minister for Labour, Hon. Shri V B. Raju Explaining the scheme to the officers concerned, Mr Raju described it as a "humble beginning" towards the solution of what was one of the most urgent and compelling problems facing a modern democratic society. The success of the Five Year Plan, he declared, would be governed very largely by the proper organization of skilled man-power"

انہوں نے اس میں کہا ہے کہ فائیو ایر پلان (Five year Plan) کے تحت
جو واقعی کارگزار ہیں انکو جلد سے جلد اور زیادہ سے زیادہ کام پر لینا چاہئیے اور اسکے
ساتھ ساتھ رہے سہے لوگوں کو بھی کام پر لینا چاہئیے - ایسی صورت ہی میں فائیو
ایر پلان کامیاب ہوسکتا ہے - اس سلسلہ میں انہوں نے یہ اسکیم سجسٹ (Suggest)
کی ہے کہ کمیٹیز قائم کی جائیں بیروزگاروں کے اعداد و شمار فراہم کئے جائیں - میں یہ عرض
کرونگا کہ بیروزگاروں کے اعداد و شمار فراہم کرنیکی کوئی ضرورت نہیں - دیکھنا یہ چاہئیے
کہ انہیں کسطرح کام پر لگایا جاسکتا ہے - بیروزگاروں کی کمی نہیں آپ چاہتے ہیں
تو میں فوراً شہر حیدرآباد ہی میں پانچ ہزار بیروزگار پیش کرسکتا ہوں انکی تعداد
ہزاروں میں ہے جنہیں کوئی ذریعہ معاش نہیں - مختلف ڈپارٹمنٹس سے ریٹرنچمنٹ
(Retrenchment) کا عمل الگ کیا گیا ہے - یہ لوگ تمام کے تمام
تعلیم یافتہ ہیں - جو ٹیچرس علحدہ کئے گئے ہیں وہ اس کے سوا ہیں - ان کا کوئی ذریعہ معاش
نہیں ہے - آپکے پاس انکے لئے کیا اسکیم ہے ؟ آپ صرف انکے اعداد لینا چاہتے ہیں -
ہاں آپ اعداد فراہم کرسکتے ہیں ہم اس میں آپ سے کوآپریٹ کرینگے - لیکن ضرورت
صرف اسی کی نہیں بلکہ ضرورت تو اسبات کی ہے کہ ہم ایسی اسکیمیں بنائیں جسمیں
انہیں کام پر لگایا جا سکے - یہ چیز ہمارے لئے ٹسٹ (Test) کے طور پر
ہے - جو لوگ روزگار نہیں رکھتے ان کے لئے بھتہ کا بندوبست ہونا ضروری ہے
جب تک انہیں کام پر نہ لگا یا جائے - اس کیلئے جیسا کہ میں نے کہا ہے سکیورٹی آف
سرویس (Security of Service) اور رائٹ ٹو ورک (Right to Work)
بنیادی چیزیں ہیں انکے بغیر ڈیموکریسی بے معنی ہے - اگر ہم ملک کے لوگوں کو
یقین نہیں دے سکتے کہ ہم آپ کو کام دینگے تو یہ صحیح نہ ہوگا - یہ بنیادی ٹسٹ
ہے - اسی بنیاد پر ڈیموکریسی ورک کرتی ہے - جب ہم حکومت کے پاس جاتے ہیں تو
وہ کہتی ہے کہ ہمارے پاس نوکری نہیں ہے - جب آپکے ہاتھ میں حکومت ہے تو آپ
کو چاہئیے کہ اسٹیٹ کو ایک خاندان سمجھیں - اگر اس خاندان میں ایک بھائی کے لئے
کام نہ ہو اور وہ بیروزگار ہو جائے تو کیا آپ اس سے کہینگے کہ آج سے تمہارا کھانا بند
ہے ؟ اگر اس کے لئے نوکری نہیں ہے تو کیا اس کے لئے کھانا بند کردیا جاتا ہے ؟
اگر آپ اپنے ملک کو ولفیر اسٹیٹ بنانا چاہتے ہیں تو آپ کا فرض ہے کہ جو روزگار
نہیں رکھتے انہیں روزگار فراہم کیا جائے اور جب تک روزگار نہ دلائیں انہیں بھتہ
دیں - یہی ڈیموکریسی کا ٹسٹ ہے - یہی عوامی حکومت ہے - آپکو کافی سوچ سمجھکر
اس سلسلہ میں قدم اٹھانا چاہئیے - میں اسٹیج پہ اسٹیج یہ عرض کرونگا کہ جب آپ
ریٹرنچمنٹ کرتے ہیں تو جو لوگ علحدہ ہو رہے ہیں ان کے لئے کم از کم بھتہ
کا انتظام کیا جائے - اس کے لئے آپ کوئی اسکیم یا پلان بنائیے جیسا کہ میں نے اخبار
میں عرض کیا تھا کوئی ڈیولپمنٹ اسکیم (Development Scheme) نکالئیے
اس کے لئے آپ روپیوں کا سوال اٹھاتے ہیں تو میں کہونگا کہ آپکے پاس ہزاروں بڑے
بڑے جاگیر دار ہیں - سب سے بڑا جاگیر دار یہاں ہے جس سے ڈیولپمنٹ اسکیم کے لئے

آپ پچاس کروڑ یا سو کروڑ روپیہ لے سکتے ھیں - کئی لوگوں کے گھروں میں اتنا روپیہ بند ھے کہ جس سے ایک پانچ سالہ اسکیم نہیں کئی پانچ سالہ اسکیمیں عمل میں لائے جاسکتے ھیں -

میں آخر میں یہ کہونگا کہ دستور ھند کے تحت جو وعدے آیے گئے ھیں ان میں رائٹ آف ورک اور سکیورٹی آف سروس تو دیئے گئے ھیں لیکن اسکے ساتھ ساتھ یہ بتایا گیا ھے کہ کوئی بھی اس سلسلے میں عدالت میں جاکر ایسے حق کا مطالبہ نہیں کرسکتا - یعنی اس کا مطلب یہ ھے کہ جو حق آپنے دستور میں دیا ھے اس کے لئے عمل کی کوئی گنجائش نہیں - اسکے معنے یہ ھوتے ھیں کہ ایک ھاتھ سے ایک چیز دی جاتی ھے اور دوسرے ھاتھ سے لے لی جاتی ھے - آپ حکم تو دیتے ھیں لیکن عمل کا کوئی انتظام نہیں - اسلئے میں عرض کرونگا کہ ھمارے دستور میں ھر ایک کو روزی کے انتظام کا حق دیا گیا ھے اس کے لئے جلد سے جلد قدم اٹھایا جائے - میں نے اس سلسلہ میں جو رزولیوشن ھاؤس کے سامنے پیش کیا ھے وہ کنٹروورشیل ٹائپ (Controversial type) کا نہیں ھے - یہ جنرل ٹائپ کی صورت میں آپکے سامنے پیش ھے تا کہ اس سلسلہ میں جو ضروری اقدام کئے جاسکتے ھیں کئے جائیں - اس سلسلہ میں مزدوروں کے مفاد کے لئے آپ جو قدم اٹھائینگے اس میں ھم جہاں تک کوآپریشن (Co-operation) کرسکتے ھیں ضرور کرینگے - ھم اس کا وعدہ کرتے ھیں - یہ رزولیوشن آپکے سامنے رکھتے ھوئے میں امید کرتا ھوں کہ اسے منظور کیا جائیگا اور جلد سے جلد اسکو عمل میں لانے کی کوشش کی جائیگی -

ಶ್ರೀ. ಎಲ್. ಕೆ. ಷರಾಫ್ (ರಾಯಚೂರು) ಅಧ್ಯಕ್ಷಮಹಾಶಯರೆ,

ಶ್ರೀಮಾನ್ ದೇಶಪಾಂಡೆಯವರು ಒಂದು ಠೀರ್ಮಾನವನ್ನು ಸಭೆಯಲ್ಲಿ ಮಂಡಿಸಿ, ಕೆಲಸಗಾರರ ಹಕ್ಕುಗಳನ್ನು ಕುರಿತು, ಒಂದು 'Charter of Rights' ನ್ನು ಕೋರಿದ್ದಾರೆ. ಮಾನ್ಯ ಸದಸ್ಯರು ನಮ್ಮ ಘಟನೆಯಲ್ಲಿಯ ಆದೇಶಗಳನ್ನು ಅನುಲಕ್ಷಿಸಿ, ನಮ್ಮ ರಾಜ್ಯದ ಮತ್ತು ನಮ್ಮ ದೇಶದ ಸರಕಾರದ ಕರ್ತವ್ಯವೇನು ಎಂಬುದನ್ನು ತೋರಿಸಿಕೊಟ್ಟಿದ್ದಾರೆ

مسٹر اسپیکر - آپکو ریجنل لینگویجس میں تقریر کرنے کا ادھیکار (अधिकार) ھے لیکن اگر آپ ایسی زبان استعمال کریں جسکو زیادہ سے زیادہ ممبرس سمجھ سکیں تو ٹھیک ھوگا - میں معزز ممبر کو مجبور تو نہیں کرسکتا -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - ایک آدہ تقریر کنڑی زبان میں بھی ھو جائے تو ٹھیک ھوگا - مثلاً تو معلوم ھوسکتا ھے -

مسٹر اسپیکر - میں ممانعت تو نہیں کرتا -

ಶ್ರೀ. ಎಲ್. ಕೆ. ಷರಾಫ್:— ಈ ಪ್ರಶ್ನೆ ಬಹಳ ಮಹತ್ತ್ವದ್ದೆಂಬುದೇನೊ ನಿಶ್ಚಯ. ಆವರು ಈ ವಿಷಯವಾಗಿ ಮಾತನಾಡುತ್ತ ಹತ್ತಿ, ಜೋಳ ಮುಂತಾದ 'Raw materials'

ಕಡೆಗೆ ಲಕ್ಷ್ಯ ಸೆಳೆದು ಅವುಗಳಂತೆ ಕೂಲಿಕಾರರನ್ನು ಎಣಿಸಬಾರದು ಎಂದು ಕೇಳಿದ್ದಾರೆ ಕೂಲಿಕಾರರು ಮನುಷ್ಯರು.

مسٹر اسپیکر - میں یہ کہونگا کہ ریجنل لیگویج میں تقریر کرنے کا اختیار تو آپ کو حاصل ہے لیکن تقریر کا مسا' کیا ہے اسکو دھیان میں رکھیں تو میں سمجھتا ہوں کہ ایسی زبان میں تقریر کرنا آپ پسند کرینگے جس کو زیادہ سے زیادہ آنریبل ممبرس سمجھ سکیں - میں آپکو ریجنل لیگویج میں تقریر کرنے سے روکنا تو نہیں چاہتا لیکن یہ میرا خیال ہے -

شری وی ڈی - دیشپانڈے - ایک آدہ تقریر کنڑی میں بھی ہوجائے تو اچھا ہے کیونکہ اب تک اس زبان میں تقریر نہیں ہوئی ہے -

مسٹر اسپیکر - میں منع نہیں کر رہا ہوں - لیکن تقریر کا منشا' کیا ہے اسکو ملحوظ رکھنا چاہئے - تقریر کا منشا' یہ ہے کہ زیادہ سے زیادہ لوگوں کی سمجھ میں آئے -

Shri L K Shroff . Shall I continue ?

Mr. Speaker Oh, yes

ಶ್ರೀ ಎಲ್. ಕೆ ಷರಾಫ್—ಅವರ ವಿಷಯವನ್ನು ಬೇರೆ ದೃಷ್ಟಿಯಿಂದ ನೋಡಬೇಕು ಎಂದು ಕೋರಿದ್ದಾರೆ. Basic Wage ಮತ್ತು Minimum Wage ಇವುಗಳ ವ್ಯತ್ಯಾಸವನ್ನು ತೋರಿಸಿ Minimum Wages Act ಇದರ ನಾಲ್ಕನೆಯ Section ನಲ್ಲಿ ಏನಿದೆ ಎಂಬುದನ್ನು ನಾನು ಇಲ್ಲಿ ಸ್ಪಷ್ಟವಾಗಿ ಓದಿ ಹೇಳುವೆ:—

> " Any minimum rate of wages fixed or revised by the appropriate Government in respect of scheduled employments under Section 3 may consist of (*i*) a basic rate of wages and a special allowance at a rate to be adjusted at such intervals and in such manner as the appropriate Government may direct nearly as practicable with the variation in the cost of living index number applicable to such workers (hereinafter referred to as the ' cost of living allowance '); or (*ii*) a basic rate of wages with or without the cost of living allowance, and the cash value of the concessions in respect of supports of essential commodities at concession rates, where so unauthorised , or (*iii*) an all inclusive rate allowing for the basic rate, the cost of living allowance and the cash value of the concessions, if any." ಆದ್ದರಿಂದ, Minimum wages = Basic wages + special allowance.

ಇದರಿಂದ ಅರ್ಥವಾಗುವುದೇನೆಂದರೆ, ಬೇಸಿಕ್ ವೇಜಿಗಿಂತಲೂ ಮಿನಿಮಮ್ ವೇಜು ಉತ್ತಮ. ಈಗಾಗಲೆ Basic Wage ಗಿಂತ ಹೆಚ್ಚಿನ ಒಂದು ಅನುಕೂಲ್ಯವಿರುವಾಗ ಬೇಸಿಕ್ ವೇಜಿನ್ನಿನ ಸಲುವಾಗಿ ಆಚರಣೆಯನ್ನು ಕೈಕೊಳ್ಳುವುದು ಅನಾವಶ್ಯಕ. Minimum Wages Act ಗೆ ಒಂದು 'Schedule of Employments' ಇದೆ. ಅದರಲ್ಲಿ ಎರಡು ಭಾಗಗಳಿವೆ. ವ್ಯವಸಾಯದ ಕೆಲಸಗಾರರು ಮತ್ತು ಬೇರೆ ಬೇರೆ ಕೆಲಸಗಾರರಿಗೆ ಈ ಕಾನೂನು ನಮ್ಮ ಸಂಸ್ಥಾನದಲ್ಲಿ ಲಾಗು ಆಗಿದೆ ಬೇರೆ ಬೇರೆ ಕೆಲಸಗಳ ಬಗ್ಗೆ ಬೇರೆಬೇರೆ ಕಮಿಟಿಗಳನ್ನು ನಿರ್ಮಿಸಲು

ಗಿದೆ ಈ ವರ್ಷ ಸೆಪ್ಟೆಂಬರ್ ಒಳಗೆ ಆ ಕಮಿಟಿಗಳು ವರದಿಮಾಡಬೇಕೆಂದು ಹೇಳಲಾಗಿದೆ. 'Minimum Wages Act' ನ ಅನುಕೂಲತೆಗಳು ಇಷ್ಟಕ್ಕೆ ಮುಗಿಯಲಿಲ್ಲ. ನಾನು ಅದರ ಸೆಕ್ಷನ್ಸ್ ೨೭ ಮತ್ತು ೩೦ ರ ಕಡೆಗೆ ಸಭೆಯ ಲಕ್ಷ್ಯವನ್ನೆಳೆಯುವೆನು

"Section 27 Power of Provincial Government to add to schedule—The appropriate Government after giving by notification in the Official Gazette not less than three months' notice of its intention to do, may, by like notification, add to either part of the schedule any employment in respect of which it is of opinion that minimum rates of wages should be fixed under this Act, and thereupon the schedule shall in its application to the Province be deemed to be amended accordingly'"

"Section 30 Power of appropriate Government to make rules —(1) The appropriate Government may, subject to the condition of previous publication, by notification in the official Gazette, make rules for carrying out the purposes of this Act"

ಸೆಕ್ಷೆನ್ ೩೦ ರ ಪ್ರಕಾರ ಪ್ರಾಂತಸರಕಾರಗಳಿಗೆ ರೂಲ್ಸ್ ಮಾಡುವ ಅಧಿಕಾರವನ್ನು ಕೊಡಲಾಗಿದೆ. ಸೆಕ್ಷೆನ್ ೨೭ ರ ಪ್ರಕಾರ Schedule ಗೆ ಬೇರೆ ವಿಷಯಗಳನ್ನು ಸೇರಿಸುವ ಅಧಿಕಾರವೂ ಪ್ರಾಂತಸರಕಾರಗಳಿಗೆ ಕೊಡಲಾಗಿದೆ ಆದುದರಿಂದ ಸಂಸ್ಥಾನದ ಸರಕಾರಗಳಿಗೆ ಸಲಹೆ ಸೂಚನೆಗಳನ್ನು ಕೂಡುವ ಅವಕಾಶವಿದೆ ರೇಗೆ ಸಮಿತಿಯವರು ಮಿನಿಮಮ್‌ವೇಜಸ್ಸನ್ನು ೨೬ ರೂ ಯಂತೆ ನಿಶ್ಚಯಿಸಿದ್ದಾರೆಂದು ಮಾನ್ಯ ಸದಸ್ಯರು ಹೇಳಿದರು ಅದಕ್ಕಿಂತ ಹೆಚ್ಚಿಗೆ ನಮ್ಮಲ್ಲಿ ಸಿಕ್ಕುತ್ತಿರುವುದು. ಬೇಸಿಕ್ ವೇಜಸ್ಸನ್ನು ಕುರಿತು ಹೇಳುತ್ತ, ಮಾನ್ಯಸದಸ್ಯರು ಭೂವ್ಯವಸಾಯದ ಕಡೆಗೆ ತಿರುಗಿ, ಗಂಗಾಪುರದಲ್ಲಿ ಕಡಮೆ ವೇತನ ಸಿಕ್ಕುತ್ತದೆ, ನೆರೆಯ ಪ್ರಾಂತವಾದ ಬೊಂಬಾಯಿಯಲ್ಲಿ ದಿನಕ್ಕೆ ಎರಡು ಅಥವಾ ಎರಡುವರೆ ರೂಪಾಯಿ ಕೂಲಿ ಸಿಕ್ಕುತ್ತಿದೆ ಎಂದು ಹೇಳಿದರು. ನಾನು ರಾಯಚೂರು ಜಿಲ್ಲೆಗೆ ಸೇರಿದವನು. ರಾಯಚೂರು ಮದ್ರಾಸು ರಾಜ್ಯಕ್ಕೆ ಹತ್ತಿಕೊಂಡಿದೆ. ಅಲ್ಲಿ ಹರಿಸ್ಥಿತಿಹಾಗಿಲ್ಲ. ಒಂದು ವಿಶೇಷ ಪರಿಸ್ಥಿತಿಯನ್ನು ಸಾಮಾನ್ಯವಾಗಿ ಗ್ರಹಿಸಿಕೊಂಡು ಅದನ್ನು ಸಾಮಾನ್ಯಮಾಡುವುದು ಸರಿಯಲ್ಲ. ಈ Schedule ನಲ್ಲಿ ಹನ್ನೆರಡು ಅಂಶಗಳಿವೆ. ಮಿನಿಮಮ್ ವೇಜಸ್ ಆಕ್ಟನ್ನು ಈ ಹನ್ನೆರಡಕ್ಕಲ್ಲದೆ ಹೆಚ್ಚಿಗೆ ಅನ್ವಯಿಸಿದಂತಿದೆ. ಬೇಸಿಕ್ ವೇಜಸ್ಸಿನ ವಿಷಯುವಾಗಿ ಮಂಡಿಸಿದ ವಿಚಾರಗಳು ಅನಾವಶ್ಯಕ. ಅವು ನಮ್ಮನ್ನು ಹಿಂದಕ್ಕೆ ಎಳೆದುಕೊಂಡು ಹೋಗುವುವು. ಈ ಮಿನಿಮಮ್ ವೇಜಸ್ ಆಕ್ಟು ೧೯೪೮ ರಲ್ಲಿ ಪಾಸಾಗಿದೆ. ಫೇರ್ ವೇಜಸ್ ಬಿಲ್ಲು ಮಧ್ಯವರ್ತಿ ಸರಕಾರದ ಗಮನದಲ್ಲಿದೆ ಬೇಸಿಕ್ ವೇಜಸ್ಸು Minimum Wagesಗಿಂತಲೂ ಹೆಚ್ಚಿನ ಅನುಕೂಲತೆಗಳನ್ನು ಒದಗಿಸಿಕೊಡುವುದಾಗಿದೆ ಬೇಸಿಕ್ ವೇಜಸ್, ಮಿನಿಮಮ್ ವೇಜಸ್ ಮತ್ತು ಫೇರ್‌ವೇಜಸ್-ಇವುಗಳನ್ನು ಪರಿಶೀಲಿಸಿದರೆ ಫೇರ್‌ವೇಜಸ್ಸು ಹೆಚ್ಚಿನ ಅನುಕೂಲತೆಗಳನ್ನು ಒದಗಿಸುವುದೆಂದು ನಮಗೆ ತಿಳಿವುದು.

Basic Wages, Minimum Wages ಮತ್ತು Fair Wages ಇವುಗಳನು ಪರಿಶೀಲಿಸಿದರೆ Basic Wagesಗಿಂತಲೂ Minimum Wages ಹೆಚ್ಚು ಎಂದು ಕಂಡುಬರದಿರದು. ಇವುಗಳೆರಡಕ್ಕಿಂತಲೂ Fair Wages ಹೆಚ್ಚು Living Wages ಇವೆಲ್ಲಕ್ಕಿಂತಲೂ ಹೆಚ್ಚು. ಇದರಲ್ಲಿ Housing, Medical Facilities ಮತ್ತು ಕೆಲವು Simple amenities ಸಹಿತ ಸೇರುವಂತೆ ಅಥವಾ ದೊರಕಿಸಿಕೊಳ್ಳಲು ಸಾಧ್ಯವಾಗುವಂತೆ

ಕೂಲಿಯನ್ನು ನಿಶ್ಚಯಿಸಲಾಗುವುದು ಆದರೆ Living Wages ಬಗ್ಗೆ ಯಾವ ಕಾನೂನೂ ಪಾಸಾಗಿಲ್ಲ ಅಥವಾ Bill ಸ್ವರೂಪದಲ್ಲಿಯೂ ಇಲ್ಲ. Fair Wages Bill ನಮ್ಮ ಪಾರ್ಲಿಮೆಂಟಿನಲ್ಲಿ ೧೯೫೦ರಲ್ಲಿಯೆ ಮಂಡಿಸಲ್ಪಟ್ಟಿದೆ Minimum Wages Act ಪಾಸಾಗಿ ಜಾರಿಯಲ್ಲಿ ಬರುತ್ತಿರುವಾಗ ಮತ್ತು Fair Wages Billನ್ನು ಮಧ್ಯವರ್ತಿ ಸರಕಾರವು ಪಾರ್ಲಿಮೆಂಟಿನಲ್ಲಿ ಮಂಡಿಸಿರುವಾಗ ಕೇವಲ Basic Wages ಸಲುವಾಗಿ ಕಾನೂನನ್ನು ಪಾಸುಮಾಡಬೇಕು ಎಂದು ತೀರ್ಮಾನವನ್ನು ಮಂಡಿಸುವುದಾದರೆ ಗಡಿಯಾರದ ಮುಳ್ಳನ್ನು ಹಿಂದಕ್ಕೆ ಸರಿಸಲಪೇಕ್ಷಿಸಿದಂತಾಗುವುದು.

ಇನ್ನು ಎರಡನೆಯ ಮಾತು 'One month's Leave with pay'. Factory Act, 1947 ಪ್ರಕಾರ ಪ್ರತಿಯೊಬ್ಬ ಕೆಲಸಗಾರನು ೨೦ ದಿವಸದ ವರೆಗೆ ಕೆಲಸ ಮಾಡಿದರೆ, ಒಂದು ದಿವಸದ ರಜೆ ಸಿಕ್ಕುವುದು ಹುಡುಗನಾರೆದ, ಇಪ್ಪತ್ತು ದಿವಸದ ರಜೆ ಸಿಕ್ಕುವುದು ಇವಲ್ಲದೆ, Minimum Wages Act ನ ಸೆಕ್ಷನ್ ೩೦ ರ ೨ ನೆಯ ವಿಭಾಗದ (*f*) clause ನಲ್ಲಿ ಒಂದು ವಾರದಲ್ಲಿ ಒಂದು ದಿನ ಆರಾಮು ತೆಗೆದು ಕೊಳ್ಳುವುದಕ್ಕೆ ಅನುಕೂಲ ಮಾಡಿ ಕೊಟ್ಟಿರುವುದಲ್ಲದೆ, ಕೂಲಿ ಕೊಡಿಸುವ ಏರ್ಪಾಟನ್ನೂ ಮಾಡಿ ಕೊಡಬೇಕೆಂದು ಹೇಳಿದೆ (*f*) of sub-section (2) of Section (30)—'Without prejudice to the generality of the fore-going power, such rules may provide for a day of rest in every period of seven days and for the payment of remuneration in respect of such day' ಎಂದಿದೆ. ಏಳು ದಿನಗಳಲ್ಲಿ ಒಂದು ದಿನದ ರಜೆ ತೆಗೆದುಕೊಳ್ಳಲು ಆಸ್ಪದವಿದೆ ಇಷ್ಟೇ ಅಲ್ಲ, 'With remuneration.' ಈ ತೀರ್ಮಾನವನ್ನು ಮಂಡಿಸಿದ ಮಾನ್ಯ ಸದಸ್ಯರು ಬಹಳವಾಗಿ ಒಂದು ತಿಂಗಳ ರಜೆ ಸಿಕ್ಕಬೇಕೆಂದು ಮಂಡಿಸಿದರು. ಸೆಕ್ಷನ್ ೩೦ ರ ಕಡೆಗೆ ಅವರ ಲಕ್ಷ್ಯ ಹೋಗಿಲ್ಲವೆಂದು ಕಾಣುತ್ತದೆ. ಇದರ ಕೆಳಗೆ ಸರಕಾರವು ತಕ್ಕ ರೂಲ್ಸು ಮಾಡಿಬಿಟ್ಟಿದೆ. ೫೨ ದಿನದ ರಜೆಯ ಜೊತೆಗೆ ೧೫ ದಿವಸದ ರಜೆ ಸಿಕ್ಕುವುದು. ಒಟ್ಟು ೬೭ ದಿವಸದ ರಜೆ ಸಿಕ್ಕಂತಾಯಿತು. ಆದುದರಿಂದ ಒಂದು ತಿಂಗಳ ರಜೆ With pay ಸಿಕ್ಕಬೇಕೆಂದು ಅವರು ಮಂಡಿಸುವುದು ಅನಾವಶ್ಯಕ ಮೆದುಳಿನಿಂದ ಕೆಲಸಮಾಡುವವರಿಗೆ ನಾಲ್ಕಾರು ತಾಸು ಕೆಲಸವಾದ ಅನಂತರ ವಿಶ್ರಾಂತಿ ಬೇಕಾದ ಮೇಲೆ, ಕೈಕೂಲಿಮಾಡುವವರಿಗೆ ವಿಶ್ರಾಂತಿ ಬೇಡವೇ ಎಂದು ಕೇಳಿದರು. ಬ್ರೇನ್ ವರ್ಕ್ ಮತ್ತು ಫಿಜಿಕಲ್ ವರ್ಕಿನಲ್ಲಿ ವ್ಯತ್ಯಾಸ ರಷಿಯಾ ದೇಶದಲ್ಲಿಯೂ, ನನಗೆ ತಿಳಿದಂತೆ, ಕಂಡು ಬರುತ್ತದೆ. ಯಾವ ದೇಶದಲ್ಲಿ ಸರ್ವಸಮಾನತೆ ಇದೆಯೆಂದು ಹೇಳಲಾಗುತ್ತಿದೆಯೋ, ಅಲ್ಲಿಯೂ ಕೂಡ ಮೆದುಳಿನಿಂದ ಕೆಲಸ ಮಾಡುವವರಿಗೆ ಹೆಚ್ಚು ಅನುಕೂಲಗಳಿವೆ. ಒಂದು ತಿಂಗಳ ರಜೆ With pay ಸಿಕ್ಕಬಾರದೆಂದು ನನ್ನ ಅಭಿಪ್ರಾಯವಲ್ಲ. ಇಂಡಸ್ಟ್ರಿಗಳ ಮಾಲಿಕರು ಮತ್ತು ಕೂಲಿಕಾರರ ನಡುವೆ ಹಾಗೆ ಸಮಾಧಾನಕರವಾದ ಒಪ್ಪಂದವಾಗಬಹುದು. ಆ ಅನುಕೂಲತೆಗಳು ಈ ಶಾಸನದಲ್ಲಿವೆ. ನನಗೆ ಎನಿಸುವುದೇನೆಂದರೆ, ಈಗ ಲೇಜಿಸ್ಲೇಷನ್ ಅನಾವಶ್ಯಕ. ಈಗಿದ್ದ ಸೌಲತ್ತುಗಳು ಕೇಳಿದ ಅವಕಾಶಗಳಿಗಿಂತ ಹೆಚ್ಚಿದ್ದ ಕಾರಣ ಲೇಜಿಸ್ಲೇಷನ್ ಬೇಕಿಲ್ಲ.

ಇನ್ನು ಮೂರನೆಯ ಮಾತು : Living Wages with cost of living Index. ಈಗ ಮಿನಿಮಮ್ ವೇಜಸ್ ಆಕ್ಟು ಪಾಸಾಗಿ, ಫೇರ್ ವೇಜಸ್ ಪಾಸಾಗುವ ಸಂದರ್ಭ ಬಹಳ

ಹತ್ತಿರವಿದೆ Cost of living Index ಮತ್ತು Wages ನಡುವೆ ಸಂಬಂಧವಿರಬೇಕೆಂದು ಮಾನ್ಯ ಸದಸ್ಯರು ಮಂಡಿಸಿದರು ಇದನ್ನು ಕುರಿತು ನಾನು ಹೇಳುವುದು ಇಷ್ಟು: ಮಿನಿಮಮ್ ವೇಜಸ್ಸಿನಲ್ಲಿ ಈ ದೃಷ್ಟಿಯಿಲ್ಲವೆಂದಲ್ಲ. ಸೆಕ್ಷನ್ ೩ ರಲ್ಲಿ ಇದರ ವಿವರಣೆ ಇದೆ.

مسٹر اسپیکر - اب گیارہ بج چکے ہیں - کیا ہاؤس کی یہ اچھا (इच्छा) ہے کہ آدھ گھنٹے کا ریسس (Recess) لیا جائے ؟ اب گیارہ بجے ہیں - گیارہ سے ساڑھے گیارہ بجے تک ریسس دیا جاتا ہے - معزز ممبر جو اسوقت تقریر کر رہے ہیں ساڑھے گیارہ بجے اسی تقریر کا سلسلہ جاری رکھینگے -

The House then adjourned for recess till-half past Eleven of the Clock.

The House re-assembled after recess at-half past Eleven of the Clock.

[Mr Speaker in the Chair].

ಶ್ರೀ. ಎಲ್ ಕೆ ಷರಾಫ್ —ಅಧ್ಯಕ್ಷ ಮಹಾಶಯರೆ, ಫೇರ್ ವೇಜಸ್ಸಿನಲ್ಲಿಯಾದರೋ ಅದನ್ನು ಸ್ಪಷ್ಟವಾಗಿ ಸೇರಿಸಲಾಗಿದೆ ರೇಗೆಸಮಿತಿಯವರು Basic Wages ೨೬ ರೂ.ಯಾಗಿರುವಂತೆ ಸಿಫಾರಸು ಮಾಡಿದ್ದರು. ಅಲ್ಲದೆ, Dearness allowance ೩೬ ರೂ. ಕೊಡುವುದಾಗಿಯೂ ಹೇಳಿದ್ದರು Cost of living Index number ಹೆಚ್ಚಾಗದಂತೆ ಅಥವಾ ಕಡಮೆಯಾಗದಂತೆ ಒಂದು pointಗೆ ಇಷ್ಟೆಂದು ನಿಶ್ಚಯಿಸಿ (ನನಗೆ ನೆನಪಿದ್ದ ಮಟ್ಟಿಗೆ ಒಂದು ವರೆ ಪೈ) ಒಂದು ದಿನದ ಕೂಲಿಯಲ್ಲಿ ಬದಲಾವಣೆ ಮಾಡಬೇಕು ಎಂದೂ ಹೇಳಿದ್ದರು. ಅವರು Dearness allowance ಪೂರ್ಣವಾಗಿ ಎಲ್ಲ ಕಾರಖಾನೆಗಳಿಗೂ ಕೊಡಲು ಸಾಧ್ಯವಾಗಲಿಕ್ಕಿಲ್ಲವೆಂದೂ, ಅದರ ಅರ್ಧದಷ್ಟು ಮಾತ್ರ ಕೊಡಬೇಕೆಂದೂ ಸೂಚಿಸಿದರು ಆ ಪ್ರಕಾರ ಅದು ಜಾರಿಯಲ್ಲಿದೆ. Municipal Employees ಗೆ ಇದನ್ನು ಅನ್ವಯಿಸಿಲ್ಲವೆಂದು ಮಾನ್ಯ ಸದಸ್ಯರು ಹೇಳಿದರು. Basic Wages ಸಹ ಸಿಕ್ಕುತ್ತಿಲ್ಲವೆಂದು ಅವರು ಹೇಳಿದಂತಿದೆ. ಆದರೆ, ನಮ್ಮ ರಾಯಚೂರಲ್ಲಿಯ ಮುನಿಸಿಪಾಲಿಟಿಯವರು ೩೫ ರೂ. ಕೊಡುತ್ತಿರುವರು. ಆಯಾ ಮುನಿಸಿಪಾಲಿಟಿಯವರು ತಂತಮ್ಮ ಶಕ್ತ್ಯನುಸಾರವಾಗಿ ಕೊಡುತ್ತಿರುವರು.

ನಾಲ್ಕನೆಯದು . 'Providing of Bonus Fund Compulsorily out of Profits' ಇದೂ ಒಳ್ಳೆಯದು. ಇದರ ಸಾಧ್ಯಾಸಾಧ್ಯತೆಯ ಬಗ್ಗೆ ವಿಚಾರಿಸೋಣ Bonus ಯಾವಾಗಲೂ ಲಾಭ ಬಂದಾಗ ಕೊಡಬೇಕಾಗುವುದು. Compulsorily, bonus fund ನ ವ್ಯವಸ್ಥೆಯನ್ನು ಇಲ್ಲಿಯೂ ಮಾಡುವುದಾದರೆ, ಇನ್ನೂ ಶೈಶವಾವಸ್ಥೆಯಲ್ಲಿರುವ, ನಮ್ಮ Industries ಪರಪ್ರಾಂತಗಳಲ್ಲಿಯ Industryಗಳೊಂದಿಗೆ ಸ್ಪರ್ಧೆ ಮಾಡಲು ಸಾಧ್ಯವಾಗದಂತಾಗಬಹುದು. ಈ ತೀರ್ಮಾನದಲ್ಲಿನ ಯಾವುದೇ ವಿಷಯವನ್ನು ನಿಶ್ಚಯಿಸಬೇಕಾದರೆ 'Capacity of the Industry to pay'-ಇದನ್ನು ನಾವು ಗಮನಿಸಲೇ ಬೇಕಾಗುವುದು.

ಐದನೆಯದು:' other Social Security Measures like old-age pension, security of Service, etc.' ಇದರ ಬಗ್ಗೆ ಹೇಳುವುದಾದರೆ, ಈ ಗಾಗಲೆ ಪಾಸಾಗಿರುವ

Work-men's Compensation Act, Employee's State Insurance Act ಮತ್ತು ನಮ್ಮ ಸರಕಾರದ Maternity Benefit Act ಇವೆಲ್ಲ ಈ ದಿಶೆಯಲ್ಲಿಯೇ ಇವುಗಳಿಗಿಂತಲೂ ಹೆಚ್ಚಿನ ಅನುಕೂಲತೆಗಳೆಂದರೆ, gratuity ಬಗ್ಗೆಯೂ ಒಂದು ಕಾನೂನು ಇದೆ ಇದು ಒಂದು ರೀತಿಯ old-age pension ಇದ್ದಂತೆ. ಈ ಬಗ್ಗೆ ಕಾನೂನಾಗಲಿ, 'And other Steps' ಆಗಲಿ ಮಧ್ಯವರ್ತಿ ಸರಕಾರವು ಕೈಕೊಳ್ಳಬೇಕು ನಮ್ಮ ಸರಕಾರವು ಹಾಗೆ ಮಾಡುವುದಾದರೆ, ನಮ್ಮಲ್ಲಿನ ಇಂಡಸ್ಟ್ರಿಗಳಿಗೆ ಧಕ್ಕೆತಗಲಿ, ಕೂಲಿಕಾರರ ಜೀವನೋಪಾಯದ ಬುಡಕ್ಕೆ ಕೊಡಲಿಯು ಪೆಟ್ಟುಬಿದ್ದಂತಾದೀತು.

ಆರನೆಯದು· 'Compulsory recognition of Unions by the Employees' ಸಾಮಾನ್ಯವಾಗಿ ದೇಶದಲ್ಲಿರುವ Workers' Unions ನಡೆಸಿಕೊಡು ಹೋಗುವವರು ಬೇರೆ ಬೇರೆ ರಾಜಕೀಯ ಸಂಸ್ಥೆಗಳಿಗೆ ಸೇರಿದವರಾಗಿರುತ್ತಾರೆ ಅವರು ಕೆಲಸಗಾರರ ಹಿತದ ದೃಷ್ಟಿಯಿಂದ ಬೇಕಾದ ಚಟುವಟಿಕೆಗಳನ್ನು ನಡೆಸುವುದರ ಜೊತೆಗೆ ಅವರಲ್ಲಿ ತಮ್ಮ ಪಕ್ಷಪಂಗಡಗಳ ರಾಜಕೀಯ ತತ್ತ್ವಗಳನ್ನೂ ಪ್ರಚುರಗೊಳಿಸುವದು ಹೀಗಿರುವಾಗ ಇವರು Trade Union ಗಳ Recognitionಗೆಏಕೆ ಮಹತ್ತ್ವಕೊಡುತ್ತಿರುವರೊ ತಿಳಿಯದು. ನಮ್ಮಲ್ಲಿಯು ಒಂದೇ ಒಂದು Industryಯಲ್ಲಿ ಕೆಲಸಮಾಡುವ ಕೆಲಸಗಾರರು ಬೇರೆ ಬೇರೆ ಯೂನಿಯನ್ನಿಗೆ ಸೇರಿರುವುದು ಅಸಾಧ್ಯವೇನೂ ಅಲ್ಲ. ಒಂದೇ ಒಂದು ಯೂನಿಯನ್ನಿಗೆ ಸೇರಬೇಕೆಂಬ ನಿಯಮವಿಲ್ಲ. ಎರಡು ಅಥವಾ ಮೂರು Unionಗಳಿದ್ದಾಗ ಮಾಲಕರು ಯಾವುದಕ್ಕೆ ಮನ್ನಣೆ ಕೊಡಬೇಕು? ಮೇಲಾಗಿ ಈ ಯೂನಿಯನ್ನನ್ನು ಮನ್ನಿಸುವಂತೆ ಕೇಳುವ ಉದ್ದೇಶವಾದರೂ ಏನು? ಮಾಲಕರು ಈ Unionಗಳೊಂದಿಗೆ ವ್ಯವಹರಿಸ್ತವಾಗ ಅನುಕೂಲತೆ ಇರಲೆಂದೇ? ಅಥವಾ ಇದಕ್ಕೂ ಹೆಚ್ಚಿಗೆ ಕೆಲಸಗಾರರ ಬೇಕು ಬೇಡಿಕೆಗಳನ್ನು ಪೂರ್ಣಗೊಳಿಸಲು ಸಹಾಯಕವಾಗಲೆಂದೇ? ಒಂದು ವೇಳೆ ಮಾಲಕರು ಮತು Unionಗೆ ಸೇರಿದವರು ಒಂದು ವಿಶಿಷ್ಟ ಬೇಡಿಕೆಯ ಬಗ್ಗೆ ಒಪ್ಪಂದ ಮಾಡಿಕೊಳ್ಳದಿದ್ದರೆ ಸರಕಾರವು ಮಧ್ಯಸ್ಥಿಕೆ ವಹಿಸಿ ಅದನ್ನು ನೆರವೇರಿಸುವುದು. ಯೂನಿಯನ್ನಿನ ರಜಿಸ್ಟ್ರೇಷನ್ ಅವಶ್ಯಕ ಸರಕಾರವು ಈ ಬಗ್ಗೆ ಬಹಳ ಸುಲಭವಾದ ನಿಯಮವನ್ನು ರಚಿಸಿದೆ ಒಂದು ಇಂಡಸ್ಟ್ರಿಯಲ್ಲಿ ದುಡಿಯುವ ಏಳು ಜನ ಕೆಲಸಗಾರರು ಸೇರಿ ತಮ್ಮ ಯೂನಿಯನ್ ರಜಿಸ್ಟರ್ ಮಾಡಬೇಕೆಂದು ಅರ್ಜಿಹಾಕಿದರೆ ಸರಕಾರವು ಹಾಗೆ ಮಾಡುವುದು. ರಜಿಸ್ಟರ್ ಆಯಿತೆಂದರೆ, ಸರಕಾರವು ಒದಗಿಸಬಹುದಾದ ಯಾವುದೇ ಸೌಲತ್ತು ಆ ಯೂನಿಯನ್ನಿಗೆ ದೊರಕೇ ದೊರಕುವುದು ಆದ್ದರಿಂದ, ಈ 'Compulsory recognition of Union' ಇದರ ಅರ್ಥ Compulsory recognition of the leadership of the workers ಎಂದು ಕಾಣುತ್ತದೆ. ಬೇರೆ ಬೇರೆ ರಾಜಕೀಯ ಪಕ್ಷಗಳಿಗೆ ಸೇರಿದ ಕೆಲಸಗಾರರ ನಾಯಕರು ತಮ್ಮ ಪಕ್ಷದ ನಾಯಕತ್ವವನ್ನು ರಜಿಸ್ಟರ್ ಮಾಡಬೇಕೆಂದು ಹೊರಟಂತೆ ತೋರುತ್ತದೆ. ನಾನು ಹೇಳುವುದು ಇಷ್ಟು: ಕೆಲಸಗಾರರ ಬೇಡಿಕೆಗಳನ್ನು ಪೂರೈಸುವುದರ ಕಡೆಗೆ ಹೆಚ್ಚು ಲಕ್ಷ್ಯ ಕೊಡಬೇಕು. ಮಾಲಿಕರು ಅವುಗಳನ್ನು ಪೂರೈಸಿ ಯೂನಿಯನ್recognise ಮಾಡದಿದ್ದರೆ ಅಡ್ಡಿ ಇಲ್ಲ.

ಇಷ್ಟಾದರೂ, ನಮ್ಮ ಪಾರ್ಲಿಮೆಂಟಿನಲ್ಲಿ Trade Unions Bill ಮಂಡಿಸಲ್ಪಟ್ಟಿದೆ. ಇದರಲ್ಲಿ ಈ ಬಗ್ಗೆಯೂ ತಕ್ಕ Provision ಇದೆ ಎಂದು ತಿಳಿಯುತ್ತೇನೆ. ಹೀಗಾಗಿ ಇದರ ಸಲುವಾಗಿ ಯಾವುದೇ ಲೇಜಿಸ್ಲೇಷನ್ ಆಗಲಿ 'And other steps' ಆಗಲಿ ಬೇಕಾಗಿಲ್ಲವೆಂದು ನನ್ನ ಅಭಿಪ್ರಾಯ.

ಇನ್ನು ಕೊನೆಯ ವಿಷಯ ನಿರುದ್ಯೋಗ ಸಮಸ್ಯೆಯ ಪರಿಹಾರಕ್ಕಾಗಿ ತಕ್ಕ ವ್ಯವಸ್ಥೆಯನ್ನು ಮಾಡುವುದು ಇದು ಬಹಳ ಅವಶ್ಯವಾದುದು ಮತ್ತು ನ್ಯಾಯವಾದುದು ಆದರೆ ನಮ್ಮ ಸಂಸ್ಥಾನ ಒಂದೇ ಈ ಬಗ್ಗೆ ಮಹತ್ತ್ವವಾದ ಕ್ರಮವನ್ನು ಕೈಕೊಳ್ಳುವುದು ಸಾಧ್ಯವಾಗದ ಮಾತು ಎಂದು ನಾನು ಖಂಡಿತವಾಗಿ ಹೇಳುತ್ತೇನೆ ಇಂಗ್ಲಂಡಿನಲ್ಲಿ Un-employment Insurance Act ಎಂಬ ಒಂದು ಕಾನೂನು ಇದೆ ಇದೇ ಮಾದರಿಯ ಒಂದು ಕಾನೂನು ನಮ್ಮ ದೇಶದಲ್ಲಿ ಮಧ್ಯವರ್ತಿ ಸರಕಾರವು ಪಾಸುಮಾಡಿದರೆ ಒಳ್ಳೆಯದು ಅಂತು, ಈ ವಿಷಯವಾಗಿಯೂ All India Basis ಮೇಲೆ ವ್ಯವಸ್ಥೆಯಾದರೆ ಒಳಿತು.

ಒಟ್ಟಿನ ಮೇಲೆ ಈ ತೀರ್ಮಾನ ಮಹತ್ತ್ವದ್ದು ಇದರಲ್ಲಡಗಿರುವ ತತ್ತ್ವಗಳು ಸರ್ವಸಾಮಾನ್ಯವಾದುವು ಈ ತತ್ತ್ವಗಳಿಗೆ ಮತ್ತು ಮಾನ್ಯ ಸದಸ್ಯರ ಉದ್ದೇಶಗಳಿಗೆ ನನ್ನ ಸಂಪೂರ್ಣ ಬೆಂಬಲವಿದ್ದರೂ ಈ ತೀರ್ಮಾನವು ಅನಾವಶ್ಯಕ ಮತ್ತು ಅಕಾಲಿಕವಾದುದರಿಂದ ನಾನು ಇದನು ವಿರೋಧಿಸುತ್ತೇನೆ.

The Minister for Labour and Rehabilitation (Shri V B Raju) : Mr Speaker, Sir, This resolution moved by Shri Deshpande seeks to recommend to the Government that................ ..

Mr. Speaker Will it not be better to reply to all the speeches at the end. Only two speeches have been made till now and probably there will be more

شری اناجی راؤ (پربھی)۔ مسٹر اسپیکر۔ سر۔ قبل اسکے کہ میں اپنی تقریر شروع کروں اس رزولیوشن میں ایک امنڈمنٹ لانا چاھتا ھوں ۔ میں نے اس امنڈمنٹ کو سکرٹری صاحب کے پاس پیش کر دیا ھے ۔ وہ اس طرح ھے کہ

(*a*) Re-number clause (*a*) of the Resolution as Clause (1)

(*b*) Insert the following as Clause (2) between clause (*a*) and (*b*) .

"(2) Regarding Employees in the Factory"

(*c*) Renumber clauses (*b*), (*c*), (*d*), (*e*), (*f*) and (*g*) as sub-clauses (*a*), (*b*), (*c*), (*d*), (*e*) and (*f*) of Clause (2)

مسٹر اسپیکر ۔کیا آپ نے آج ھی امنڈمنٹ پیش کیا ھے ۔

شری اناجی راؤ (پربھی) جی ھاں ایک گھنٹہ پہلے ۔

مسٹر اسپیکر ۔کیا آپنے آٹھ بجے دیا تھا ؟

شری اناجی راؤ۔ اسمبلی شروع ھونے کے بعد جب میں اٹھا تھا تو اس وقت میں نے سکریٹری صاحب کو دیا تھا ۔

مسٹر اسپیکر - آپ بحث توکرسکتے ھیں لیکن امنڈمنٹ کے بارے میں غور کرنا ہوگا - میں سمجھتا ہوں کہ امنڈمنٹ کے بارے میں ھاؤس کو غلط فہمی ہوئی ہے - رزولیوشن پر امنڈمنٹس تو دیئے جاسکتے ھیں مگر انکے متعلق بھی پریویس نوٹس (Previous Notice) دینا ضروری ہے - ایسی صورت میں امنڈمنٹ کو میں روک نہیں سکتا لیکن آپ نے جو اے - بی - سی - ڈی - ای - ایف فرمایا اس لحاظ سے رزولیوشن کو رکھ سکتے ھیں یا نہیں یہ دیکھنا ہوگا - کیونکہ آج ھاؤس کا رنگ کچھ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ رزولیوشن ختم ہوگا - ابتک صرف دو ھی اسپیچس ہوئی ھیں - رزولیوشن پر آئندہ امنڈمنٹس نہیں ہوسکتے ھیں -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - جو رزولیوشن ھمارے سامنے آیا ہوا ہے اس میں بتایا گیا ہے کہ -

"Fixing of basic wages to all the employees in the factory and in the fields"

یہ ٹھیک ہے لیکن امنڈمنٹ پورے طور پر ممبرس کے سامنے آجائے تو اسکے الفاظ کیا ھیں اس کا ممبرس کو ٹھیک طور پر اندازہ ہوگا - اس وقت تک انکو اندازہ نہیں ہوسکتا

مسٹر اسپیکر - آپ بحث کیجئے - تقریر کا آپکو اختیار ہے - تقریر کے دوران میں آپ کسی خاص چیز پر اسٹرس (Stress) دے سکتے ھیں -

شری اباجی راؤ - جو رزولیوشن ھاؤس کے سامنے پیش ہے اسکے امنڈمنٹ کے بارے میں ڈسکشن ہو رہا ہے -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - پوائنٹ آف انفرمیشن (Point of information) میں نے امنڈمنٹس سے متعلق رولس پڑھے ھیں - ان سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ امنڈمنٹ اب بھی دیا جاسکتا ہے بشرطیکہ اسپیکر صاحب اجازت دیں -

مسٹر اسپیکر - اس میں ھاؤس کو بھی کنوینینس (Convenience) ہو اور دوسرے آنریبل ممبرس بھی اسکو سمجھ سکیں -

شری اباجی راؤ - جو رزولیوشن اس وقت ھاؤس کے سامنے ہے اسکے موور (Mover) نے کہا ہے کہ جتنے ان ایکٹمنٹس (Enactments) ہوئے ھیں ان ان ایکٹمنٹس کے باوجود جہاں اس طرح کے ایکٹس (Acts) نہوں وہاں اس ھاؤس کو اختیار ہے کہ اسکے متعلق بل پیش کرکے ان ایکٹمنٹس کئے جائیں - رزولیوشن کے پہلے جز میں یہ کہا گیا ہے کہ . . . .

"Fixing of basic wages to all the employees in the factory and in the fields"

اس وقت مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ جو مزدور فیکٹری میں کام کرتے ھیں اور جو مزدور زراعت میں کام کرتے ھیں انکے بیسک ویجس (Basic Wages) کا معیار

قایم هونا لازمی هے - زراعت سے میرا تعلق هونے کی وجه سے زراعتی مزدوروں کے پوزیشن کو میں واضح کر دینا چاهتا هوں - آپ جانتے هیں که همارے هاں زراعت میں کلکٹیو فارمنگ (Collective farming) نہیں هیں - اسلئے زراعتی مزدور اسکیاٹرڈ پوزیشن (Scattered Position) میں هے - فیکٹری مزدور تو آرگنائزڈ (Organized) هیں - وہ آرگنائزڈ هوسکتے هیں - لیکن زراعتی مزدوروں کا یه پوزیشن نہیں - آپکو معلوم هوگا که زراعتی مزدوروں کی حدتک اجرت فکس نہیں هے - لینڈ لارڈ جس طرح چاهتے هیں مزدوری دیکر ان سے کام لیتے هیں - یه صحیح هے که چند مقامات پر اجرت دینے کا سوال آتا هے - لیکن کوئی خاص معیار مقرر نہیں - کبھی کبھی انہیں لینڈ لارڈ کچھ قرض دیتے هیں اس قرض کے سود هی میں ان سے پانچ پانچ دس دس سال کام لے لیا جاتا هے - ان کے لئے کوئی ٹائم فکس نہیں - انہیں دن رات کام کرنا پڑتا هے - وہ چوبیس گھنٹے غلام کی حیثیت سے کام کرتے هیں - ان مزدوروں کو بیسک ویجس (Basic Wages) مقرر نه هونیکی وجه سے انہیں کیا دینا چاهئے یه سوال کبھی پیدا نہیں هوتا - آپ جانتے هیں که بہت سے مقامات پر جہاں زراعتی مزدور کھیت میں کام کرتے هیں ان سے بیلوں کی طرح کام لیا جاتا هے - اس سے بڑھکر ان کا کوئی پوزیشن نہیں - انکا گھر هے - سنسار هے اسکا خیال کبھی پیدا نہیں هوتا - انہیں مہینه دو مہینے میں ایک بار بھی اپنے گھر جانے کی اجازت نہیں دیجاتی - اس طرح کام لینے کے بعد بھی انہیں پیٹ بھر روٹی نہیں دیجاتی - انہیں آدھا پیٹ کھا کر کام کرنا پڑتا هے اسلئے زراعتی مزدوروں کی حدتک کوئی بیسک ویج مقرر هونا ضروری هے - آپ نے مینیمم ویجس (Minimum Wages) مقرر کرنے کے لئے ایک ٹائم فکس کیا تھا لیکن اسکے متعلق کوئی عمل نہیں هوا - اسلئے یه ضروری هے که کم از کم دیہاتوں میں جہاں دیہاتی مزدور کھیتوں میں کام کرتے هیں انکے بیسک ویجس مقرر کردئے جائیں - انکی کوئی یونین نہیں - اسکیاٹرڈ (Scattered) هونے کی وجه سے وہ اپنی خواهشات کو مالکوں کے سامنے رکھکر انہیں پورا کرنے کے لئے زور نہیں دے سکتے - انہیں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا هے اسلئے ان معاملات کی حدتک گورنمنٹ زراعتی مزدوروں کے لئے فیکٹری مزدوروں کی طرح بیسک ویجس مقرر کردے - آنریبل ممبرس میں بہت سے لوگ دیہاتوں سے آئے هیں وہ دیہاتوں کی پرستھتی (परिस्थिती) سے نا واقف نہیں هیں - آپکو معلوم هے که زراعتی مزدوروں سے کس طرح کام لیا جاتا هے اس طرح کام لیا جاتا هے جس سے یه معلوم هوتا هے که وہ انسان نہیں هیں - زمیندار یه بھول جاتے هیں که وہ بھی انسان هیں - جو مزدوری انہیں دیجاتی هے اس کا کوئی معیار نہیں - وہ مزدوری اتنی تھوڑی هوتی هے که کھانے یا کپڑے کے لئے بھی کافی نہیں هوسکتی - بچوں وغیرہ کی تعلیم کا سوال تو پیدا هی نہیں هوتا - بچوں کی تعلیم تو اسوقت سوجھتی هے جبکه کھانے کو کھانا اور پہننے کو کپڑا میسر آئے - گو وہ آرگنائزڈ مزدور نہیں هیں لیکن اسکے باوجود بھی گورنمنٹ پر یه فرض عاید هوتا هے که وہ ان مزدوروں کے بیسک ویجس قائم کریں - فیکٹریوں میں آرگنائزڈ لیبر هونے کی وجه سے ان کی پوزیشن

ہوئی ہیں اور وہ اپنی مانگیں اسٹرائک (Strike) کے ہتھیار سے پوری کرلیتے
